روحانی و جسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات میں

June' 2016

ماہنامہ

خزینہ روحانیات

لاہور

Rs.50

جلد نمبر 7
شمارہ نمبر 2

رمضان کریم ۱۴۳۷ھ

اہم اعلان

پشاور/ اسلام آباد/ راولپنڈی کے روحانی علوم سیکھنے
اور روحانی علاج کروانے والوں کیلئے زبردست خوشخبری

جون 2016ء کا شیڈول

پشاور ۔۔۔۔۔۔ مورخہ 4 جون 2016ء بروز ہفتہ

راولپنڈی/ اسلام آباد ۔۔۔۔۔۔ مورخہ 5 جون 2016ء اتوار

رابطہ: 0343-4686217، 0346-4661681

عمل ہمزاد

دستِ غیب بذریعہ مؤکل

سخت جادو اور معوذتین

اِوج زہرہ کا خاص تعویذ

ماہِ رمضان کے وظائف و اعمال

سوکنوں کا جھگڑا اور دوسری شادی

ہاتف سے ہر قسم کی خبر حاصل کرنا

مخفی علوم کے خزانوں سے منتخب اعمال

دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ

کیا آپ چاہتے ہیں کہ مصائب، بلیات، آفات اور پریشانیوں سے محفوظ رہیں

آج ہر انسان پریشان ہے۔ پریشانیوں سے محفوظ رہنے کے لئے رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے: ''بَادِرُوْا بِالصَّدَقَةِ فَاِنَّ الْبَلَائَ لَا یَتَخَطَّاھَا''

ترجمہ: ''مصیبت آنے سے پہلے صدقہ دے دو کیونکہ (صدقہ دیوار کی طرح آڑے آجاتا ہے اور) مصیبت اس کو پھاند کر نہیں آسکتی''۔ (مشکوٰۃ ص 167)

اہل خیر کے دستِ سخا کے منتظر

کہاں ہیں وہ خوش نصیب! جو کارِ خیر میں مال خرچ کرنے سے مال کم ہو جانے کے شیطانی وسوسے کی بجائے اللہ کے اس وعدے پر ایمان رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے راستے میں خرچ کرنے والوں کو بڑھا کر دینے کے علاوہ ان کی مغفرت بھی فرما دیتے ہیں۔

دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ کے اہداف

☆ **ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن** قریہ قریہ بستی بستی قرآن مجید کی تعلیم پھیلانے میں ان کا ساتھ دیجئے۔

☆ **مختلف دینی مدارس** میں مقیم غریب طلبہ کی کفالت یا ان کے اخراجات میں تعاون۔

☆ **ختم نبوت کے مختلف پروجیکٹس** میں مالی امداد کیجئے اور شفاعت نبی کریم ﷺ کے حق دار بنئے۔

☆ **نابینا افراد کی مالی امداد** کر کے ان کے مستقبل کو سنواریے اور ان کی تعلیمی سرگرمیوں میں معاونت کیجئے۔

سحر و افطار فنڈ ۔۔۔ اس رمضان المبارک میں آپ بھی روزہ افطار کرائیں

الحدیث: ''جس نے کسی روزہ دار کا روزہ افطار کرایا، اس کو اتنا ہی اجر ملے گا جتنا روزہ دار کو اور روزہ دار کے ثواب میں کچھ کمی نہ ہوگی''۔ (ابن ماجہ)

☆ مفلس افراد کا کھانا ☆ روزہ داروں کی سحری وافطاری کا انتظام ☆ معتکفین کی سحری وافطاری

روزہ داروں کو روزہ افطار کروانے کے لئے سحر و افطار فنڈ میں بڑھ چڑھ کر دارالعمل چشتیہ کے ساتھ مالی تعاون فرمائیں۔

روزوں کا فدیہ جو حضرات وخواتین روزے رکھنے سے معذور ہیں وہ اپنے روزوں کا فدیہ بھی ٹرسٹ جمع کرا سکتے ہیں جو کہ مستحقین کو دیا جائے گا۔

صدقۃ الفطر عید کی خوشیوں میں بے بس و ناچار افراد کو یاد رکھئے اور صدقہ فطر ادا کر کے ان کی جھولیاں خوشیوں سے بھر دیجئے۔ اس کے علاوہ......

☆ زلزلہ زدگان کی امداد ☆ متاثرین سیلاب کے ساتھ تعاون ☆ مساجد کی تعمیر میں حصہ ☆ مدارس کے اخراجات میں تعاون ☆ امدادی کاروائیوں میں حصہ ☆ غریب بیماروں کا علاج معالجہ ☆ تعلیم حاصل کرنے والے نادار بچوں کی کفالت ☆ مفلوک الحال لوگوں میں ماہانہ راشن کی تقسیم ☆ نادار لوگوں میں ماہانہ وظیفہ کی تقسیم ☆ غریب غرباء کی بنیادی ضرورتوں کا خیال رکھنا۔ اور بہت سے خدمت خلق کے کاموں میں ہمارا ساتھ دیجئے۔ ہزاروں افراد کی دعائیں لیجئے۔ ان تمام صدقات جاریہ میں شرکت کے لئے زکوٰۃ، صدقات، فطرہ، عطیات دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ کو عنایت فرمائیے۔

بہت سی دعاؤں کے ساتھ منتظر

علی مقبول حفظہ اللہ

نقد عطیات (صدقات، زکوٰۃ، خیرات، فطرانہ، فدیہ، کفارہ، قربانی کی رقم وغیرہ) بذریعہ ① بینک ② منی آرڈر ③ موبائل اکاؤنٹ ④ شناختی کارڈ ⑤ خود دفتر آکر جمع کروا سکتے ہیں۔

مزید تفصیلات کے لئے صفحہ نمبر 2 ملاحظہ فرمائیں:

042-35410586, 0322-4773786, 0332-4487877

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ — لاہور

خزینۂ روحانیات

جلد 7 رمضان ۱۴۳۷ھ......جون 2016ء شمارہ 2

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارفؒ حفظہ اللہ

مدیر: مولانا حافظ علی آفاق صاحب

معاون مدیر: مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

نائب مدیر: مولانا حافظ محمد عرفان صاحب

مجلس مشاورت

- غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)
- سید عامر علوی صاحب (لاہور)
- مولانا قاری ابو بکر صاحب (اسلام آباد)
- محمد علیم صاحب (لاہور)
- محمد صالح صاحب (مظفر آباد)
- مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)

سرکولیشن، اشتہارات و شکایات: 0322-4773786

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈوکیٹ ہائی کورٹ)

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Facebook: facebook.com/khazina.ruhaniyaat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت فی شمارہ	سالانہ ممبر شپ عام ڈاک	سالانہ ممبر شپ رجسٹرڈ ڈاک
50 روپے	650 روپے	1000 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ موبی کیش (موبی لنک)۔ ٹائم پے (زونگ)۔ اومنی (یو بی ایل)۔ موبائل پیسہ (وارد)۔ HBL ایکسپریس کے ذریعہ 1-35202-2610215 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ sms کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کرواسکتے ہیں۔
ٹیلی نار 03437727721...... یو پیسہ 33343082867
موبی کیش 03028401977۔ یو بی ایل اومنی 03437772772

4 بینک ڈپازٹ: میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔
برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

نوٹ: رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: darulamal.org/payment

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین............جون سنہ ۲۰۱۶............رمضان المبارک سنہ ۱۴۳۷ھ

حمد باری تعالیٰ

کوئی حرف بھا گیا ہے تجھے میری التجا کا
کہ حساب ہی نہیں ہے مرے رب تیری عطا کا
مری چشم آگہی کو ملا یہ بھی رُخ ثنا کا
کہ جھکی جبیں قلم کی، لکھا نام جب خدا کا
یہ حیات ختم جب ہو، ترا نام زیرِ لب ہو
کہ وہی سبق پڑھوں میں، جو سبق تھا ابتداء کا
تیرا ادنیٰ سا کرشمہ مری زیست کا سبب ہے
کہ عطا کیا ہے تو نے مجھے آسرا ہوا کا
ہو بھنور کہ ہو تلاطم، بس اسے پکار لو تم
کہو ناخدا سے انجم یہاں سب ہے خدا کا

انجم شادانی

امن کا ضامن انصاف

شاہ ایران کسریٰ نے اپنا سفیر ایک خط دے کر امیر المومنین عمر بن خطابؓ کے پاس مدینہ منورہ بھیجا۔ جب وہ مدینہ پہنچا تو اس نے ایوان صدر کے بارے میں پوچھا، اس کا خیال تھا کہ وہ کوئی بہت بڑا بنگلہ ہو گا لیکن اس نے دیکھا کہ امیر المومنین کا گھر بہت چھوٹا ہے جس میں کہیں بھی کوئی علامت ایوان صدر ہونے کی نہیں ہے، اس نے دروازہ کھٹکھٹایا لیکن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو گھر میں نہ پایا، پھر اس نے آپ کے بارے میں دریافت کیا تو اسے بتایا گیا کہ وہ اس درخت کے نیچے سو رہے ہوں گے، چنانچہ جب وہ وہاں پہنچا تو اس نے امیر المومنین کو مٹی پر بغیر بستر کے سوتے ہوئے پایا اور ان کے پاس کوئی سکیورٹی فورس تو درکنار کوئی سکیورٹی گارڈ بھی نہیں تھا، یہ منظر دیکھ کر کسریٰ کے سفیر نے جو بات کہی، تاریخ نے اسے قیامت تک کے لیے محفوظ کر لیا ہے اور وہ یہ کہ:

عَدَلْتَ وَ اَمِنْتَ وَ نِمْتَ یَا عُمَرُ

اے عمر! تو نے انصاف کیا تو تو بلا خوف و خطر میٹھی نیند سو گیا

نعتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ربِّ کعبہ کے سب سے قریں آپ ﷺ کی ذات ہے
ذات کس کی ہے سب سے حسیں آپ ﷺ کی ذات ہے
کس پہ قرآن نازل ہوا ماہِ رمضان میں
کون ہے خاتم المرُسلیں آپ ﷺ کی ذات ہے
آپ آئے تو روشن ہوئے چاہتوں کے دیئے
رحمتوں کی حسیں سرزمیں آپ ﷺ کی ذات ہے
جس کے کردار کے تذکرے لوحِ قرآن میں
ہے لقب جس کا صادق امیں آپ ﷺ کی ذات ہے
فرش پر ہے نہ کوئی مثال اور نہ افلاک پر
پیکرِ دلکش و دلنشیں آپ ﷺ کی ذات ہے
رشک کرتے ہیں اہلِ زمیں، اہلِ خلدِ بریں
معتبر کتنی سلطانِ دیں، آپ ﷺ کی ذات ہے
قلبِ اکرمؔ میں بکھرا ہوا نور ہی نور ہے
یا نبی! اس میں جب سے مکیں آپ ﷺ کی ذات ہے

محمد اکرام اکرمؔ

انتقال پُر ملال

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے لکھاری محترم جناب صوفی عبدالرؤف نظامی صاحب (رینالہ خورد) کے والد گرامی کا مئی 2016ء میں قضائے الٰہی سے انتقال ہو گیا تھا۔ قارئین کرام سے گذارش ہے کہ مرحوم کے ایصال ثواب و بلندئ درجات کیلئے دُعا فرمائیں۔

ادارہ کے سرپرست اعلیٰ جناب خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ اور تمام اراکین ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور دُعا گو ہیں کہ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور ان کی اگلی منازل کو آسان فرمائے۔ آمین۔

(ادارہ)

اداریہ...

مولانا علی آفاق صاحب

رمضان المبارک کی آمد آمد ہے۔ یہ وہ مبارک ماہ ہے کہ جس کی آمد کی دعا اور انتظار خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ماہ رجب کا چاند دیکھتے ہیں شروع فرما دیتے تھے۔

حضور ﷺ کی عادت وعبادات کا معمول سیرت کے سنہرے اوراق پر موجود ہے۔ مگر حضور ﷺ کی سخاوتِ رمضان، ہوا کے پیارے اور سہانے جھونکوں سے زیادہ تیز چلتی تھی۔

آپ ﷺ کی عبادت عام ایام میں راتوں کے جاگنے اور ساری رات عبادات کی وجہ سے پاؤں کے سوجنے کی وجہ سے مشقت اٹھانے اور حضرت عائشہؓ کی اس ریاضت وعبادات میں کمی کی درخواست مشہور ہے جس کے جواب میں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "اے عائشہ کیا میں اللہ کا شکر گزار بندہ نہ بنوں؟" الغرض آپ ﷺ اس ماہ مقدس کی راتوں کو خود بھی اہتمام سے جاگتے اور اپنے اہل خانہ کو بھی شب بیداری کیلئے جگاتے تھے۔ اس مبارک مہینے میں اللہ تعالیٰ نے بخشش، رحمت، آگ سے خلاصی بھی رکھ دی ہے۔ دن کو روزہ، شام اور رات کو افطاری کے ساتھ تراویح کو مزید بخشش ورحمت کا ذریعہ بنا دیا ہے۔ سحری کو رحمت بنایا ہے۔ موقع بموقع بخشش کے بہانے ہیں، قدم قدم پر آگ سے خلاصی کے ذرائع جابجا بکھیر دیئے ہیں۔ اس مبارک مہینے کو مشق اور پریکٹس کا مہینہ بنا دیا۔ گالی گلوچ، جھوٹ، بہتان، غیبت کے متعلق فرما دیا کہ اس سے روزے کے اثرات وبرکات میں فرق پڑتا ہے۔ لہٰذا اس ماہ مبارک میں ان رذائل سے بچنے کی پریکٹس اور مشق کی برکت سے آئندہ گیارہ ماہ پاکیزگی اور رب کی خوشنودی کی زندگی میسر آئے گی۔

قرآن پاک کی تلاوت پر ایک حرف پر دس نیکی مگر اس مبارک ماہ میں 70 گنا اجر کے اضافے کا وعدہ ہے۔

اس حوالے سے میں ایک اہم گزارش اور خوشخبری قارئین کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں کہ دارالعمل چشتیہ کی طرف سے شائع شدہ آیات مبارکہ کے مخصوص مجموعے کو تلاوت کرنے سے 15 منٹ میں 70 قرآن پاک کا ثواب حاصل کیا جاسکتا ہے۔ جس کا اجر رمضان المبارک میں 70 گنا زیادہ ملے گا۔ اس کتابچہ کیلئے کاغذ جناب عارف سعید صاحب (کراچی) نے ہدیہ فرمایا ہے۔ جو کہ تمام کا تمام استعمال ہو گیا۔ اب نئے کاغذ پر اس کی اشاعتی لاگت تقریباً آٹھ روپے فی عدد ہے۔ آپ اس مجموعے کو اپنے عزیز واقارب یا فوت شدہ والدین کے ایصال ثواب کیلئے شائع کر کے تقسیم کروا سکتے ہیں۔ لہٰذا خواہش مند حضرات رابطہ فرمائیں۔

روحانی علوم کے شائقین کے لئے رمضان کے حوالے سے ادارے کا سالہا سال سے ایک مخصوص نصاب مرتب ہے۔ جو دوست نصاب کے جس درجے پر ہیں، وہ اس سے اگلا درجہ حاصل کرنے کے لیے رمضان المبارک سے کم از کم ایک ہفتہ پہلے اپنے متعلقہ اسباق ادارے کے روحانی درسگاہ کے ذمہ داران سے حاصل کرلیں۔

پہلا سبق لفظ "اللہ" اور ساتھ ہی دوسرا سبق "صلی اللہ علیہ وسلم" کے سوا لاکھ کے ورد کا ہے۔ اس سے باطنی اور روحانی درجات میں بلندی اور پاکیزگی نصیب ہوتی ہے۔

رزق کی برکت اور غنیٰ کے حوالے سے سالہا سال کا مجرب عمل حاصل کیجئے جس پر روزانہ صرف 30 منٹ خرچ ہوتے ہیں اور پھر معمول بنا لینے سے ہمیشہ کی فراخی رزق، قرضہ جات سے نجات، تنگدستی کا خاتمہ اور غربت کے سائے ختم ہو جاتے ہیں۔

لہٰذا طالبین وقارئین خزینہ روحانیات آگے بڑھیئے اور عزم کیجئے کہ رمضان المبارک کو عملی اور روحانی اعتبار سے قیمتی بنائیں گے اور تمام قسم کے معاصی سے حفاظت کے حوالے سے آج ہی سے اقدامات کریں گے۔ غیبت نہیں کریں گے اور نہ ہی سنیں گے۔ جھوٹ نہیں بولیں گے۔ ظلم نہیں کریں گے۔ دھوکہ نہیں دیں گے، روزہ صرف بھوک پیاس کا نام نہیں بلکہ ظاہری اور باطنی آلائشوں سے پاکیزگی کے حصول کا نام ہے۔ ورنہ اللہ تعالیٰ کو بھوکا، پیاسا رکھنا مقصود نہیں ہے۔ اس ماہ مبارک میں جن لوگوں کے متعلق حضور ﷺ نے فرمایا کہ جس کو رمضان ملا اور اس کی مغفرت نہ ہوئی وہ حقیقی محروم ہے۔ جس کو رمضان ملا، روزے رکھے، تراویح پڑھی، سحری اور افطاری کی مشقت برداشت کی مگر بخشش سے کوسوں دور رہا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ایسے لوگوں میں سے نہ بنائے اور ایسے اعمال سے ہم سب کو محفوظ فرمائیں۔

جو دوست اور قارئین حافظ قرآن ہیں وہ قرآن پاک کو رمضان سے پہلے اور بعد میں بھی تلاوت کے ذریعے اپنے سینوں کا نور بنائیں۔

دارالعمل چشتیہ کے مختلف شعبوں کے رابطہ نمبرز

روحانی درسگاہ

روحانی درسگاہ میں روحانی علوم سیکھنے کے لیے رابطہ فرمائیں۔ روحانی درسگاہ کے طالب علموں کو اگر روحانی علاج کے سلسلے میں کوئی بات کرنی ہو تو وہ بھی روحانی درسگاہ پر ہی رابطہ کریں، روحانی علاج گاہ پر نہیں۔

ناظم صاحب: 0320/0345-4661681

اوقات: دوپہر 2 بجے تا 5 بجے (جمعہ و اتوار کو فون نہ کریں)

نائب ناظم صاحب: 0346-4661681

اوقات: صبح 10 بجے تا 5 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

....................*..........*..........*

روحانی علاج گاہ

ہر طرح کے مسائل کے حل اور حاجات پوری ہونے کے سلسلے میں روحانی علاج گاہ کے ماہرین سے اعتماد کے ساتھ رابطہ فرمائیں۔

ناظم صاحب: 0324/0344-8439477

اوقات: شام 4 بجے تا 8 بجے (جمعہ و اتوار کو فون نہ کریں)

نائب ناظم صاحب: 0343-4686217

اوقات: صبح 10 بجے تا 5 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

....................*..........*..........*

نوٹ روحانی درسگاہ اور روحانی علاج گاہ سے رابطہ کرنے والے پاکستان سے باہر والے حضرات و خواتین، اتوار کے روز، پاکستانی وقت کے مطابق شام 4 بجے سے 7 بجے، ادارے کے انٹرنیٹ والے نمبر پر رابطہ کر کے ناظم صاحب یا نائب ناظم صاحب سے بات کر سکتے ہیں۔ ادارے کا انٹرنیٹ کا نمبر Viber, IMO, Whatsapp-0322-7772772

مطب العارف

ہر طرح کے جسمانی امراض کے طبی علاج کے سلسلے میں مطب العارف کے معالجین سے اعتماد کے ساتھ رابطہ فرمائیں۔

شعبہ حکمت (یونانی علاج): 0300/0346-4686217

اوقات: صبح 10 بجے تا 5 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

شعبہ ہومیوپیتھی: 0320/0341-4168008

اوقات: صبح 10 بجے تا 5 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

شعبہ ہومیوپیتھی (خواتین): 0322/0340-8401978

اوقات: صبح 10 بجے تا 12 بجے (پیر کو فون نہ کریں)

....................*..........*..........*

خزینۂ روحانیات

خزینۂ روحانیات کے مضامین کے سلسلے میں تمام لکھاری حضرات، ممبران اور قارئین ان نمبرز پر رابطہ فرمائیں۔

مدیر: 0320/0341-4168008

اوقات: صبح 10 بجے تا 5 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

معاون مدیر: 0343-4686217

اوقات: صبح 10 بجے تا 5 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

....................*..........*..........*

نوٹ رقم کی ادائیگی اور سامان کی ترسیل کیلئے 0322-4773786

اوقات: صبح 10 بجے تا 7 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

*......ادارے کی جنرل معلومات کے لیے 0343-7772772

اوقات: صبح 10 بجے تا 5 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

*......درج بالا نمبرز کے علاوہ پرانے نمبرز پر رابطہ نہ فرمائیں۔ **ادارہ**

اصطلاحاتِ تصوّف

صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ

مقامِ حیرت

سالک کے لیے ذکر وفکر بھی قربِ الٰہی کا ذریعہ اور وسیلہ ہے لیکن مقامِ حیرت وہ مقام ہے جس میں تجلّیاتِ الٰہی کی فراوانی کی وجہ سے نہ ذکر کی طرف توجہ رہتی ہے اور نہ فکر کی طرف بلکہ اس مقام پر پہنچ کر سالک کو اُن چیزوں سے استغنا بھی حاصل ہوجاتا ہے اور وہ بحث و مباحثہ سے بھی گریز کرتا ہے۔آنحضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا ہے کہ اَللّٰھُمَّ زِدْنِیْ فِیْکَ تَحَیّرًا۔ ترجمہ:''اے اللہ اپنے بارے میں مجھے زیادہ حیرانی عطا فرمادے''۔

صائب نے کہا ہے:

حیرت مراز ہر دو جہاں بے نیاز کرد

ایں خواب کار دولتِ بیداری کُند

ترجمہ:''مقامِ حیرت نے مجھے دونوں جہانوں سے بے نیاز بنادیا ہے۔یہ خواب بیداری کی دولت کے کام انجام دیتا ہے''۔

اس مقام کی ابتدا سالک کو دنیا میں حاصل ہوجاتی ہے اور اس کی تکمیل میدانِ حشر میں اُس وقت ہوگی جبکہ اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ اُحِلُّ عَلَیْکُمْ رِضْوَانِیْ فَلَا اَسْخَطُ اَبَدًا۔ ترجمہ:''میں تم پر اپنی رضا نازل کرتا ہوں اب کبھی ناراض نہ ہوں گا''۔

مقامِ رضا

مقامِ رضا سالک کا وہ مقام ہے جس میں وہ مصائب اور ذلت کو مقصود بالذات سمجھ کر برداشت کرتا ہے اور ان حالات میں بھی اُس کے نفس کی وہی کیفیت رہتی ہے جو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے بہرہ ور ہونے میں ہوتی ہے۔حضرت رابعہ بصریؒ سے کسی نے اس مقام کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے فرمایا کہ''اِذَا سَرَّتْہُ الْمُصِیْبَتَہُ کَمَا سَرَّتْہُ النِّعْمَتُہُ۔

ترجمہ:''یہ مقام سالک کو اُس وقت حاصل ہوتا ہے جبکہ وہ مصیبت میں بھی وہی خوشی محسوس کرے جو اُس کو نعمت کے وقت حاصل ہوتی ہے''۔

عقلِ معاش

وہ عقل جو دنیوی امور میں تیز ہو اور آخرت سے نابلد ہو وہ عقلِ معاش ہے۔

عقلِ معاد

وہ عقل جو دینی اور اُخروی معاملات میں تیز ہو اُس کو عقلِ معاد کہا جاتا ہے۔اسے عقلِ کلی، عقلِ کامل، عارف کی عقل سے بھی تعبیر کیا گیا ہے۔

الہام

اسی کو حکمت، علمِ لدُنی، فیض، فتح اور کشف سے تعبیر کیا جاتا ہے۔یہ وہ علم ہوتا ہے جو اولیاء کے قلوب پر خدا کی جانب سے نازل کیا جاتا ہے۔جو علم انبیاءؑ اور رسولوں کو عنایت ہوتا ہے اُس کو وحی کہا جاتا ہے۔اُس کی اگر تلاوت بھی ہوتی ہے تو وہ وحی متلو کہلاتی ہے جیسا کہ قرآن، توریت، زبور اور انجیل۔اگر اُس کی تلاوت نہ ہو تو اُس کو حدیث سے تعبیر کیا جاتا ہے۔وحیِ خداوندی خلل اور غلطی سے بالکل محفوظ اور مبرا ہے، الہام میں غلطی کا احتمال ہوتا ہے، اسی لیے بسا اوقات انسان اِلقاءِ شیطانی کو الہام سمجھ بیٹھتا ہے۔صاحب بحرالعلوم نے فرمایا ہے کہ بندے کے دِل میں اِلقاء ہوتا ہے وہ کبھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے، کبھی فرشتے کی طرف سے اور کبھی نفس اور شیطان کی طرف سے ہوتا ہے،غور کرلینا چاہیئے اگر وہ اِلقاء عشق ومحبت کا باعث ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور اگر وہ اطاعت اور فرمانبرداری کا سبب ہے تو فرشتے کی جانب سے ہے اور اگر وہ اِلقاء کفران اور طغیان پیدا کرنے والا ہے تو وہ نفس اور شیطان کی طرف سے ہے۔پھر یہ بھی سمجھ لینا ضروری ہے کہ شیطان بھی بسا اوقات نیکی کی طرف دعوت دیتا ہے اور اُس ترغیب سے اُس کا مقصود کسی اعلیٰ نیکی سے غافل کرنا مقصود ہوتا ہے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ

اِنَّ لِلشَّیْطَانِ لِمَّۃٌ بِابْنِ آدَمَ وَلِلْمَلَكِ لِمَّۃٌ فَاَمَّا لِمَّۃُ الشَّیْطَانِ فَاِیْعَادٌ بِالشَّرِّ وَتَکْذِیْبٌ بِالْحَقِّ وَاَمَّا لِمَّۃُ الْمَلَكِ فَاِیْعَادٌ بِالْخَیْرِ وَتَصْدِیْقٌ بِالْحَقِّ فَمَنْ وَجَدَ ذٰلِكَ فَلْیَعْلَمْ اَنَّہٗ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَمَنْ وَجَدَ الْاُخْرٰی فَلْیَتَعَوَّذْ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ۔

ترجمہ:''شیطان آدمی کے دِل میں بات ڈالتا ہے اور فرشتہ بھی ڈالتا ہے۔شیطان کی ڈالی ہوئی بات برائی کا وعدہ اور حق کو جھٹلانا ہوتا ہے۔اور فرشتے کا ڈالنا بھلائی کا وعدہ اور حق کی تصدیق ہوتی ہے تو جو یہ محسوس کرے وہ سمجھ لے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہے اور وہ پہلی بات ہو تو سمجھ لے کہ وہ شیطان کی جانب سے ہے اور فوراً شیطان سے خدا کی پناہ پکڑے''۔

(مثنوی مولانا روم۔دفتر سوم)

مُرید

بے عقیدہ مُرید یا طالب کو کہا جاتا ہے۔

مرید

وہ فرد ہے جو اپنے ارادہ کو ارادۃ اللہ میں محو وفنا کردے اور اُسے یقین حاصل ہو کہ جو کچھ ہوتا ہے۔ارادہ حق سبحانہ سے ہوتا ہے۔یہ شخص راضی بہ رضائے حق ہوتا ہے۔

مُراد

پکے ارادہ والا مُرید یا طالب جو منزل کو حاصل کر چکا ہو۔

طلب

یہاں طلب سے مراد طلب مولیٰ ہے کیونکہ اہل تصوف کے ہاں یہی ایک طلب ہے۔طلب کامل اور طلب صادق اسے کہتے ہیں کہ شب وروز اپنے مولیٰ کی یاد سے غافل نہ ہو اور دنیا وآخرت کی نعمتوں کی طرف بالکل متوجہ نہ ہو اور ہر روز بلکہ ہر آن طلب بڑھتی جائے۔

طالب

اس سے بھی طالب حق مراد ہے۔طالب صادق وہی ہے جس کی طلب ایسی ہو جس کا بیان اوپر ہو چکا ہے۔طالب کسی مقام پر پہنچ کر بس نہیں کرتا۔بلکہ ہر مقام پر پہنچ کر اس سے اعلیٰ کی کوشش کرتا ہے۔کسی نے کیا خوب کہا ہے کہ

ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں
اب دیکھیئے ٹھہرتی ہے جا کر نظر کہاں

درویش

اللہ تعالیٰ کے سچے طالب اور پکے عاشق کو دُرویش کہتے ہیں۔

مُرشد

وہ شخص ہے جو لوگوں کو صراط مستقیم پر چلانے کی سعیِ جمیلہ کرے اور اس کے طریقے بتائے یعنی راہ طریقت کے راہبر کو پیر ومرشد کہا جاتا ہے۔اور سلسلہ بیعت اس کا حضور نبی کریم ﷺ تک صحیح ہو۔

خلیفہ

خلیفہ اللہ انسان کامل کو کہتے ہیں اور جو شخص نبی کا یا کسی ولی کا جانشین ہو، وہ اس کا خلیفہ کہلاتا ہے۔جیسے نبی کریم ﷺ کے خلفاء حضرت صدیق اکبرؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمان غنیؓ، امام اولیاء حضرت علیؓ کرم اللہ وجہہ ہیں اور حضرت علیؓ کے خلفاء حضرت امام حسنؓ، حضرت امام حسینؓ اور کمیل بن زیادؒ وحسن بصریؒ ہیں۔

خرقہ خلافت

پیر ومرشد کے اُس لباس کو کہتے ہیں جو مرید کرتے وقت یا خلافت اور اجازت دینے کے وقت عطا کرے۔اسے خرقۃ التصوف یا خرقہ خلافت بھی کہتے ہیں۔اس میں چند فوائد ہیں۔اول یہ کہ مرید اپنے شیخ (پیر ومرشد) کا سا لباس پہنے تاکہ لباس ظاہری میں بھی پیر ومرشد کی مشابہت نصیب ہو۔دوسرے یہ کہ پیر ومرشد کے عطاء کئے ہوئے لباس سے مرید کو پیر ومرشد کی برکات حاصل ہوتی ہیں۔تیسرے یہ کہ خرقہ عطا کرنے کے وقت پیر ومرشد کی ایک خاص حالت ہوتی ہے۔اور اللہ تعالیٰ کا خاص کرم ہوتا ہے وہ یہ کہ پیر ومرشد اپنی نورِ بصیرت سے مرید کے حال کو دیکھتا ہے۔اس میں جو کچھ کمی پاتا ہے اُسے پورا کر دیتا ہے اور اپنے جیسا بنا دیتا ہے۔چوتھے یہ کہ خرقہ کی برکت سے مرید کو مرشد سے محبت بڑھتی ہے۔اور ہمیشہ کے لیے اتصال قلبی قائم ہو جاتا ہے۔چنانچہ حضور اکرم ﷺ نے ایک خرقہ حضرت اویس قرنیؓ کو عطا فرمایا اور ایک خرقہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو مرحمت کیا۔اس سنت کو مشائخ طریقت نے برابر جاری رکھا ہے اور ظاہری امور کی حفاظت ودوستی کو بھی خرقہ کہتے ہیں۔

خوف

امام غزالی رحمہ اللہ

خوف کی زیادتی مذموم ومضر ہے

خوف درحقیقت ایک چابک ہے جو انسان کو سعادت ابدی کی جانب دوڑاتا ہے۔ لہٰذا اسی حد تک پسندیدہ ہے جب تک کہ نیکوکاری کا آلہ کار بنے۔ یعنی اتنا زیادہ نہ ہو کہ بے کار بنادے اور مایوسی کی حد تک پہنچا کر اعمال چھڑادے۔ ایسا حد سے بڑھا ہوا خوف جس سے ناامیدی پیدا ہو جائے شرعاً مذموم (بڑا خراب) ہے کیونکہ حدیث میں آتا ہے کہ ”ایمان...... **خوف اور امید کے درمیان ہے**“۔ پس خوف کے ساتھ رجاء یعنی امید بھی ضروری ہے۔ البتہ گناہ گار مسلمان کو خوف غالب رکھنا چاہئے اور جب دیندار بن جائے تو دونوں مساوی درجہ پر رکھے۔ چنانچہ حضرت عمر فاروقؓ نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا: ”**اگر اللہ کا حکم صادر ہو کہ ساری مخلوق میں سے صرف ایک شخص جنت میں جائے گا تو امید کرتا ہوں کہ وہ شخص میں ہی ہوں اور اگر فرمان صادر ہو کہ دوزخ میں صرف ایک ہی شخص داخل ہوگا تو مجھے خوف ہے کہ وہ شخص کہیں میں ہی نہ ہوں**“۔ یہ حالتِ مساوات ہے، جس میں خوف ورجاء دونوں کے پلے برابر ہیں۔

جوانی میں خوف اور بڑھاپے میں رجاء کا غلبہ مفید ہے

یاد رکھنا چاہیے کہ جوانی وتندرستی کے زمانہ میں مسلمان کو خوف غالب رکھنا چاہئے کہ اس غلبۂ شہوت کے زمانہ میں شہواتِ نفسانیہ کے توڑنے اور منزلِ مقصود تک پہنچنے کے لیے، مہذب بنانے کو خوف کے کوڑے کی ضرورت ہے اور بڑھاپے یا مرض کے زمانہ میں جب تک کہ موت قریب ہو تو رجاء یعنی امید کو غالب رکھنا چاہئے کہ اول تو ضعف ونقاہت اور مرض کی وجہ سے کچھ ہوتا ہی نہیں، پھر اگر اس حالت میں خوف کا غلبہ ہوا تو جو کچھ ہو رہا ہے اتنا بھی نہ ہوسکے گا اور بالکل ہی ہاتھ پاؤں پھول جائیں گے۔ حدیث میں آیا ہے کہ ”**مسلمان کو مرتے وقت اپنے اللہ کے ساتھ نیک گمان رکھنا چاہیے**“۔

خوف کی حقیقت اور اسے حاصل کرنے کا طریقہ

خوف کے حقیقی معنی یہ ہے کہ کسی آنے والی تکلیف کے اندیشہ سے دل دُکھے اور سوزش پیدا ہو اور ظاہر ہے کہ جب تک اللہ تعالیٰ کی صفات جلالیہ کی معرفت حاصل نہ ہوگی، اس وقت تک خوف پیدا نہ ہوگا۔ اور جب یہ اچھی طرح ذہن نشین ہو جائے گا کہ اللہ تعالیٰ ہر چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی چیز پر ایسا قادر ہے کہ دم بھر میں جو چاہے کرے کہ مخلوق میں کوئی شخص چوں بھی نہیں کرسکتا تو اس وقت خوف وخشیت پیدا ہو جائے گی۔

پس اگر خوف پیدا کرنا ہو تو اللہ تعالیٰ کے جلال اور اس کی بے نیازی پر نظر کرو اور سوچو کہ جنت پیدا اور اس میں جانے والی مخلوق بھی تجویز ہو چکی اور اسی طرح دوزخ بھی موجود ہے اور اس کی سزا اور مخلوق بھی معین ہو چکی ہے اور سعادت وشقاوت یعنی خوش قسمتی اور بدنصیبی کا قطعی حکم ہر شخص کی تقدیر میں لکھا جا چکا ہے، جس میں کچھ تغیر وتبدل نہیں ہوسکتا۔ اور اس ازلی حکم کا کوئی روکنے والا نہیں۔ پس اے نفس! معلوم نہیں کہ تیرے حق میں کیا حکم صادر ہوا ہے؟ اور تیرا خاتمہ کس حال میں ہونا لکھا ہے؟ ممکن ہے تو جنت میں جائے اور یہ بھی ممکن ہے کہ تیرے لیے جہنم کی دائمی سزا تجویز ہوئی ہو۔

خوب یاد رکھو کہ انجام کے مخفی وپوشیدہ حال سے نڈر وہی شخص ہوسکتا ہے جس کو حقیقی معرفت حاصل نہ ہو۔ لہٰذا مناسب ہے کہ ان کاملین اور خاصانِ خدا کے حالات پڑھا اور سنا کرو جن کو معرفت میں کمال حاصل ہے یعنی انبیائے کرام علیہم السلام اور اولیاء وعلماء واہل بصیرت رحمہم اللہ تعالیٰ۔

خلاصہ یہ ہے کہ خوفِ عذاب کے باعث معاصی اور اللہ کی نافرمانیوں سے رکنا چاہیے۔ اور رحمتِ الٰہی کے سبب نیکیوں میں رغبت ہونی چاہیے۔ پس خوف کو اسی وقت معتبر سمجھو جب کہ وہ تم کو معصیت سے روکے اور گناہ کی جرأت نہ ہونے دے۔ اور اگر یہ حاصل نہ ہو تو خوف نہیں بلکہ عورتوں جیسی رقتِ قلبی اور وہم وخیال ہے، جس کا کچھ اعتبار نہیں۔

فائدہ: خوف کی علامت گناہوں سے بچنا ہے، اگر ہو جائے تو فوراً توبہ واستغفار کرنا۔

روحانی و مخفی علوم پر کتب کا ذخیرہ

خط و کتابت: مکتبۃ العارف، دار العمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور
042-35410586, 0332-4487877, 0322-4773786

ممبران، علماء، عاملین اور خواص کے لیے زبردست ڈسکاؤنٹ

روحانی، طبی اور اسلامی Printed کتب کی مکمل فہرستیں طلب فرمائیں اور جلد ہی اپنا آرڈر بک کروائیں۔

نام کتاب	مصنف	قیمت
کرشمات ہدہد	سید ابوالاسد وارثی	80
کاروباری الجھنوں کا روحانی علاج	مفتی شکیل احمد نقشبندی	120
کتاب التعویذات المعروف الدعاء والدواء	نواب سید صدیق الحسن خانؒ	180
فضائل توبہ و استغفار	مولانا مفتی محمد عاشق الٰہی بلند شہری	170
صبح و شام کے اذکار و حفاظت کی دعائیں	ڈاکٹر فرحت ہاشمی	80
عملیات، دعائیں اور عبادات	علامہ اکرام اللہ صدیقی	185
علاج قرآنی	الشیخ سعید بن علی بن وھف القحطانی	105
عملیات و تعویذات کے شرعی احکام	حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ	200
لکیریں بولتی ہیں	محمد فضل شیخ	200
شمع شبستان رضا (اول تا چہارم)	اقبال احمد نوری	450
خصائص اسمائے الحسنیٰ	مولانا محمد واحد بخش غوثوی	175
کرشمات حاضرات تسخیر الارواح	شیخ محمود احمد قادری	300
شرعی دم سے علاج مگر کیسے؟	ابو مسلم غازی بن محسن قریفہ	400
شریر جادوگروں کا قلع قمع کرنیوالی تلوار	الشیخ وحید عبدالسلام بالی	220
شفاء المریض مع علاج المریض	مولانا امان اللہ خان صاحبؒ	100
شریعت اور روحانیت	مولانا غلام مصطفیٰ	150
شفا کی دعائیں	ڈاکٹر فرحت ہاشمی	60
ستارہ گنجینہ اسرار العملیات	علامہ شفق رام پوری	300
خواب نامہ تعبیر نامہ	صفدر شاہین	150
سدا ہیلنگ انرجی	اے صمد مسافر	200
گلزار تعویذات	فضل الرحمن فیضان ادیب	90
غربت کا خاتمہ	ابو طلحہ محمد اظہار الحسن محمود	200
علم الاعداد سیکھیے	ڈاکٹر سلطان سرمد	300
عملیات جہانگیری	صوفی شرف الدین احمد	200
کنز الحسین	سید غلام حسین رمال رضوی	160

قرآنی سورتیں اور ان سے علاج	محمد علی چراغ	425
رحمت للعالمین ﷺ کی دعائیں	محمد سلیم صدیقی	150
رہنمائے علم الاعداد	ملک کریم بخش	240
روحانی بیماریاں اور ان کا علاج	حافظ ابن قیم حنبلیؒ	300
روحانی طب	ڈاکٹر سید امجد علی جعفری	120
دوران سال 12 ماہ کی نفلی عبادات مسنونہ	امیر علی خاں	120
لطف اللطیف جل جلالہ	حضرت مولانا محمد مسعود ازہر	220
علم الاعداد اس کے حقائق اور رموز	منصور احمد بھٹی	410
مراقبہ میں کامیابی کے نو مراحل	ڈاکٹر سام پرسادونود	190
علاج بالقرآن	پیرزادہ سید محمد مبین ہاشمی	400
علاج قرآنی	الدواء القرآنی للجن والمس الشیطانی	210
سچا خواب نامہ حضرت یوسفؑ		250
رہنمائے علم النجوم و دست شناسی	سہیل انصاری ایڈووکیٹ	450
رزق اور اس کی دعائیں	پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی	150
رموز مقطعات اور عملیات کے بنیادی اصول	مولانا شاہ محمد حفظ الرحمن	280
روحانی عملیات کی سب سے بڑی کتاب	پیر سید ارتضیٰ علی کرمانی	400
روحانیت اور شعوز زندگی	قمر اقبال صوفی	200
روزانہ کی نفلی نمازیں	امیر علی خاں	120
دعا بذریعہ اسماء الحسنیٰ	سید عامر حسن	140
دعوت روحانیت	السعید محمد یوسف الہندی	240
دعا مومن کا ہتھیار	زاہد محمود قاسمی	190
دعا جو جنتوں کے دروازے کھول دیتی ہے	عرفان حسن صدیقی	120
کتاب الحب	میاں محمد اعظم مہاروی	250
مجربات اکابر	ادارہ تالیفات اشرفیہ	600
عملیات اکابر	مجموعہ افادات	480
مستند مجموعہ وظائف	مولانا ارسلان بن اختر	200 net

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, info@darulamal.org

یا اول اور یا آخر کے خواص اور اثرات......حضرت مولانا انظر شاہ کاشمیریؒ

یا اول کے خواص اور اثرات

یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد سینتیس (۳۷) ہیں۔

حصولِ اولادِ نرینہ

جس شخص کے لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو، وہ یہ وظیفہ چالیس (۴۰) دن روزانہ (۴۰) بار پڑھتا رہے۔ بحکم خدا، اس کی مراد پوری ہوگی۔

نیک اعمال کی توفیق ہو اور جملہ مرادیں پوری ہوں

جس شخص کی طبیعت نیک کام کرنے کی طرف نہ جمتی ہو اور سخاوت اور خیرات کا جذبہ نہ ہو، وہ ہر نماز کے بعد بیس (۲۰) مرتبہ یہ وظیفہ پڑھا کرے تو نیک اعمال کی توفیق ہو اور جملہ مرادیں پوری ہو جائیں۔

تسخیر خلائق

جو شخص تسخیر کی نیت سے اس کو بکثرت پڑھے، تمام مخلوق اس پر مہربان ہو جائے۔

مسافر خیریت سے واپس آجائے

اگر کوئی مسافر اس کو روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے تو جلدی اپنے عزیزوں سے جا ملے اور بخیر و عافیت، بامراد واپسی ہو۔

الاول کا نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

۱۱	۱۷	۹
۱۰	۱۲	۱۵
۱۶	۸	۱۳

یا آخر کے خواص اور اثرات

یہ اسم مشترک اور اس کے اعداد آٹھ سو ایک (۸۰۱) ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے سوا چین نہ آئے

جو شخص اس نام کے وظیفہ کو پڑھے، اس کی یہ کیفیت ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اسے چین ہی نہ آئے۔

خاتمہ بالخیر کے لیے

اگر کوئی آخری عمر کو پہنچ گیا ہو اور کوئی نیک عمل کرنے کی توفیق نہ ہوتی ہو، وہ اس اسم پاک کا وظیفہ کثرت سے پڑھتا رہے، ان شاء اللہ خاتمہ بخیر ہو۔

مخلوقِ خدا مہربان ہو

اور اگر کوئی اپنی عزت بڑھائے اور قلوب میں توقیر قائم کرنے کی نیت سے اس کو پڑھے، مخلوق خدا اس پر مہربان ہو جائے۔

الآخر کا نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

۲۶۶	۲۷۱	۲۶۴
۲۶۵	۲۶۷	۲۶۹
۲۷۰	۲۶۳	۲۶۸

انسان کا خسارہ کیا ہے؟

امام رازی رحمہ اللہ نے کسی بزرگ کا قول نقل کیا ہے کہ میں نے سورۂ عصر کا مطلب ایک برف فروش سے سمجھا جو بازار میں آواز لگا رہا تھا کہ ”رحم کرو اس شخص پر جس کا سرمایہ گھلا جا رہا ہے، رحم کرو اس شخص پر جس کا سرمایہ گھلا جا رہا ہے“۔ اس کی یہ بات سن کر میں نے کہا کہ ”یہ ہے، والعصر ان الانسان لفی خسر کا مطلب۔ عمر کی جو مدت انسان کو دی گئی ہے، وہ برف کے گھلنے کی طرح تیزی سے گزر رہی ہے۔ اس کو اگر ضائع کیا جائے یا غلط کاموں میں صرف کر ڈال جائے تو یہی انسان کا خسارہ ہے“۔

سورئہ بقرہ کی دعائیں

مرتب: مولانا محمد عرفان

سب سے بہترین دعائیں وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی مقدس کتاب ''قرآن مجید'' میں وارد ہوئی ہیں۔ ان دعاؤں کا اہتمام کرکے ان کے انوارات حاصل کیجئے اور ان کی برکات سے محظوظ ہوئیے۔

ان کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری دعا قبول فرما کر ہم پر اپنا فضل بھی فرمائے گا۔

سورۂ بقرہ کی دعائیں

*...... سُبۡحٰنَكَ لَا عِلۡمَ لَنَاۤ اِلَّا مَا عَلَّمۡتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَلِيۡمُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۳۲﴾

ترجمہ: تو پاک ہے۔ جتنا علم تو نے ہمیں بخشا ہے، اس کے سوا ہمیں کچھ معلوم نہیں۔ بے شک تو دانا (اور) حکمت والا ہے۔

*...... اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ اَنۡ اَكُوۡنَ مِنَ الۡجٰهِلِيۡنَ ﴿۶۷﴾

ترجمہ: میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ نادان بنوں۔

*...... رَبِّ اجۡعَلۡ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارۡزُقۡ اَهۡلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنۡ اٰمَنَ مِنۡهُمۡ بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ ﴿۱۲۶﴾

ترجمہ: اے پروردگار، اس جگہ کو امن کا شہر بنا اور اس کے رہنے والوں میں سے جو خدا پر اور روزِ آخرت پر ایمان لائیں، ان کے کھانے کو میوے عطا کر۔

*...... رَبَّنَا تَقَبَّلۡ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۱۲۷﴾

ترجمہ: اے پروردگار، ہم سے یہ خدمت قبول فرما۔ بے شک تو سننے والا (اور) جاننے والا ہے۔

*...... رَبَّنَا وَاجۡعَلۡنَا مُسۡلِمَيۡنِ لَكَ وَمِنۡ ذُرِّيَّتِنَاۤ اُمَّةً مُّسۡلِمَةً لَّكَ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبۡ عَلَيۡنَا ۚ اِنَّكَ اَنۡتَ التَّوَّابُ الرَّحِيۡمُ ﴿۱۲۸﴾

ترجمہ: اے پروردگار، ہم کو اپنا فرمانبردار بنائے رکھیو۔ اور ہماری اولاد میں سے بھی ایک گروہ کو اپنا مطیع بنائے رہیو اور (پروردگار) ہمیں طریق عبادت بتا اور ہمارے حال پر (رحم کے ساتھ) توجہ فرما۔ بے شک تو توجہ فرمانے والا مہربان ہے۔

*...... رَبَّنَاۤ اٰتِنَا فِى الدُّنۡيَا حَسَنَةً وَّفِى الۡاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾

ترجمہ: پروردگار ہم کو دنیا میں بھی نعمت عطا فرما اور آخرت میں بھی نعمت بخشیو اور دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھیو۔

*...... رَبَّنَاۤ اَفۡرِغۡ عَلَيۡنَا صَبۡرًا وَّثَبِّتۡ اَقۡدَامَنَا وَانۡصُرۡنَا عَلَى الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۲۵۰﴾

ترجمہ: اے پروردگار ہم پر صبر کے دہانے کھول دے اور ہمیں (لڑائی میں) ثابت قدم رکھ اور (لشکر) کفار پر فتحیاب کر۔

*...... غُفۡرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيۡكَ الۡمَصِيۡرُ ﴿۲۸۵﴾

ترجمہ: اے پروردگار، ہم تیری بخشش مانگتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

*...... رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَاۤ اِنۡ نَّسِيۡنَاۤ اَوۡ اَخۡطَاۡنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَاۤ اِصۡرًا كَمَا حَمَلۡتَهٗ عَلَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعۡفُ عَنَّا وَاغۡفِرۡ لَنَا وَارۡحَمۡنَا اَنۡتَ مَوۡلٰٮنَا فَانۡصُرۡنَا عَلَى الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۲۸۶﴾

ترجمہ: اے پروردگار اگر ہم سے بھول یا چوک ہوگئی ہو تو ہم سے مؤاخذہ نہ کیجیو۔ اے پروردگار ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈالیو جیسا تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا۔ اے پروردگار جتنا بوجھ اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں اتنا ہمارے سر پر نہ رکھیو۔ اور (اے پروردگار) ہمارے گناہوں سے درگزر کر اور ہمیں بخش دے۔ اور ہم پر رحم فرما۔ تو ہی ہمارا مالک ہے اور ہم کو کافروں پر غالب فرما۔

فہرست کتب فوٹوسٹیٹ

نادر کتب عملیات، تعویذات، وظائف، حاضرات، رمل، جفر، نجوم، پامسٹری، جنات، جادو، آسیب وغیرہ (فوٹوسٹیٹ، امپورٹڈ پیپر)

روحانی، عملیاتی، طبی اور تصوف کے موضوع پر فوٹوسٹیٹ کتب کی مکمل فہرستیں طلب فرمائیں۔ جلد ہی اپنا آرڈر بک کروائیں۔

کتاب	مصنف	قیمت
آیت الکرسی کی عظمت وافادیت	(مولانا سید حسن الہاشمی انڈیا	160
اعمال حزب البحر	(مولانا سید حسن الہاشمی) حیرتناک عملیات کا ذخیرہ	180
اعمال صالحین	(فیصل حمید نقشبندی قادری)	600
السر المظروف فی علم بسط الحروف (عربی)	(الشیخ محمد الشافعی الحنفی)	170
الفوائد القرآنیہ وخواص الآیات (عربی)	سیدی ابی الحسن شاذلیؒ	380
الکبریت الاحمر عربی (اول)	(محی الدین ابن عربیؒ) 536ھ	490
الکبریت الاحمر عربی (دوم)		275
انتخاب الجفر (اسرار نادری)	(میر محمد قادری سروری)	300
اسماء الحسنیٰ	(ترجمہ: احسن شکوہ) اللہ تعالیٰ کے پیارے نام اور ان کے فضائل	255
اوراد ظہیریہ	(جناب پیر ہارون الرشید صاحب)	150
اعمال ناسوتی	(مولانا سید حسن الہاشمی)	215
اصطلاح العملیات	(سید رضی حسین جونپوری)	210
اوراد احسانی	(حکیم احسان علی قادری)	170
آزمودہ بیاض عملیات	حکیم میاں عبدالمنعم ابن حکیم میاں عبدالقادر مرحوم فاضل دیوبند	380
اعداد بولتے ہیں	(سید حسن الہاشمی انڈیا)	400
اوراد ووظائف (معمولات حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ)	جب سب طرف سے مایوس ہوجائے تو یہ کتاب مشکل کشا ثابت ہوگی	240
ارتکاز توجہ	(علامہ شاد گیلانی)	340
اسرار ارسطو جاہی (فارسی)	(صفدر علی خان بن محمد حسن خان)	425
الدر النظیم فی خواص القرآن العظیم (اردو)	(ابو محمد عبداللہ یمنی)	325
الطب الروحانی للجسم الانسانی	امام سنوسیؒ کے سچے روحانی اکسیری عملیات	340
اعجاز عیسوی	عملیات کی ایک قدیم ومکمل کتاب	255
اسرار الجفر مع انوار القمر	محمد عبداللہ لکھنویؒ	300
اسمائے اعظم البرکات	مولانا بقا حسین صاحب فلکی فیروزآباد	135
الفیوضات الربانیہ (عربی)	فضائل ومناقب ودعوات ومواعظ شیخ عبدالقادر جیلانیؒ	380

الدر المنظوم، خلاصہ السر المکتوم عربی فی السحر والطلاسم والرموز	الشیخ محمد الکشناوی الفلانی حصہ اول بڑا سائز حصہ دوم بڑا سائز	600 520
اعجاز سلیمانی عرف نقش آسمانی	جناب فقیر احمد اختر صوفی کرنوی دہلوی	425
الھدایۃ الربانیہ (عربی)	محمد السید النجاتی	255
الزاد ریجۃ الہندسیہ (عربی) (فی کشف الاسرار الخفیہ)	عبدالفتاح السید الطوخی	340
اسباق الرمل	ملازم حسین صاحب (اسلام آباد)	600
الجواہر اللماعہ (اردو ترجمہ)	غلام سرور شباب	460
اسرار المخزونہ (عربی)	امام غزالیؒ	380
تذکرہ اولی الالباب	داؤد انطاکی	425
اصلی تنتر شاستر (جاگتا جادو)	یوگیشور یوگی	240
احسن الاعمال مکمل	سید میر حسن رضوی مرحوم	340
اعجاز یوسفی	حافظ محمد یوسف حنفی گنگوہی	340
اسرار قاسمی (فارسی)	ملا حسین واعظ کاشفیؒ	380
الواح الجواہر افلاطون (اردو)	مولوی سید ابوالحسن مرحوم	255
السر المکتوم (عربی) مولانا عبدالعزیز پرہاروی	اسرار حروف، اعداد اسمائے حسنیٰ، الواح مثلث، مربع مخمس اور ان کی ترکیبیں	255
اعمال مجلہ ستارہ (اول)	مرزا محمود شفق رام پوری	340
اعمال مجلہ ستارہ (دوم)		340
آکاش بانی	پنڈت امان اللہ خان سیالکوٹی	255
النجوم	مولوی حسین الدین جونپوری	440
آفتاب الرمل (دلدار رمل)	حافظ عبدالستار لکھنوی	380
ابجد النجوم	سید ابوالحسن	255
آپ کی تقدیر میں کیا ہے؟	پنڈت سادھو رام اوستھی	300
اعمال مجربہ (سورۃ فاتحہ، یٰسین، مزمل)	محمد عبداللہ لکھنویؒ	300
العلاج الروحانی (علی سعید اسماعیل) (عربی)	العلاج الروحانی لازالۃ السحر والمس الشیطانی وفیہ لقضاء الحاجات	کامل 1050
انجمن حاضرات	ڈاکٹر منشور عالم صدیقی صاحب، قیصر احمد صاحب، ملازم حسین صاحب	560
اشراق الرمل لکھنوی چھاپہ کا عکس	(محبوب علی شاہ نظامی الفخری اصغری)	340

خط وکتابت: مکتبۃ العارف، دارالعمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور 042-35410586, 0332-4487877, 0322-4773786

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, info@darulamal.org

عالم ربانی حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ کے اعمال

مرتب: مولانا قاری ممتاز صاحب

شیطان کے باؤلا (آسیب کا خلل) کرنے کا علاج

جس کو شیطان باؤلا کر ڈالے یعنی جس پر آسیب کا خلل ہو تو اس کے بائیں کان میں یہ آیت سات بار پڑھیں:

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿سُوْرَۃُ صٓ: ۳۴﴾

آسیب کو دفع کرنا اور جلانے کا عمل

اور دفع آسیب کا یہ بھی عمل ہے کہ اس کے کان میں سات بار اذان دے اور سورہ فاتحہ اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور آیۃ الکرسی اور سورہ طارق یعنی والسماء والطارق اور سورہ حشر کی آیتیں یعنی ھو اللہ الذی سے آخر تک اور سورہ صافات ساری پڑھے، آسیب جل جائے گا۔

آسیب زدہ کا علاج

اور آسیب زدہ کے واسطے یہ بھی عمل ہے کہ اس کے کان میں آخر سورہ مومنون کی آیتیں پڑھے:

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

برائے فرزند نرینہ

ایک معتمد شخص نے مجھ کو خبر دی کہ جو عورت سوائے لڑکی کے لڑکا نہ جنتی ہو تو اس کے پیٹ پر گول لکیر کھینچے ستر (۷۰) بار۔ ہر بار انگلی پھیرنے کے ساتھ ''یَامَتِیْنُ'' کہے۔

ڈائن کی نظر بد کا علاج

یہ عمل ہے اس لڑکے کے واسطے جس کو نظر لگانے والی عورت کی نظر لگ گئی (اس عورت کو ڈائن اور ٹھنیا بھی کہتے ہیں)، ایک گول لکیر چھری سے کھینچے، آیۃ الکرسی اور ان آیتوں کو پڑھتے ہوئے:

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا

﴿سُوْرَۃُ بَنِیْ اِسْرَآءِیْلَ: ۸۱﴾

وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ

﴿سُوْرَۃُ یُوْنُس: ۸۲﴾

وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷﴾ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸﴾

﴿سُوْرَۃُ الْاَنْفَالِ: ۷-۸﴾

وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿سُوْرَۃُ الشُّوْرٰی: ۲۴﴾

پھر یہ دعا پڑھے:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّامَّةٍ۔ يَاحَفِيْظُ يَارَقِيْبُ يَاوَكِيْلُ يَاكَفِيْلُ۔

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

﴿سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ: ۱۳۷﴾

پھر چھری کو کنڈل کے اندر گاڑ دے اور کہے ''یا فلانے'' اور اس کا نام لے کر پکارے نظر لگانے کے وقت یا اس وقت جب خود اس کا ذکر کرے تو اس کا اثر باطل ہو جاوے گا۔

عام اجازت کے اعمال

مرتب: محمد علیم صاحب

ہر مشکل میں کامیابی کا عمل

اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آجائے اور وہ حل نہ ہوتی ہو تو اس کے لیے یہ عمل کریں۔ عمل کو کرنے سے قبل دو رکعت نفل نماز پڑھے۔ اس طرح کہ پہلی اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قریش پڑھے۔ اس کے بعد قعدہ میں التحیات درود شریف و دعا کے بعد ایک سو باون (۱۵۲) مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر سلام پھیر دیں اور مشکل کے حل کے لیے دعا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، اس عمل کی برکت سے دو تین دن میں مشکل حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

جادو، نظر بد، لاعلاج امراض سے شفاء یابی

اگر کسی حاسد نے جادو کروادیا ہو یا نظرِ بد لگ گئی ہو یا پھر ایسی بیماری یا بیماریوں میں مبتلا ہو گئے ہوں، جن کے علاج پر بہت پیسہ خرچ کرنے پر بھی شفایابی نہ مل رہی ہو تو ایسے میں یہ عمل بہت کار آمد ہے۔ درج بالا میں سے کوئی ایک مسئلہ ہو یا تینوں مسائل ہوں، ان سب سے نجات کے لیے یہ عمل کریں۔ یقین سے کریں اور مسائل سے نجات پائیں۔

روزانہ نماز فجر کے بعد اول و آخر درود شریف چھ (۶) مرتبہ دو سو (۲۰۰) مرتبہ درج ذیل عمل کو پڑھیں اور پڑھ کر اپنے جسم پر پھونک دیں اور ساتھ ہی روزانہ پینے کے پانی پر بھی دم کریں اور یہی پانی سارا دن پئیں یا مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد صحت یابی ملے گی۔ عمل یہ ہے:

یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَآئِهٖ یَاحَیُّ۔

ذلت وخواری سے حفاظت اور احساس کمتری ختم

جو شخص قدم قدم پر ذلت وخواری کا شکار ہو، احساس کمتری میں مبتلا ہو، اس کے لیے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے یہ نقش بہت مجرب ثابت ہوا ہے۔

یہ ''یَا عَزِیْزُ'' کا نقش ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ذلت، عزت میں بدل جاتی ہے اور احساس کمتری کا مرض ہمیشہ کے لیے ختم ہوجاتا ہے۔ یہ نقش باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر لکھا جائے۔ ایک نقش موم جامہ کر کے گلے میں باندھ لیا جائے اور دوسرا نقش باوضو لکھ کر مریض کو پانی میں گھول کر پلا دیا جائے۔

گلے میں باندھنے کا نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۳	۲۶	۲۹	۱۶
۲۸	۱۷	۲۲	۲۷
۸۱	۳۱	۲۴	۲۱
۲۵	۲۰	۱۹	۳۰

پینے کا نقش یہ ہے:

۷۸۶

۳۲	۲۷	۳۵
۳۴	۳۱	۲۹
۲۸	۳۶	۳۰

تنبیہ اگر گلے میں باندھنے کا تعویذ گلے میں نہ ڈال سکے تو مرد سیدھے ہاتھ کے بازو پر باندھ لے اور اگر عورت باندھنا چاہتی ہے تو بائیں بازو پر باندھے۔

ہر کوئی عزت کرے...... دشمنوں سے حفاظت

عزت کا مقام حاصل کرنے کے لیے یہ عمل بہت مفید ہے۔ اس عمل کی برکت سے دشمنوں کے شر سے بھی حفاظت رہتی ہے۔ باوضو بعد نمازِ عشاء، اول و آخر تین بار درود شریف اور تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ ''یَا عَزِیْزُ'' پڑھیں اور اپنے مقصد کیلئے دعا کریں۔

ان شاء اللہ، معاشرے میں ہر جگہ عزت حاصل ہوگی۔ افسران اور حکام بھی عزت سے پیش آئیں گے۔ دشمنوں کے دل بھی نرم پڑیں گے اور وہ دشمنی میں ناکام ہوں گے۔

جادو کا علاج قرآن و حدیث کی روشنی میں...... میمونہ صدف

ایک نہایت اہم سوال یہ ہے کہ اگر کسی پر جادو ہو جائے تو اس کا علاج کس طرح سے ممکن ہے اور اس کے علاج کے لیے کیا کیا طریقے استعمال کیے جا سکتے ہیں؟ جادو سے نجات کس طرح سے ممکن ہے؟ اور اس سے بچا کیسے جائے؟ قرآن کی کون کون سی آیات ہیں جو جادو کے علاج کے لیے پڑھی جا سکتی ہیں؟ چند نقطوں پر روشنی ڈالتا ہوں۔ امید ہے سب کو پسند آئیں گے۔

(۱)......سب سے پہلے یہ معلوم کریں کہ جادو کس چیز پر کیا گیا ہے؟ مثلاً بالوں پر، کپڑوں پر، کنگھی پر یا کسی اور چیز پر اور وہ چیز کہاں چھپائی گئی ہے؟ اس چیز کو جلا دیں یا ضائع کر دیں۔ اس طرح یہ عمل خود بخود ختم ہو جائے گا۔ لیکن بعض اوقات اگر جادو گوشت یا بکرے کے سر یا پائے پر کیا گیا ہو اور ایسی کوئی چیز آپ کو اپنے گھر سے ملے تو فی الفور کسی عالم باعمل عامل سے مشورہ کر لینا زیادہ بہتر ہے۔ اس مشورے کے بعد ہی اس چیز کو تلف کریں۔

(۲)......اگر یہ معلوم ہو جائے اور شواہد مل جائیں کہ یہ جادو کس نے کیا ہے تو اسے مجبور کیا جائے کہ اس کو ختم کرے (اگر یہ ممکن ہو) لیکن صرف شک کی بنیاد پر کسی کو اس طرح سے مجبور کرنا جائز نہیں ہے۔

(۳)...... پاک صاف ہو کر، باوضو ہو کے، بیری کے ایسے سات پتے لیں جن میں سوراخ نہ ہوں، ان پر سورت بقرہ کی آیت نمبر 102 تین بار پڑھ کر پھونکیں اور یہ پتے پانی میں ڈال دیں۔ سات دن تک سحر زدہ شخص یہ پانی پیتا رہے۔ پانی کم ہونے کی صورت میں پانی میں اضافہ کرتے رہیں۔ یہ پانی گھر یا دکان میں بھی چھڑکا جا سکتا ہے۔ یہ طریقہ کار علماء نے درست قرار دیا ہے۔ (اگرچہ اس طریقہ کار کی حدیث سے کوئی روایت نہیں ملتی تاہم یہ طریقہ کار قرآن سے علاج کا ایک بہترین اور نسبتاً آسان طریقہ ہے)

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۚ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ۭ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۭ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۭ وَمَا هُمْ بِضَاۗرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّھُمْ وَلَا يَنْفَعُھُمْ ۭ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۭ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَھُمْ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝

(۴)......ایک روایت ہے کہ حضرت کعب بن احبارؓ جب مسلمان ہو گئے تو یہودی ان کے دشمن ہو گئے اور ان کی جان کے درپے ہو گئے۔ لیکن آپؓ نے یہ دعا پڑھنا شروع کی جس کی وجہ سے وہ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے۔

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الَّذِىْ لَيْسَ اَعْظَمَ مِنْهُ، وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِىْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ، وَبِاَسْمَاءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ، مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ وَبَرَاَ۔

دعا کا ترجمہ:

ترجمہ: ”میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی مقدس ذات سے جس سے بڑی کوئی ذات نہیں اور اس کے تمام مقدس کلمات سے جس سے کوئی اچھا یا برا تجاوز نہیں کر سکتا اور اس کے تمام اچھے اچھے ناموں کے ساتھ جن کو میں جانتا ہوں یا نہیں جانتا ہر اُس چیز کے شر سے جو پیدا ہوئی اور جس نے وجود پایا اور جس کی تخلیق ہوئی۔

(یہ دعا طبِ نبوی کی متعدد کتابوں میں موجود ہے)۔ یہ دعا جادو سے بچنے کے لیے اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے مجرب ہے۔

(۵)......ابن ابی حاتم نے لیث سے روایت کی ہے کہ جس شخص پر جادو ہو تو یہ آیات پانی پر پھونک کے اس بیمار پر ڈال دیں تو ان شاء اللہ شفا ہو گی۔ وہ آیات مندرجہ ذیل ہیں:

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ۝ فَلَمَّا جَاۗءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ۝ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ

مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا
يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝٨١ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ
الْمُجْرِمُوْنَ ۝٨٢ (یونس:۷۹-۸۲)

قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ
الصّٰدِقِيْنَ ۝١٠٦ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ۝١٠٧ وَّنَزَعَ يَدَهٗ
فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ۝١٠٨ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا
لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ۝١٠٩ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا
تَاْمُرُوْنَ ۝١١٠ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَاَرْسِلْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ۝١١١
يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ۝١١٢ وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا
لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ۝١١٣ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ
الْمُقَرَّبِيْنَ ۝١١٤ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ
الْمُلْقِيْنَ ۝١١٥ قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ
وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ۝١١٦ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ
اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ۝١١٧ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ
مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝١١٨ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝١١٩ وَاُلْقِيَ
السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝١٢٠ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١٢١ رَبِّ مُوْسٰى
وَهٰرُوْنَ ۝١٢٢ (الاعراف:۱۰۶-۱۲۲)

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ۝٦٥
قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ
سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ۝٦٦ فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ۝٦٧ قُلْنَا لَا
تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ۝٦٨ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا
صَنَعُوْا ؕ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝٦٩
(طٰہٰ:۶۵-۶۹)

(۲)......بعض علماء نے ’’رقیہ‘‘ کا طریقہ بھی وضع فرمایا ہے۔ جو کہ مندرجہ ذیل ہے۔ مریض پر قرآن کی آیات (نیچے دی گئی) دم کی جائیں یا پانی پر دم کر کے مریض کو پلایا جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝٢ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝٣ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ
نَسْتَعِيْنُ ۝٤ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝٥ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝٧

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ
لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا
بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ
بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝٢٥٥
(البقرۃ:۲۵۵)

قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ
الصّٰدِقِيْنَ ۝١٠٦ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ۝١٠٧ وَّنَزَعَ يَدَهٗ
فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ۝١٠٨ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا
لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ۝١٠٩ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا
تَاْمُرُوْنَ ۝١١٠ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَاَرْسِلْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ۝١١١
يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ۝١١٢ وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا
لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ۝١١٣ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ
الْمُقَرَّبِيْنَ ۝١١٤ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ
الْمُلْقِيْنَ ۝١١٥ قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ
وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ۝١١٦ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ
اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ۝١١٧ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ
مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝١١٨ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝١١٩ وَاُلْقِيَ
السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝١٢٠ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١٢١ رَبِّ مُوْسٰى
وَهٰرُوْنَ ۝١٢٢ (الاعراف:۱۰۶-۱۲۲)

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ۝٧٩ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ
قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ۝٨٠ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ
مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا
يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝٨١ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ
الْمُجْرِمُوْنَ ۝٨٢ (یونس:۷۹-۸۲)

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ۝٦٥

قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ
سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿٦٦﴾ فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿٦٧﴾ قُلْنَا لَا
تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿٦٨﴾ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا
صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿٦٩﴾

(طٰہٰ: ۶۵-۶۹)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ﴿١﴾ لَآ اَعْبُدُ
مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٢﴾ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ﴿٣﴾ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا
عَبَدْتُّمْ ﴿٤﴾ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ﴿٥﴾ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ
دِيْنِ ﴿٦﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿١﴾ اَللّٰهُ
الصَّمَدُ ﴿٢﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ﴿٣﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿٤﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿١﴾ مِنْ
شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿٢﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿٣﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي
الْعُقَدِ ﴿٤﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿٥﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿١﴾ مَلِكِ
النَّاسِ ﴿٢﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ﴿٣﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ﴿٤﴾ الَّذِيْ
يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿٥﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿٦﴾

اور ان آیات کے ساتھ مندرجہ ذیل دعا جو کہ شریعت میں وضع کی گئی ہے:

اَللّٰهُمَّ أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ، وَاشْفِ فَأَنْتَ الشَّافِي،
لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا (رواہ الترمذی)

ترجمہ: ’’اے ہمارے رب، اے تمام مخلوقات کے رب، برائی کو دور فرما اور صحت عطاء کر، کہ تو صحت عطاء کرنے والا ہے۔ تیرے سوا کوئی نہیں جو صحت عطاء کر سکے، جس میں بیماری نہ ہو‘‘۔

یہ تمام آیات اور دعا مریض کے سر اور سینے پر دم کریں۔ اگر وہ مرض جادو کی وجہ سے ہے تو وہ جاتا رہے گا۔ (مجموعہ فتاوٰی و مقالات۔ الشیخ ابن باز)

(۷)......حضرت عمر فاروقؓ کا طریقہ کار مندرجہ ذیل تھا۔ آپؓ فرماتے ہیں کہ ’’جس نے جادو کیا ہو، اسے مجبور کیا جائے کہ وہ اس کو ختم کرے اور اسے کہا جائے کہ اگر اس نے جادو کو نہ ختم کیا تو اس کا سر تن سے جدا کیا جائے گا۔ اگر وہ جادو ختم کر دے تب بھی اس کی گردن اڑائی جائے‘‘۔ حضرت عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا ’’جادو کی سزا یہ ہے کہ ایسے شخص کی گردن اڑائی جائے‘‘۔

لیکن یہ طریقہ کار شک کی بنیاد پر اختیار نہیں کیا جا سکتا نہ ہی کوئی عام شخص اس طریقہ کار کو اختیار کرنے کا حق رکھتا ہے۔ یہ طریقہ کار صرف قاضی وقت گواہان اور ثبوت کی موجودگی میں اختیار کر سکتا ہے۔ اس سزا کو اس وجہ سے اختیار کیا گیا کہ کسی مسلمان پر جائز نہیں کہ وہ اس شخص کی پیروی کرے جس نے نبی پاک ﷺ پر جادو کیا تھا۔ ایسے شخص کا پیروکار بننے سے وہ شخص نبی پاک ﷺ سے دشمنی کا مرتکب ہو جاتا ہے۔ اسلامی معاشرے میں جادو کرنے والے پر حد نافذ ہونی چاہیے۔

جادو کے خلاف حکومتی سطح پر کام ہونا بھی بے حد ضروری ہے کیونکہ آج تک نہ تو کسی ادارے نے جادو کرنے والے افراد کو تلف کرنے کی سنجیدہ کوشش کی، نہ ہی اس قبیح فعل کی مذمت کی گئی۔ نہ ہی ہمارے ملک کے آئین میں اس قسم کے کام کرنے والے افراد کے لیے کوئی سزا متعین ہے۔ بلکہ آئین اور قانون میں اس عمل کا ذکر تک نہیں ملتا۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کو آج کل ہر گلی محلے، شہر، گاؤں میں جادو کرنے والے افراد کے آستانے نظر آتے ہیں۔ اور یہ لوگ کمزور ایمان والوں یا حالات کے ستائے ہوئے لوگوں کی جان و مال سے کھیلتے ہیں اور بے حد ہولناک واقعات اکثر اخباروں اور میڈیا کی خبروں کی زینت بنتے رہتے ہیں۔ اگر کوئی اس قسم کا شخص پکڑا بھی جائے تو اس کو سزا ہو ہی نہیں سکتی کیونکہ اس عمل کی قانون میں کہیں کوئی شق ہے ہی نہیں۔ اربابِ اختیار کو چاہیے کہ اپنے علاقے میں موجود اس قسم کے آستانوں کا دورا کرتے رہیں۔ خاص طور پر پولیس کو ایسے آستانوں کی کڑی نگرانی کرنی چاہیے تا کہ کسی بھی غیر شرعی فعل کی صورت میں بروقت کاروائی عمل میں لائی جا سکے۔ میڈیا کو، جہاں کہیں خلافِ شریعت کام ہو، اس کی نشاندہی کرنی چاہیے اور مجرموں کو قرار واقع سزا ملنی چاہیے تا کہ کسی اور کو اسلامی معاشرے میں اس قسم کے کام کرنے کی جرات نہ ہو۔

رمضان المبارک کے دو خاص تحفے

1 اللہ

پہلے گیارہ روز سوا لاکھ کے کھلے ورد کی نیت کر کے پڑھیں۔ ہر وقت پڑھتے رہیں اور ساتھ ممکن ہو تو لکھتے رہیں ورنہ جو مناسب طریقہ آپ کو لگے، اس سے حساب رکھیں۔ تہجد کے وقت چار ہزار چار سو چوالیس (۴۴۴۴) مرتبہ خانہ کعبہ کا مراقبہ کر کے پڑھیں۔ مراقبہ میں یہ تصور کریں کہ خانہ کعبہ کے اوپر اللہ کے نور کی بارش ہو رہی ہے اور خانہ کعبہ پر سے ہوتے ہوئے اس نور کے چھینٹے آپ پر بھی گر رہے ہیں۔ اگر اس تصور میں سر درد ہونے لگے تو مراقبہ کے بغیر تعداد پوری کریں۔ روزانہ رات کو ایک نشست میں پڑھنا ہے۔ باقی دن میں جتنا مرضی پڑھیں۔ کوشش کریں کہ اس دوران بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔ اگر کسی قسم کا گوشت نہ کھائیں تو بہت اچھا ہے۔ جو بھی کیفیات اور خواب نظر آئیں، کسی کو ہرگز نہ بتائیں۔ اپنے شیخ و مرشد کو بتائیں یا پھر بندے کو لکھ کر بھیج دیں۔ پڑھنا ''اللہ'' ہے، ''یا اللہ'' نہیں پڑھنا۔ نیز اللہ کی تشدید پر دھیان دے کر پڑھیں۔

2 صلی اللہ علیہ وسلم

تیرھویں (۱۳) روزے سے سوا لاکھ کے کھلے ورد کی نیت کر کے پڑھیں۔ پندرہ (۱۵) دن یا سترہ (۱۷) دن کی نیت کریں۔ پندرہ دن کے حساب سے ستائیسویں (۲۷) روز ختم ہوگا۔ روزانہ اکتیس سو (۳۱۰۰) مرتبہ بوقت تہجد، حضور کے روضہ مبارک کا مراقبہ کر کے پڑھیں۔ مراقبہ میں یہ تصور رکھیں کہ روضہ مبارک کے اوپر اللہ کے نور کی بارش ہو رہی ہے اور روضہ مبارک پر سے ہوتے ہوئے اس نور کے قطرے آپ پر بھی گر رہے ہیں۔ اگر اس تصور میں سر میں درد ہونے لگے تو مراقبہ کے بغیر تعداد پوری کریں۔ روزانہ رات کو ایک نشست میں پڑھنا ہے۔ باقی دن میں جتنا مرضی پڑھیں۔ کوشش کریں کہ اس دوران بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔ اگر کسی قسم کا گوشت نہ کھائیں تو بہت اچھا ہے۔ جو بھی کیفیات اور خواب نظر آئیں، کسی کو ہرگز نہ بتائیں۔ اپنے شیخ و مرشد کو بتائیں یا پھر بندے کو لکھ کر بھیج دیں۔

دعا گو خالد مقبول عفی اللہ عنہ، پوسٹ بکس، 9119 لاہور۔ spiritualist77@gmail.com

سخت جادو اور معوذتین

اسد ڈار صاحب

ایک صاحب اور ان کی بیوی پر کسی جادوگر نے انتہائی سخت جادو کا وار کیا۔ یہ جادوگر اس جادو پر باقاعدہ پہرہ بھی دیا کرتا اور کسی عامل کو اس کا توڑ نہ کرنے دیتا۔ وہ صاحب فرماتے ہیں کہ ان کی بیوی کے ہاں اول تو حمل ہی نہ ٹھہرتا اور اگر ٹھہر بھی جاتا تو ساقط ہو جاتا۔ اگر کسی طرح نو (9) ماہ پورے ہوتے تو بچے کی پیدائش مردہ حالت میں ہوتی۔ یہ صاحب انتہائی باکردار اور پانچ وقت کے نمازی تھے اور بچوں کو مسجد میں قرآن بھی پڑھایا کرتے تھے۔ بہت علاج کروائے، بڑے سے بڑا عامل بلوایا اور علاج کروایا اور ایڑی چوٹی کا زور لگا دیا مگر نتیجہ صفر نکلا۔

ایک دن ایک انتہائی درویش باعمل عالم اور عامل کے پاس جانا ہوا۔ یہ صاحب روحانی تشخیص کے لیے مشہور تھے اور ان کی روحانی تشخیص ایک منٹ کی ہوا کرتی تھی۔ ایک منٹ میں سارا کچا چٹھا کھول کے رکھ دیتے۔ اللہ نے انہیں بہت عطا کیا تھا۔

ان کی خدمت میں یہ صاحب اپنی پریشانی لے کر حاضر ہوئے۔ مولوی صاحب نے بتایا کہ یہ کسی عام زور آور جادوگر کا وار نہیں بلکہ یہ تو کسی خبیث العین (جادو کی دنیا کا انتہائی غلیظ اور ماہر جادوگر) کا وار ہے اور یہ میرے بس سے باہر ہے۔ میں اس عمر میں اتنی سخت محنت نہیں کر سکتا۔ اس کا توڑ بھی کوئی خبیث العین ہی کر سکتا ہے۔ یہ چونکہ مجبور تھے، اس لیے پوچھنے لگے کہ کچھ تو حل ہو گا۔ مولوی صاحب فرمانے لگے کہ سندھ کے فلاں علاقے، فلاں جگہ پر ایک گاؤں کے باہر اسی خبیث العین نے ان دنوں ڈیرہ لگایا ہے۔ تُو فوراً اس کے پاس چلا جا۔

یہ صاحب فوراً سندھ روانہ ہو گئے اور جیسے ہی اس گاؤں کے باہر پہنچے، دور سے ایک آگ کا دہکتا الاؤ لگا ہوا دکھائی دیا۔ انہوں نے بزرگوں کی بتائی ہوئی نشانی دیکھ کر اس کی طرف بڑھنا شروع کیا۔ دور سے دیکھتے ہیں کہ ایک آدمی آگ کے پاس بیٹھا ہوا ہے اور اردگرد اس کے ماننے والوں کا جمگھٹا ہے۔ ابھی ایک ایکڑ دور تھے کہ وہ شخص اچھل کر کھڑا ہو گیا اور زور زور سے چلانے لگا کہ ''وہ دیکھو آ گیا، جادو کا ڈسا۔ وہ آ گیا، قرآن پڑھانے والا''۔ یہ اس کے پاس پہنچے اور اپنا مقصد بتایا۔ اب خبیث العین خوشی سے پاگلوں کی طرح ناچنے لگا اور بولا ''جاؤ فلاں کے پاس، جاؤ فلاں کے پاس، یہ گرہ جو لگی ہے، کھلواؤ اپنے مولویوں سے''۔ غرض اس نے مولوی صاحبان کے ساتھ ساتھ ان صاحب کو بھی برا بھلا کہا اور بڑے بڑے خدائی کے دعوے بھی کیے اور جادو توڑنے سے انکار کر دیا۔

یہ صاحب واپس آئے اور اپنے رب کو پکارا کہ **''یااللہ! یہ بھی مخلوق ہے۔ تُو چاہے تو کیا نہیں ہو سکتا۔ یہ ظالم مجھ پر غالب آ گئے ہیں اور ظلم کرنے سے باز نہیں آ رہے''۔** اور رو رو کے اللہ کے حضور التجائیں کیں۔ دفعتاً دل میں القا ہوا کہ جادو کا توڑ تو آقا ﷺ نے معوذتین سے کیا تھا اور جادو بھی انتہائی سخت بلکہ آخری درجے کا تھا۔ جب آقا ﷺ نے معوذتین سے یہ جادو توڑا تو میں بھی معوذتین ہی پڑھتا ہوں۔

اب انہوں نے اللہ کا نام لیا اور اسی رات سے باوضو ہو کر مسجد میں جا کر معوذتین اس جادو کی توڑ کی نیت سے پڑھنی شروع کی۔ یہ پوری رات پڑھتے رہے اور وقتاً فوقتاً دن کو بھی ورد چلتا رہتا۔ ہر وقت باوضو رہنے لگے۔ غالباً چھٹے دن رات کو اونگھ آ گئی اور اچانک خون کی پوری بالٹی ان کے اوپر جیسے کسی نے گرا دی ہو۔ یہ بہت پریشان ہوئے۔ اور اُٹھے، مسجد کے ساتھ ہی کنواں تھا، وہاں نہائے دھوئے اور کپڑے بھی پاک کیے، مسجد دھوئی۔ اب سوچا بی بی کی بھی خبر لوں۔ گھر پہنچے تو وہاں بھی یہی حال تھا اور بیوی انتہائی پریشان تھی۔ بیوی کو دلاسہ دیا اور فرمانے لگے کہ بھلی مانس، اب کچھ ہلچل ہو گئی ہے۔ ان شاء اللہ، اب کام بن جائے گا۔

ایک نئے ولولے سے اسی رات سے پھر دوبارہ مسجد میں عمل شروع کر دیا۔ نویں دن پھر وہی ہوا۔ اونگھ آئی اور دونوں میاں بیوی پر خون کی بالٹی

گرادی گئی۔ انہوں نے ہمت نہ ہاری اور پڑھنا جاری رکھا۔ تیرہویں دن صبح کے وقت وہی سندھ والا خبیث العین مسجد میں داخل ہوا اور آتے ہی پیروں میں گر کے معافیاں مانگنے لگا۔ ان صاحب نے اسے بولا کہ **"تُو مجھ سے کیوں معافیاں مانگ رہا ہے؟"** کہنے لگا کہ **"اللہ کے واسطے مجھے معاف کردیجئے۔ پھر بتاؤں گا"**۔ انہوں نے معاف کردیا اور وجہ پوچھی۔ کہنے لگا کہ **"آپ میاں بیوی پر جادو میں نے کیا تھا۔ جب آپ مسجد میں عمل کرنے بیٹھے تو میں بھی آپ کے مقابلے پر بیٹھ گیا اور روزانہ میرا کیا ہوا جادو مجھ پر ہی الٹا چلنے لگا اور میرے مؤکل میرے دشمن ہو گئے"**۔ یہ صاحب فرمانے لگے کہ **"اگر یہ بات تو نے مجھے پہلے بتادی ہوتی تو تجھے میں کبھی معاف نہ کرتا۔"**

بہرحال، یہ جادوگر معافی مانگ کر اپنی جان بچا کر واپس سندھ لوٹ گیا۔ کیونکہ اگر وہ معافی نہ مانگتا تو جان سے ہاتھ دھو بیٹھتا۔ انہوں نے اللہ کا شکر ادا کیا مگر جادوگر کی صلح کا اعتبار بھی نہ کیا اور اکتالیس (۴۱) دن مسلسل عمل کرتے رہے۔ اس کے بعد اللہ نے ان کو نرینہ صحت مند اولاد سے نوازا اور دو سے زائد بیٹے عطا فرمائے اور بندش ہمیشہ کے لیے ٹوٹ گئی۔

ہاتف سے ہر قسم کی خبر حاصل کرنا

ماہر علوم مخفی حکیم غلام سرور شباب صاحب

اگر آپ کسی بھی طرح کی خفیہ معلومات یا دُور دراز کی کوئی خبر حاصل کرنا چاہیں تو پاک وصاف خلوت کی جگہ پاکیزہ لباس سے دو رکعت نماز نفل ادا کریں۔

پھر "سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ" آٹھ سو (800) مرتبہ تلاوت کریں۔ پھر اس کے بعد "اَللّٰهُمَّ یَاسَاطِعَ النُّوْرِ الَّذِیْ وَضَعَ الْمَذِلَّةَ عَلٰی رِقَابِ الْجَبَابِرَةِ فَلَا تَسْتَطِیْعُوْنَ رَفْعَ رُؤُسِهِمْ مِنْ خَوْفِ سَطْوَتِهٖ۔" کو ایک سو پچانوے (195) مرتبہ تلاوت کریں۔ پس ہاتف تمہارے پاس حاضر ہوگا اور تجھے خبر دے گا جو کچھ تمہارے دِل میں ہے۔ خواب یا بیداری میں کیونکہ یہ ہاتف خبروں کے لیے ہی چلتا ہے۔ بخور اس عمل کا لوبان ہے۔

نوٹ بغیر اجازت اس عمل کو نہ کریں۔ ع

دستِ غیب بذریعہ مؤکل

ماہر علوم مخفی حکیم غلام سرور شباب صاحب

دستِ غیب کے حصول کے لیے مندرجہ ذیل اسماء کو روزانہ ہر نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ سات یوم تک تلاوت کریں۔ ساتواں دن اتوار کا دن ہونا چاہئے۔ ساتویں یوم عشاء کے بعد ان اسماء کو کثرت کے ساتھ تلاوت کریں۔ اور لوبان کا بخور روشن کریں۔ ان اسماء شریفہ کا خادم حاضر ہوگا۔ جب خادم حاضر ہو جائے تو اُس سے دستِ غیب کا عہد لیں۔ پس وہ سکہ رائج الوقت کچھ تعداد میں روزانہ لا کر دے گا۔ روزانہ پڑھنے والے اسماء یہ ہیں:

"کِیْگَمُوْشِ۔ شَرَاهِیَا۔ خَوْشَلْخٍ۔ سَیْطَرُوْبٍ وَنُوْخٍ وَبِیْرُوْدَ۔ یَابَرَارِشِ۔ سَخِّرْلِیْ یَعْقُوْبَ الْاَزْرَقَ یَخْدِمُنِیْ فِی الْخَطْفِ۔"

دعا کی قبولیت اور حاجات پوری ہونے کی ایک خاص دعا جس کو پڑھنے سے فرشتہ مدد کے لیے آیا

مولانا ارسلان

حضور نبی کریم ﷺ کے زمانے میں ایک تاجر تجارت کیا کرتا تھا۔ اسے ایک چور نے دیکھ کر قتل کا ارادہ کیا۔

اس نے چور سے کہا: ''تو مال لے لے اور مجھے چھوڑ دے''۔

چور نے کہا: ''تجھے قتل کیے بغیر نہیں چھوڑوں گا''۔

اس نے کہا: ''اچھا! اتنی مہلت مجھے دے دے کہ میں دو رکعت نماز پڑھ لوں''۔ نماز سے فارغ ہو کر اس نے دونوں ہاتھ اٹھائے اور کہنا شروع کیا:

يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ يَاذَاالْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَافَعَّالُ لِّمَا يُرِيْدُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِىْ مَلَأَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ وَ بِقُدْرَتِكَ الَّتِىْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰى خَلْقِكَ وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِىْ وَسِعَتْ كُلَّ شَىْءٍ يَامُغِيْثُ اَغِثْنِىْ يَامُغِيْثُ اَغِثْنِىْ يَامُغِيْثُ اَغِثْنِىْ

ترجمہ: ''اے دوست رکھنے والے، اے دوست رکھنے والے، اے دوست رکھنے والے، اے عرش بزرگ کے صاحب، اے اپنے ارادے کے کر گذرنے والے، میں تیری ذات کے نور کے طفیل سے، جس نے تیرے ارکان عرش کو بھر دیا اور تیری قدرت کے طفیل سے، جس سے تو اپنی مخلوق پر قادر ہوا اور تیری رحمت کے طفیل سے، جس میں ہر شے کی گنجائش ہے۔ اے فریاد رس، میری فریاد رسی کر۔ اے فریاد رس، میری فریاد رسی کر۔ اے فریاد رس، میری فریاد رسی کر''۔

اسی طرح اس نے تین مرتبہ پڑھا تھا کہ ایک فرشتے نے اتر کر اس چور کو قتل کر دیا اور تاجر سے کہا کہ ''سن! میں تیسرے آسمان کا فرشتہ ہوں۔ جب تو نے پہلی بار یَا مُغِيْثُ اَغِثْنِىْ (یعنی اے فریاد رس، میری فریاد کو پہنچ) کہا تو آسمان کے دروازوں سے چرچراہٹ کی آواز ہمیں سنائی دی اور دوسری بار کہنے سے آسمان کے دروازے کھل پڑے اور آگ کی طرح ان میں سے چنگاریاں نکلنے لگیں اور تیسری بار کہنے سے حضرت جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے اور کہنے لگے کہ اس بے چین کی کون مدد کرتا ہے؟ میں نے کہا: میں حاضر ہوں اور اے بندۂ خدا سن! جو اس دعا کے ذریعہ سے اپنی مصیبت میں مدد مانگے گا، اللہ تعالیٰ اس کو کشائش عطا فرمائے گا''۔

پھر وہ تاجر حضور نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور اس معاملے کی آپ ﷺ کو خبر دی تو حضور ﷺ نے اس تاجر سے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے اسمائے حسنیٰ تلقین کیے ہیں۔ جب کوئی ان کے ذریعہ سے دعا فرماتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے قبول کرتا ہے اور جب کوئی ان کے ذریعہ سے کچھ درخواست کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے عطا فرماتا ہے''۔ (نزہۃ المجالس، جلد ۱/۲۳۹)

عمل ہمزاد

حضرت پیر سید محبوب علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ

یہ تین یوم کا عمل ہے، ہمزاد کو تابع کرنے کیلئے نہایت عجیب اور مجرب ہے۔ بروز سوموار طلوع آفتاب کے بعد آفتاب کو پشت کر کے کھڑا ہو اور کثیر مقدار میں کنکر اپنے پاس رکھے اور اپنے سایہ پر نظر جمائے ہوئے اسم ''یَالَطِیْفُ'' کو ایک ہی سانس میں بلا تعداد اس طرح پڑھے کہ کچھ کنکر مٹھی میں بند ہوں جب سانس ٹوٹنے لگے تو کنکروں کو پھونک مار کر سایہ پر مارے، اسی طرح تین گھنٹہ مسلسل کرے۔ پھر رات کو تنہا خالی کمرے میں ایک بڑے چراغ میں خوشبودار تیل ڈال کر موٹی روئی کی بتی جس میں درج ذیل بتی کی عبارت سات مرتبہ لکھ کر لپیٹی ہوئی ہو، روشن کر کے اپنی پشت پر رکھ کر سایہ پر نظر رکھ کر 5 ہزار مرتبہ عزیمت درج ذیل پڑھے۔ عمل ٹھیک رات بارہ بجے شروع کر دے، دوران عمل کمرہ مطلق خالی ہو، ہر قسم کا گوشت، مچھلی، انڈہ، لہسن، پیاز وغیرہ ترک کرے یعنی جلالی و جمالی پورا پرہیز رکھے۔ عورت کی آواز بھی کان میں نہ جائے، صرف جو کی روٹی نمک کے ساتھ کھائے۔ روزانہ روزہ رکھے، تین یوم کا عمل ہے۔ تین روز میں عمل نہ ہو تو نو روز میں کرو، اگر پڑھنے والا مطلق نالائق ہو تو اکیس روز میں ضرور کامیاب ہوگا۔ اگر پڑھنے والا بالکل نااہل ہے تو بتالیس روز عمل کرے، ضرور کامیاب ہوگا۔ ایک شرط اس عمل میں یہ بھی ہے کہ ایک دفعہ عمل شروع کر دیا تو نامکمل نہ چھوڑے ورنہ تکلیف ہو سکتی ہے۔ بہر حال جب ہمزاد حاضر ہو جائے تو ایک خالی بوتل مضبوط کاک وغیرہ والی جو پاس رکھی ہو، ہمزاد کو صرف یہ کہو کہ اس بوتل میں گھس جا، وہ بوتل میں اتر جائے گا، فوراً بوتل کو مضبوط بند کر دیں، پھر اس سے عہد لے لیں کہ جب بلائیں حاضر ہونا اور جو کام کہیں وہ کرنا اور اس سے بلانے کی ترکیب بھی دریافت کر لو وہ بتا دے گا۔ پس عہد و قسم لے کر بوتل کھول دو، تمہارے بلانے پر حاضر ہو جائے گا اور سب کام کرے گا۔ عمل مجرب ہے مگر ہمزاد کے ساتھ گفتگو کرنا اور عہد و پیماں لینا ہر ایک کے بس کا کام نہیں کیونکہ یہ بہت چالاک ہوتا ہے، بہر حال عمل مکمل ہونے پر صدقہ ضرور دے اور صدقہ کا طریقہ ہمزاد سے دریافت کر لے، بعدہ روزانہ عزیمت 382 مرتبہ اور اسم یالطیف 129 مرتبہ ورد رکھے۔

عزیمت یہ ہے: عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَامَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَرْوَاحِ بِحَقِّ سُلَيْمَانَ بْنَ دَاوُدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ اُحْضِرُوْا اُحْضِرُوْا اُحْضِرُوْا يَاهَمْزَادُ حَاضِر شو بِحَقِّ يَا حَيُّ الْقَيُّوْمِ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

بتی کی عزیمت یہ ہے: قارون نمرود شداد دقیانوس هامان فرعون علیهم اللعنة یاهمزاد حاضر شو

ضروری نوٹ: یہ عمل صرف تین روز کا ہے، جس کی قوت ارادی مضبوط ہو اور پڑھنے والا اس عمل کا اہل ہو تو ضرور کامیاب ہوگا۔ اس جیسا عمل اگر چراغ لے کر بھی سارے عالم میں تلاش کریں تو نہیں ملے گا۔ اگر ملا بھی تو نامکمل ہوگا۔ عامل کا کمرہ سات فٹ مربع ہو یعنی لمبا چوڑا اونچا سات سات فٹ ہو اور چھت میں نیلا کپڑا پورا تان دے اور درمیان میں نیلے کپڑے کے سفید رنگ کپڑے سے اسم ذات لکھے اور اس کے نیچے عامل کھڑا ہو کر عمل کرے اور لباس چست ہو، اکثر عاملین کا اتفاق ہے کہ صرف ایک لنگوٹ باندھا ہونا چاہیے، جو شخص اس عمل کی تحریر کردہ شرائط کو پورا نہ کر سکتا ہو وہ یہ عمل کرنے کی جرأت نہ کرے کیونکہ ہمزاد کا عمل کوئی بچوں کا کھیل نہیں ہے، اچھی طرح سوچ سمجھ کر جرأت کریں۔

حاضرات کے خاص اعمال

بابائے حاضرات قیصر احمد صاحب (کراچی)

حاضرات

لا الہ یا لطیف، الا اللہ یا خبیر، محمدؐ یا بدیع، رسول اللہ حاضرات حاضر شو بحق موسیٰ کلیم اللہ

طریقہ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر، پاک وصاف کپڑے پہنا کر، اس کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور بچہ کو اس میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) مندرجہ بالا کلمات کو اٹھائیس (۲۸) بار پڑھ کر بچہ پر اور ناخن پر دم کریں۔ چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا، جس سے آپ بچہ کی معرفت سوال وجواب کا سلسلہ شروع کریں۔ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست وتسلی بخش ملے گا۔

حاضرات

اللہ میرے کم وِچ،

محمدؐ میرے دَم وِچ،

اللہ کرسی کم اِک دَم وِچ،

حاضرات حاضر ہو اک گھڑی دے وِچ

طریقہ کافوری سیاہی اُپاڑ کر اس میں عطر ملا کر طفل نابالغ کے ناخن پر سیاہی لگائیں اور بچہ پر مندرجہ بالا عزیمت اکیس (۲۱) بار پڑھ کر دم کریں۔ چند ہی منٹ بعد حاضرات ہوگی۔ پھر آپ بچہ کے توسط سے ہر مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست وسچی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضرات

یا اللہ یا رحمن مشکل میری سب کرو آسان

بحکم سلطان حضرت سلیمان علیہ السلام

حاضرات جلد حاضر ہو بحق سورۂ لقمان

طریقہ دورانِ عمل خوشبودار بخور روشن کریں۔ جب بھی حاضرات کرنا ہو تو کسی بچے یا بچی کے ناخن پر کاجل لگا کر اوپر کوئی سا عطر لگا کر کلمات عمل کو اکیس (۲۱) بار پڑھ کر دم کریں۔ حاضرات کا نزول ہوگا۔ بامقصد سوالات کریں۔ ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا۔

نایاب حاضرات

سِترّ موہنی بسم اللہ۔ حق موہنی الا اللہ۔ جگ موہنی محمدؐ رسول اللہ۔ حاضرات حاضر ہو بحق فصیح اللہ و بحق موسیٰ کلیم اللہ۔

طریقہ عروجِ ماہ میں پیر کے روز سے بعد از نماز عشاء کلمات عمل کو پانچ سو (۵۰۰) بار روزانہ گیارہ (۱۱) یوم تک پڑھیں۔ جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی بچہ یا بچی کے ناخن پر سیاہی یا کاجل لگا کر اوپر کوئی سا عطر لگا کر مندرجہ بالا عمل کو اکیس (۲۱) بار پڑھ کر دم کریں۔ حاضرات کا نزول ہوگا۔ بامقصد سوالات کریں۔ ہر سوال کا جواب تسلی بخش وسو فیصد درست ملے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

حاضرات

اللہ علی الف الف، حاضرات حاضر شو بحق یا لطیف یا لطیف

طریقہ اگربتیاں سلگائیں۔ کمرہ صاف ستھرہ رکھیں۔ عامل اور بچہ دونوں پاک وصاف اور باوضو ہوں۔ کسی طفل نابالغ لڑکے کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں، اول وآخر گیارہ گیارہ بار درودِ ابراہیمی پڑھ کر مندرجہ بالا عزیمت اٹھائیس (۲۸) بار پڑھ کر بچے پر اور ناخن پر پڑھ کر دم کریں اور اسے انگوٹھے میں دیکھنے کو کہیں۔ چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا، جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست وسچی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

نوٹ حاضرات کے جتنے بھی اعمال دیئے گئے ہیں، وہ وہی لوگ کریں، جو پہلے سے حاضرات کرتے ہیں۔ جو پہلی بار کرنا چاہتے ہیں، وہ ادارے سے رجوع فرمائیں۔ ع

ماہِ رمضان کے وظائف و اعمال

انتخاب: حضرت مولانا حسن الہاشمی

۱: چاند دیکھ کر سورۂ محمد پڑھنا۔ بادشاہ یا تلوار یا باغ سبزہ زار ورنہ اپنے عیال واطفال پر الله الحمد کہہ کر نظر ڈالنا مبارک ہے۔

۲: عارف باللہ قمر صیام دیکھتے ہی سورۃ فتح پڑھتے ہیں۔ تمام سال فراخدلی سے لنگر چلاتے ہیں۔ اگر اتنی ہمت نہ ہو تو عبادت وریاضت اور ہمدردئ خدمتِ خلق میں ہی کما حقہ توجہ کامل کرنی چاہیے۔ صیام وتلاوت وقیام میں پوری طرح مشغول ہوجانا چاہیے۔

۳: اور ہر شب اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ یَا غَفُوْرُ بہت کثرت سے پڑھنا چاہیے۔ خداوند کریم گناہوں سے معصوم و پاک رکھے گا۔

۴: ہر رات کو آسمان دیکھتے ہوئے یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَہ۔ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ ھٰذَا بَاطِلًا۔ سُبْحٰنَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ...... پڑھنا چاہیے۔

۵: چاند دیکھتے ہی اللہ اکبر اللہ اکبر پڑھنا اور سورۂ فاتحہ سات (۷) بار پڑھ کر دعا کرلینا اور عقیق یا فیروزہ یا جو اپنے ستارے کے موافق نگینہ ہو، اس پر نظر کرنا بھی مفید ہے۔

ایک نادر عمل......فتوحات و مسخرات

ہلال رمضان دیکھ کر کہو ''یا اسرافیل یا میکائیل یا ستار یا غفار''۔ اپنا مطلب دل میں رکھ کر سات بار ورد کرو۔ بعد دعا کرو۔ تاریخ ہفتم تک ناغہ نہ کرو۔ چاروں سمت سے دریائے فتوحات وبرکات کھل جائیں گے۔ اگر اس کے بعد ہمیشہ ہر ماہ چاند کے پہلے سات دنوں میں ایسا عمل کیا جائے تو دوسرے رمضان چاند تک چلہ پورا ہوجاتا ہے۔ اس کی برکت سے خدا غنی کرتا ہے۔ دولت بے حد بخشتا ہے۔ اگر امورِ شرعی میں حقِ حقوق میں پابندی رکھے تو لنگر جاری کرے۔

روشن ضمیری

اول روزے سے ساتویں تک، پابندی نماز پنجگانہ باجماعت پر مستعد ہو کر (باپرہیز) بعد فراغ نماز بلا کلام وشغل غیرے، اسمائے یاھادی یاخبیر یامتین یا علام الغیوب ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر سجدہ میں جا کر اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ. تین (۳) بار پڑھ لے۔ پس اس شخص پر آسمان وزمین کے خزانے باذن اللہ تعالیٰ کھل جائیں گے اور سائلین کے دلوں کے بھید بلا سوال بتلانے پر قادر ہوگا اور اگر تمام ماہ مکمل صیام قیام سے یعنی تین ہفتے ریاضت پوری کرے تو زمین وآسمان کے ملک منکشف ہوجائیں گے۔ بہت دور دور کی خبریں گویا قلب پر وائرلیس کی مانند آئیں گی۔

ترقی رزق وبرکت کے لیے

اللہ لطیف

القوی العزیز (دائیں) — بعبادہٖ یرزق (بائیں)

۴۳۲	۴۲۵	۴۳۰
۴۲۷	۴۲۹	۴۳۱
۴۲۸	۴۳۳	۴۲۶

من یشاء وھو

ماہ رمضان کے چودھویں روز اس نقش کو لکھنا ہے۔ اگر جمعرات یا جمعہ ہو جائے تو طلائی پر یہ نقش کندہ کر کے انگوٹھی میں محفوظ رکھے۔ رزق وروزی بے اندازہ برکت وترقی ہو اور جملہ بلیات ومصائب سے محفوظ رہے۔ اس سے عمل استخارہ میں بڑی مدد ملتی ہے۔ یہ نقش خزانہ ربی کی کلید ہے۔ دستِ غیب کی قوی امید ہے۔

اول شبِ جمعہ......زیارتِ مصطفیٰ ﷺ کے لیے

شبِ جمعہ اول ماہ رمضان المبارک، بعد غسل ولباس طاہرہ، بعد نماز عشاء ۱۲ رکعت نفل ادا کرے۔ ہر رکعت میں سورۃ اخلاص وسورۃ کوثر ہو۔ بعد سورۃ مزمل شریف پڑھے اور درود شریف جو یاد ہو ایک ہزار (۱۰۰۰)

مرتبہ پڑھ کر پاک بستر پر سو جائے تو جمال پاک مصطفوی ﷺ کی زیارت سے شرف ہو۔

ماہ رمضان شریف کا شرفِ قمر

شرفِ قمر 29 جون کو شام 6 بج کر 23 منٹ پر شروع ہوگا اور رات 8 بج کر 3 منٹ پر ختم ہوگا۔ جس قدر ہو سکے، مثلث آبی، زعفران و گلاب سے لکھ کر محفوظ رکھ دیے جائیں تو بیماروں کیلیے مکمل و موثر ہیں۔ بخار والے کو پانی یا شربت میں گھول کر تین دن تک پلائیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

مثلث آبی یہ ہے:

۷۸۶

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

ایامِ بیض ماہ رمضان شریف

دعائے مجیر اگر ماہ رمضان المبارک کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ میں پڑھ لے تو جملہ گناہوں کی معافی، جمیع آفات سے تحفظ، قرضہ سے نجات، بیماری سے شفا، قیدی کی رہائی ہو، حکام میں عزت و آبرو، عہدہ میں ترقی، کمائی میں خیر و برکت ہو۔ تمام غم واندوہ اور دشمنوں ظالموں، جابروں سے مخلصی ہوجاتی ہے۔

سبحانك ياالله تعاليت يارحمن اجرنا من النار يامجير۔

سبحانك يارحيم تعاليت ياكريم اجرنا من النار يامجير۔

سال بھر میں صرف سہ یومیہ قلیل ریاضت سے کثیر فوائد ہیں۔ ہر نماز کے بعد جتنا ورد کر سکتے ہو، کرو۔ عشاء کے بعد کثرت سے ریاضت کرو۔

آیتِ قطب کا خاص تعویذ

شب بدر ماہ رمضان شریف میں آیت قطب کے اعداد ۲۴۰۳۹۰ کا نقش مشرونہ مخمس سفید اصلی ریشم کے کپڑے پر گلاب، زعفران، مشک، کافور سے باشرائط قواعد عملیات لکھے۔ بخور معطر کر کے ہرن کے سفید مدبوغہ چرم میں تعویذ بنا کر پاس محفوظ رکھے تو کایا پلٹ جائے۔ تمام پریشانیاں سعادتوں سے بدل جائیں۔ تجربۃً باغ میں کسی بے ثمر درخت سے باندھ دے تو اس سال سب درختوں پر فوق ابرکات نشوونما پائے۔ ضعیف و ناتواں ہو تو لطف جوانی اٹھائے۔ دعائیں، عبادات قبول ہوں۔ دشمن بھی دوست بن جائیں۔ غرضیکہ دنیا و آخرت کی بہبودی نصیب ہو۔ عجیب اسرار مخفی راز ہائے پوشیدہ اس میں مضمر ہیں، جن کا علم مشائخ اہل باطن ہی خوب جانتے ہیں۔

پہلی شب قدر

حضور انور سرکار دو عالم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ ”میری امت میں سے جو مرد یا عورت یہ خواہش کرے کہ میری قبر نور کی روشنی سے منور ہو تو اسے چاہیے کہ ماہ رمضان کی شب قدروں میں کثرت کے ساتھ عبادت الٰہی بجالائے تاکہ ان مبارک اور متبرک راتوں کی عبادت سے اللہ پاک اس کے نامۂ اعمال سے برائیاں مٹا کر نیکیوں کا ثواب عطا فرمائے۔ شب قدر کی عبادت ستر ہزار شب کی عبادتوں سے افضل ہے“۔

اکیسویں (۲۱) شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ قدر ایک ایک بار، سورۂ اخلاص ایک ایک مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کے حق میں فرشتے دعائے مغفرت کریں گے۔ اکیسویں شب کو دو رکعت پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر ایک ایک بار اور سورۂ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے نماز ختم کر کے ستر مرتبہ استغفار پڑھے۔

ماہ رمضان المبارک کی اکیسویں شب کو اکیس مرتبہ سورۂ قدر پڑھنا بھی بہت افضل ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس نماز اور شب قدر کی برکت سے اللہ پاک اس کی بخشش فرمائے گا۔

دوسری شب قدر

ماہ مبارک کی تئیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ قدر ایک ایک مرتبہ، سورۂ اخلاص تین تین

بار پڑھے۔ان شاءاللہ واسطے مغفرت گناہ کے یہ نماز بہت افضل ہے۔

تیئسویں شب قدر کو آٹھ رکعت نماز چار سلام سے پڑھنی ہے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ قدر ایک ایک دفعہ، سورۂ اخلاص ایک ایک بار پڑھے۔ بعد سلام کے ستر مرتبہ کلمہ تمجید پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرما کر ان شاء اللہ مغفرت فرمائے گا۔ تیئسویں شب کو سورۂ یٰسین ایک مرتبہ، سورۂ رحمٰن ایک مرتبہ پڑھنی بہت افضل ہے۔

تیسری شب قدر

ماہ رمضان کی پچیس (25) تاریخ کو شب میں چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ قدر ایک ایک بار، سورۂ اخلاص پانچ پانچ مرتبہ ہر رکعت میں پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے کلمۂ طیبہ ایک سو دفعہ پڑھنا ہے۔ درگاہ رب العزت سے ان شاءاللہ بے شمار عبادت کا ثواب عطا ہوگا۔

پچیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ قدر تین تین مرتبہ، سورۂ اخلاص تین مرتبے پڑھے۔ بعد سلام کے ستر دفعہ استغفار پڑھے۔ یہ نماز بخشش گناہ کے لئے بہت افضل ہے۔

پچیسویں شب قدر کو دو رکعت نماز پڑھنی ہے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر ایک ایک مرتبہ، سورۂ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے ستر دفعہ کلمہ شہادت پڑھنا ہے۔

پچیسویں شب کو سات مرتبہ سورۂ دخان پڑھے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ، اللہ پاک اس سورۃ کے پڑھنے کے باعث عذابِ قبر سے محفوظ رکھے گا۔ پچیسویں شب کو سات مرتبہ سورۂ فتح پڑھنا واسطے ہر مراد کے بہت افضل ہے۔

چوتھی شب قدر

ستائیسویں شب کو بارہ رکعت نماز تین سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ قدر ایک ایک مرتبہ، سورۂ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھنی ہے۔ بعد سلام کے ستر مرتبہ استغفار پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس نماز پڑھنے والے کو نبیوں کی عبادت کا ثواب عطا فرمائے گا، ان شاءاللہ العظیم۔

ستائیسویں شب کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر تین تین دفعہ، سورۂ اخلاص ستائیس مرتبہ پڑھ کر گناہوں کی مغفرت طلب کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے تمام پچھلے گناہ اللہ پاک معاف فرمائے گا۔

ستائیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھنی ہے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ پڑھے اور سورۂ قدر تین مرتبہ پڑھے۔ اس نماز کے پڑھنے والے پر سے اللہ پاک موت کی سختی آسان کرے گا۔ ان شاءاللہ، اس پر سے عذاب قبر بھی معاف ہوجائے گا۔

ستائیسویں شب کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص سات سات مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے ستر مرتبہ یہ تسبیح معظم پڑھنی ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔

ان شاءاللہ تعالیٰ، اس نماز کو پڑھنے والے اپنے مصلے سے نہ اٹھیں گے کہ اللہ پاک اس کو اور اس کے والدین کے گناہ معاف فرما کر مغفرت فرمائے گا اور اللہ تعالیٰ فرشتوں کو حکم دے گا کہ اس کے لئے جنت آراستہ کرو اور فرمایا کہ وہ جب تمام بہشتی نعمتیں اپنی آنکھ سے نہ دیکھے گا، اس وقت تک موت نہ آئے گی۔ واسطے مغفرت یہ نماز بہت ہی افضل ہے۔

ستائیسویں شب کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ الم نشرح ایک ایک بار، سورۂ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام ستائیس مرتبہ سورۂ قدر پڑھے۔ ان شاء اللہ العظیم، واسطے ثواب بے شمار عبادت کے یہ نماز بہت افضل ہے۔

ستائیسویں شب کو چار رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ قدر تین تین دفعہ، سورۂ اخلاص پچاس پچاس مرتبہ پڑھے۔ بعد

سلام سجدہ میں سر رکھ کر ایک مرتبہ یہ کلمات پڑھے۔

سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر

اس کے بعد جو حاجت دنیوی یا دینوی طلب کرے، وہ ان شاء اللہ تعالیٰ درگاہِ باری تعالیٰ میں قبول ہوگی۔ ستائیسویں شب کو سورۂ ملک سات مرتبہ پڑھنی واسطے مغفرت گناہ بہت فضیلت والی ہے۔

پانچویں شب قدر

انتیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ قدر ایک ایک بار، سورۂ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے سورۂ الم نشرح ستر مرتبہ پڑھے۔ یہ نماز واسطے کامل ایمان کے بہت افضل ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، اللہ تبارک وتعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو دنیا سے مکمل ایمان کے ساتھ اٹھائے گا۔

ماہ رمضان کی انتیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ قدر ایک ایک بار، سورۂ اخلاص پانچ پانچ مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے درود شریف ایک سو دفعہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو دربار خداوندی سے بخشش اور مغفرت عطا کی جائے گی۔

ماہ رمضان المبارک کی انتیسویں شب کو سات مرتبہ سورۂ واقعہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ترقی رزق کے لئے بہت افضل ہے۔

ماہ رمضان کی کسی شب میں بعد نماز عشاء سات مرتبہ سورۂ قدر پڑھنی بہت افضل ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے سے ہر مصیبت سے نجات حاصل ہوگی۔

باموکل اعمال سیکھنے کے لیے تفصیل darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/ba_maokkil

تریاقِ مجرب

محمد فیصل شہزاد صاحب، کراچی

کچھ دن پہلے پڑھا ایک واقعہ یاد آ گیا جو مشہور کالم نگار جناب عامر ہاشم خاکوانی صاحب نے لکھا ہے:

ایک بار ''اخوت'' کے بانی اور ملک کے نامور سماجی کارکن ڈاکٹر امجد ثاقب نے ایک خوبصورت بات بتائی۔ کہنے لگے، ایک روز مجھے اچانک خیال آیا کہ سکول کے زمانے میں ہمارے ایک استاد تھے۔ انہوں نے بڑی شفقت اور محنت سے ہمیں پڑھایا۔ کئی ایسی بنیادی باتیں جو ان سے سیکھیں، بعد میں دنیا کی معروف درسگاہوں میں کام آئیں۔ میں نے سوچا کہ ہمارے وہ ٹیچر ریٹائر ہو چکے ہیں، پنشن پر گزارا ہے، ان کی کچھ مدد کرنا چاہیے۔ اپنے آبائی شہر ایک دوست کو فون کر کے ان ٹیچر کا ایڈریس لیا اور پھر ایک مناسب رقم کا چیک ان کے نام بھجوا دیا۔ چند دنوں کے بعد استاد صاحب کا جوابی خط آیا تو پڑھ کر دنگ رہ گیا۔ انہوں نے لکھا تھا کہ ''میں نے کہیں پڑھا کہ علامہ اقبال شاعر مشرق اس لیے بنے کہ انہوں نے ایک کروڑ مرتبہ درود پاک پڑھا تھا۔ اس کے بعد میں نے بھی دن کا بیشتر حصہ درود شریف پڑھنے میں صرف کر دیا۔ اب تک میں دس لاکھ مرتبہ پڑھ چکا ہوں۔ ارادہ یہی ہے کہ اگر اللہ نے مہلت دی تو ایک کروڑ مرتبہ پڑھ لوں گا۔ آج کل میں پریشانی میں تھا۔ ایک مالی مشکل درپیش تھی۔ کسی سے مانگنا بھی نہیں چاہتا تھا۔ دل میں یہ یقین تھا کہ درود پاک کی برکت سے اللہ تعالیٰ غیب سے مدد فرمائیں گے۔ آج صبح تمہارا چیک آ گیا اور یہ بالکل اتنی ہی مالیت کا ہے، جتنی مجھے ضرورت تھی''۔

ڈاکٹر امجد ثاقب نے پرنم آنکھوں سے یہ واقعہ سنایا اور بولے ''میرا یقین ہے کہ استاد صاحب کی مشکل تو کسی اور ذریعے سے بھی حل ہو جاتی، مجھے یہ سعادت صرف اس لیے ملی کہ میں نے اپنے استاد کی مہربانی کے جواب میں اپنے شکریے کے عملی اظہار کا سوچا تھا''۔

اللہ تعالیٰ ہمیں بھی زیادہ سے زیادہ درود وسلام کی کثرت کرنے اور اپنے محسنین کو بھی ہر حال میں یاد رکھنے اور ان کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

غیبی مدد

فارحہ نور، فیصل آباد

میری کزن نے مجھے یہ واقعہ سنایا جو بالکل سچا ہے۔ زینب نے بتایا کہ ایک مرتبہ مہینے کے آخری دن تھے۔ کوئی پیسہ پاس نہیں تھا۔ گھر میں کھانے کو بھی کچھ نہیں تھا۔ بھائی بھابھی دونوں نے نفل پڑھ کر اللہ سے دعا مانگی۔ کافی روتے رہے کیوں کہ بچے چھوٹے چھوٹے تھے اور وہ پاس بلک بلک کر رو رہے تھے۔ ماشاء اللہ چار بچے تھے اور سب سے چھوٹی بیٹی خولہ کو بھوک لگی تھی، وہ بہت رو رہی تھی۔ ادھر ماں باپ کے دل بے چین تھے۔ غم کے مارے کلیجہ پھٹ رہا تھا۔ دعا مانگ کر باہر صحن میں آئے۔ باہر بہت پیارا طوطا بیٹھا ہوا تھا۔ اس کی گردن پر کتنے ہی رنگ تھے۔ وہ بہت پیارا طوطا تھا اور بول رہا تھا۔ انہوں نے اڑایا۔ وہ نہ اڑا۔ پکڑا تو آرام سے ہاتھ میں آ گیا۔ بچے اس طوطے کے ساتھ کھیلنے لگے۔ پھر کافی سوچ وبچار کے بعد بھائی صاحب نے کہا کہ چلو اس کو بیچ دیتے ہیں۔ وہ بازار گئے اور اس کو جا کر بیچ دیا۔ وہ پندرہ ہزار کا بکا۔ پھر اس سے گھر کا سامان وغیرہ لے کر آئے اور بچوں کو دیا۔ ہم آج تک اس غیبی مدد پر حیران ہوتے ہیں۔ اللہ کو تو دل مضطر کی دعا بہت پسند ہے کیوں کہ وہ بہت خلوص سے مانگی جاتی ہے۔

معذرت

ماہنامہ خزینۂ روحانیات مئی 2016ء کے صفحہ نمبر 23 کے موضوع ''مستحصلہ طرح عناصر السوال (اظہر عنایت شاہ صاحب، کوہاٹ)'' کی مثال نمبر 1 میں ''روزانہ'' کمپوزنگ کی غلطی سے شائع نہیں ہو سکا۔ قارئین کرام نوٹ فرما لیں۔ شکریہ

صحیح جملہ یہ ہے: مثال نمبر 1: یا علیم۔ تسخیر خلق کے لیے سورۂ توبہ کی آخر دو آیات روزانہ کتنی تعداد میں ورد کرنی چاہئیں؟ (ادارہ)

آلۂ یکسوئی



ایسا آلہ جو انسان کی چھپی ہوئی نگاہ کو متحرک کرکے ماورائی دنیا کو سامنے لے آتا ہے (اس کے استعمال سے عملیات میں کامیابی مقدر بن جاتی ہے)۔ قیمت:800 روپے

لوبان اگربتی (جدید)



حسد، نظر بد، جادو، سایہ وشیطانی نحوست کے اثرات کا خاتمہ، ہر قسم کی بندش کا ازالہ۔ کاروباری بندش کا ازالہ۔ روحانی عمل و پڑھائی کی تاثیر اور روحانی طاقت میں کئی گنا اضافہ، قیمت فی عدد 5 روپے اسکے استعمال سے آپ خود واضح طور پر فرق محسوس کریں گے۔

روحانی طلسماتی تیل 3

(خالص الخاص دم شدہ)



جسم میں کہیں بھی درد ہو۔ پٹھوں میں درد ہو۔ غرض کہ آپ کو کہیں بھی درد ہو۔ دارالعمل چشتیہ کا تیار کردہ روحانی طلسماتی تیل ضرور آزمائیں ان شاء اللہ آپ کو یقینی فائدہ ہوگا۔


نوٹ: جنات کے حاضری کے مریض، جادو کے مریض، جسمانی دردوں (جوڑوں کے درد)، دماغی اثرات وغیرہ کیلئے نسخہ اکسیر۔ قیمت:200 روپے (70ML)

تعویذ دفع بندشِ رشتہ

ھدیہ:1100 روپے

رشتہ کی بندش کو توڑنے کا مجرب تعویذ۔ تعویذ کے ساتھ اکیس یوم کا وظیفہ بھی دیا جاتا ہے۔ رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، منگنی یا رشتہ طے ہو کر ٹوٹ جانا، خاص جگہ پر شادی ہونے میں رکاوٹ وغیرہ الغرض رشتے کی تمام اقسام کی بندشوں میں یہ تعویذ نہایت مجرب ہے۔ اس کے استعمال سے رشتے (بحکم خداوندی) خوب آتے ہیں، ہر قسم کی بندش دور ہو جاتی ہے اور جلد اور بہترین رشتہ مل جاتا ہے۔

حیرت انگیز حافظہ



علماء، طلباء، وکیل، ڈاکٹر اور دماغی کام کرنے والوں کیلئے حافظے میں اضافے کا مفید کورس۔ ہدیہ 2000 روپے

بھوج پتر

قیمت:80 روپے

بھوج پتر اعمال شر کیلئے خاص ہے۔ بغض وعداوت اور جدائی کے اعمال اس پر تیار کرنے سے تاثیر بڑھ جاتی ہے۔

روحانی پھکی



جادو جنات سے متاثرہ افراد کے معدوں کے جملہ امراض کیلئے مفید ہے۔ قیمت:30 روپے

آبِ شفاء

قیمت: بڑی بوتل 100 روپے



لاعلاج اور جان لیوا امراض میں مبتلا مریضوں کیلئے نوید شفاء۔ قیمت: چھوٹی بوتل 50 روپے

تعویذ خوشحالی

ھدیہ: 1100 روپے برائے عوام
ھدیہ: 900 روپے برائے ممبران

1 برکت یہ ہے کہ تھوڑی رقم میں زیادہ کام انجام پائیں اور مختصر آمدنی میں گھر کے تمام کام بآسانی ہو جائیں اور رقم کم نہ پڑے۔ 2 اگر کوئی شخص کم آمدن کے سبب پریشان رہتا ہو اور اس کا گزارہ مشکل سے ہوتا ہے، قرض پر قرض چڑھتا جاتا ہے لیکن آمدنی میں اضافہ نہیں ہوتا۔ جتنی محنت اور کوشش کرتا ہے کامیابی نہیں ہوتی اس لئے اکثر فکر مند اور پریشان رہتا ہے۔ آرام وسکون نہیں ملتا۔ قرض خواہ الگ تنگ کرتے ہیں، ہر تدبیر ناکام ہو جاتی ہے۔ اسی پریشانی کو دور کرنے کے لئے "تعویذ خوشحالی" ہے۔ مسلسل پابندی کے ساتھ باندھے رکھیں بددل ہو کر نہ چھوڑیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں کے اندر اس کے اثرات ظاہر ہوں گے۔

تعویذ بغض وجدائی

ھدیہ:550 روپے

جائز جگہ پر دو افراد کے درمیان جدائی کا خاص تعویذ جو اسلامی مہینے کی آخری منگل کو تیار کیا جاتا ہے۔ عرصہ سے دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ میں دیا جا رہا ہے۔ صرف اس سائل کو دیا جاتا ہے، جس کا معاملہ شرعی طور پر جائز ہو ایسے دو اشخاص جن میں خلاف شرع یا خلاف قانون اور خلاف تہذیب میل ملاپ ہو اور ان کا اکٹھا رہنا معاشرہ میں خرابی کا باعث بن رہا ہو۔ یا کسی مرد وعورت میں ناجائز تعلقات ہوں یا دو افراد کا اکٹھا رہنا آپ کی عزت کو خاک میں ملانے کا سبب بن رہا ہو۔ اگر کوئی دشمن بلاوجہ آپ کی جان کا دشمن بن چکا ہو۔ غرضیکہ ایسے دو افراد جن میں عداوت اور جدائی خلاف شرع نہ ہو ان سب کے لیے یہ تعویذ دیا جا سکتا ہے۔ یہ تعویذ اپنے اثرات میں تیر بہدف ہے مگر خلاف شرع کام لینے کی صورت میں اس کی رجعت فوری ہوتی ہے۔ اگر کسی مرد اور عورت میں طلاق کی صورت پیدا کرنا جائز ہو تو بھی اس تعویذ سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

روحانی سکونی تیل 2

پیکنگ:100 گرام قیمت:350 روپے

روحانی علاج گاہ کا تیار کردہ تیل جس پر خاص دم کیا گیا ہے۔ ان افراد کے لیے، بہت مفید ہے جن کو صحیح نیند نہیں آتی اور نیند کی گولیاں کھانی پڑتی ہیں۔ انتہائی خوشگوار، خوشبودار تیل جو ڈپریشن، ٹینشن کو ختم کرنے اور دماغ کو سکون پہنچانے میں لاجواب اثر رکھتا ہے۔

روحانی نمک

قیمت:50 روپے فی پیکٹ

روحانی نمک کے استعمال سے جسم میں موجود جادو یا جنات کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں۔ ان اثرات سے پیدا شدہ بیماریاں ٹھیک ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔

روحانی چینی

قیمت:100 روپے فی پیکٹ

روحانی چینی کے استعمال سے جسم میں موجود جادو یا جنات کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں۔ ان اثرات سے پیدا شدہ بیماریاں ٹھیک ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔

عطر حفاظت



اس کے استعمال سے انسان، جنات، جادو شیاطین، نظر بد اور تمام ناگہانی آفات سے محفوظ رہتا ہے۔ قیمت:150 روپے

روحانی دکان، دارالعمل چشتیہ، لاہور
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0334-4312272
darulamal.org/ruhanishop
ruhanishop@gmail.com

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے 11 انمول خاص نمبرز

جنات نمبر (فوٹوسٹیٹ)



قیمت: 100 روپے

جادو ٹونہ نمبر



قیمت: 70 روپے

درود شریف نمبر (فوٹوسٹیٹ)



قیمت: 120 روپے

کشائش رزق نمبر (فوٹوسٹیٹ)



قیمت: 150 روپے

شفائے جسمانی امراض نمبر (فوٹوسٹیٹ)




قیمت: 150 روپے

حب و تسخیر نمبر



قیمت: 100 روپے

حل المشکلات نمبر




قیمت: 100 روپے

نکاح نمبر




قیمت: 80 روپے

حفاظت نمبر



قیمت: 80 روپے

بندش نمبر



قیمت: 80 روپے

اسماء الحسنیٰ نمبر



قیمت: 80 روپے

ڈسکاؤنٹ آفر

11 خاص نمبرز صرف 890 روپے (علاوہ ڈاک خرچ) میں خریدیئے اور 20% ڈسکاؤنٹ حاصل کریں۔

یہ آفر 30 جون 2016 تک ہے

11 خاص نمبرز سے کم لینے والوں کو یہ رعایت نہیں دی جائے گی۔ شکریہ

شعبہ نشرواشاعت
دارالعمل چشتیہ
لاہور، پاکستان
Ph: 042-35410586
Cell: 0322-4773786
Web: darulamal.org/magazines/ruhani
E-mail: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

جنلگو سیریبرل ٹانک

کینٹ ہومیو پیتھک فارمیسی (کراچی)

کیپسولز......سیرپ (نارمل اور شوگر فری)

ذہنی، نفسیاتی اور دماغی عوارض کے لیے بہت مفید ہے۔ خاص طور پر جن کیفیات میں مؤثر ہے، ان میں دماغی بے سکونی، ذہنی الجھاؤ، بلاسبب خوف و پریشانی، چکر آنا، دماغی دباؤ، افسردگی، پژمردگی، سُستی، بے چینی، کھنچاؤ اور نیند کا نہ آنا شامل ہیں۔

جادو اور جنات سے متاثرہ مریض عموماً ذہنی عوارضات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ روحانی اثرات ختم بھی ہو جائیں مگر ذہنی علامات ختم نہیں ہوتیں اور مریض یہی سمجھتا ہے کہ "میں ٹھیک نہیں ہوا"۔ عاملین حضرات اپنے مریضوں کو اعتماد سے استعمال کروائیں۔

پیکنگ: 30 کیپسول، سیرپ (250ml)

قیمت: کیپسول 162 روپے سیرپ: 162 روپے

قیمت برائے ممبران خزینۂ روحانیات:

کیپسول: 140 روپے سیرپ: 140 روپے

BIO MAG (Lehning, France)

بایومیگ کا فارمولا ہزاروں افراد پر آزمائش اور کئی برسوں کے طبی مشاہدہ کے بعد ترتیب دیا گیا ہے جو تھکاوٹ کا احساس اور اعصابی گھبراہٹ دور کرتا ہے، جنسی اعضاء کی فعلی خرابی کو دور کرتا ہے، پڑھنے والے بچوں میں ذہنی قوت بڑھاتا ہے، یادداشت اور ذہن کو مرکوز رکھنے کی صلاحیت بڑھاتا ہے، دماغ کے پیدائشی غیر معیاری پن کو دور کرتا ہے۔

وہ مستورات جو بچوں کو پالتی اور دودھ پلاتی ہوں، وہ حضرات جو کاروباری یا بنیادی تفکرات سے سوکھ کر کانٹا ہو گئے ہوں، وہ مستورات و مرد جو کثرتِ مباشرت سے اپنے آپ کو تباہ کر چکے ہوں، وہ بچے جو دانت نکال رہے ہوں اور جن کی ہڈیاں غیر نشوونما یافتہ ہوں، وہ لوگ جن کا دماغ ماؤف، حافظہ کمزور، لاغر اور کاہل الوجود ہوں......ان کے لیے بہت مفید ہے۔

بایومیگ متعدد بیماریوں کے لیے حفاظتی یا مدافعتی دوائی کے طور پر کام کرتی ہے اور عضلات اور پٹھوں پر خاص طور پر اثر کرتی ہے۔ عضلات کی بے حسی، فالج و رعشہ کے لیے اس کا استعمال بہت پُر تاثیر ہے۔ جلد پر بھی اس دوا کا فائدہ مند اثر ہوتا ہے۔ الرجی، پرانے داد، کھجلی، مسہ، گومڑ، غائب ہو جاتے ہیں۔ ٹوٹتے ہوئے خستہ ناخن درست ہو جاتے ہیں اور بال افزائش پذیر ہوتے ہیں۔ نظام ہضم کے اعضاء، جگر، معدہ و آنتوں کی رطوبات میں اضافہ کرتا ہے، جس سے نظامِ ہاضمہ بہتر ہوتا ہے۔ نیز قبض یا دست کی صورت میں یہ پاخانہ کو اعتدال پر لاتی ہے جو عموماً نظام ہاضمہ کی خرابی کی بناء پر ہوتے ہیں۔ چنانچہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ دوا لوگوں کے لیے ایک نعمتِ غیر مترقبہ سے کم نہیں۔

قیمت: 490 روپے برائے ممبران خزینۂ روحانیات: 440 روپے

Vita C-15 (Dr. Reckeweg & Co., Germany)

اعصابی کمزوری، دباؤ، سر درد، دل کے امراض، یادداشت کی کمزوری، ملازمت کی ڈیڈ لائنز، بے خوابی، ڈپریشن، کارکردگی، تھکاوٹ، اداسی وغیرہ جیسے مسائل کی وجہ سے آج کا انسان بہت زیادہ ذہنی دباؤ کا شکار ہے۔

دباؤ چاہے ذہنی ہو یا جسمانی، آپ کی زندگی تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ یا تو دباؤ کے سامنے ہتھیار ڈال دیں یا پھر اپنی زندگی کی کمان سنبھال لیں۔

خواتین اور حضرات......دونوں کے لیے ذہنی دباؤ سے نجات دلانے (Stress Releiver) کی انتہائی مفید اور محفوظ دوا ہے۔

قیمت: 775 روپے برائے ممبران خزینۂ روحانیات: 700 روپے

رابطہ مطب العارف، دارالعمل چشتیہ، لاہور
042-35410586, 0307-5525103
darulamal.org/matabalaarif
matabalaarif@gmail.com

اوجِ زہرہ کا خاص تعویذ

خالد مقبول حفظہ اللہ

ہر کوئی اخلاق و محبت سے پیش آئے، لوگ قدر کریں، نفرت و عداوت ختم ہو

اوجِ زہرہ کا وقت 10 جون شام 5:10 سے لے کر 11 جون دوپہر 12:41 تک ہے۔

10 جون کو جمعۃ المبارک ہے۔ 11 جون کو ہفتہ ہے۔ جمعۃ المبارک اس عمل کے لیے، بنسبت ہفتہ کے دن سے، بہتر دن ہے۔ اس لیے مشورہ یہ ہے کہ جمعہ کو ہی تعویذ بنایا جائے۔ جمعہ کو رات 8:45 سے 9:33 تک زہرہ کی ساعت ہے۔ اس ساعت میں عمل کرنا سب سے بہتر ہے۔ اگر یہ وقت نکل جائے تو پھر شبِ ہفتہ میں زہرہ کی ساعت رات 2:29 سے 3:17 تک ہے۔ اس وقت کے بعد ہفتہ کی صبح 9:40 سے 10:50 تک زہرہ کی ساعت ہے۔ یہ تمام اوقات لاہور شہر کے ہیں۔ دوسرے شہروں والے لاہور شہر کے وقت سے اپنے شہر کا جو فرق ہے، اسی کے مطابق حساب کر کے تعویذ لکھیں۔

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کے والدین، اس کی بہن، اس کے بھائی اور خاندان والے اس کی قدر کریں اور اس کے ساتھ نفرت و عداوت کا برتاؤ چھوڑ کر محبت و پیار کا برتاؤ کریں اور اس کے ساتھ اچھے اخلاق کے ساتھ پیش آئیں تو اس کے لیے مندرجہ ذیل نقش ''اوجِ زہرہ'' کے وقت باوضو زعفران کو عرقِ گلاب میں گھول کر اس سے قبلہ رُخ (قبلہ کی طرف منہ کر کے) لکھے اور موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں سلوا کر الاسٹک لگا کر مرد دائیں بازو پر اور عورت بائیں بازو پر باندھ لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سارا خاندان محبت کرنے لگے گا اور حقوق کی ادائیگی میں جو کوتاہی ہو رہی تھی وہ دور ہو جائے گی۔ سب لوگ اخلاق و محبت کا برتاؤ کریں گے۔ تعویذ کو باندھنے سے پہلے اس پر عطر اور خوشبو لگائے۔ ایسی خوشبو جو الکحل سے پاک ہو۔ وہ نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فسیکفیکهم الله وهو السمیع العلیم

۱ یحبونهم کحب الله یا غفار	۱۴ والذین امنوا اشد حبا لله یا کریم	۱۱ والقیت علیك محبة منی یا کریم	۸ انه لحب الخیر لشدید یا ودود
۱۲ انه لحب الخیر لشدید یا ودود	۷ والقیت علیك محبة منی یا کریم	۲ والذین امنوا اشد حبا لله یا کریم	۱۳ یحبونهم کحب الله یا غفار
۶ والذین امنوا اشد حبا لله یا کریم	۹ یحبونهم کحب الله یا غفار	۱۶ انه لحب الخیر لشدید یا ودود	۳ والقیت علیك محبة منی یا کریم
۱۵ والقیت علیك محبة منی یا کریم	۴ انه لحب الخیر لشدید یا ودود	۵ یحبونهم کحب الله یا غفار	۱۰ والذین امنوا اشد حبا لله یا کریم

نوٹ تعویذ کو سفید کاغذ پر زعفران سے تیار کیا جائے۔ اگر کسی خاص فرد کے لیے بنانا ہے تو سائل کا نام مع والدہ اور مقصد تعویذ کے نیچے تحریر کریں۔

اگر یہ چاہتے ہیں کہ زیادہ تاثیر ہو تو زعفرانی سیاہی میں، مشک و عنبر کا اضافہ کر لیں۔ تعویذ لکھتے وقت زہرہ کے بخور کا خاص خیال رکھیں۔ زہرہ کے بخورات یہ ہیں: عطر سہاگ (حنا)، صندل سرخ، صندل سفید، مشک، زعفران، لوبان، شکر، جائفل، اگر، خوشبودار پھول۔

لوح خاص برائے جدائی ۔۔۔ شمس مقابلہ زحل کے وقت کا خاص عمل

مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب

شمس وزحل مقابلہ کا وقت ناجائز دوستی ، غلط تعلقات کو ہمیشہ کیلئے ختم کروانے اور فریقین میں جدائی وتفریق ڈلوانے کیلئے بہترین وقت ہے۔ اسی خاص وقت میں یہ لوح خاص برائے جدائی تیار کی جاتی ہے۔ یہ لوح پریشان حال والدین اور اس قسم کے معاملات کی وجہ سے پریشان احباب کیلئے ایک نایاب تحفہ ہے۔

عمل کا وقت

شمس وزحل مقابلہ کا وقت 3 جون بروز جمعہ المبارک دوپہر 11 بج کر 37 منٹ سے شروع ہو کر رات 11 بج کر 14 منٹ تک رہے گا۔

لوح بنانے کی اجازت

یہ لوح بنانے کی اجازت صرف ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران کو ہے۔ باقی احباب لوح بنوانے کیلئے ادارہ سے رابطہ اور رجوع فرمائیں۔

لوح کس مقصد اور کن لوگوں کیلئے بنوائی جاسکتی ہے

2 ظالموں کو آپس میں جدا کروائیں۔

اگر آپ کے بیٹے کا دوست چور ہے۔ جدائی کروائیں۔

اگر آپ کے بیٹے کا دوست شرابی ہے۔ جدائی کروائیں۔

اگر آپ کے بیٹے کا دوست زانی ہے۔ جدائی کروائیں۔

اگر آپ کے بیٹے کا دوست غلط ہے۔ جدائی کروائیں۔

بیٹے کے تعلقات غلط عورت سے ہیں۔ جدائی کروائیں۔

بیٹی کسی غلط لڑکے کے چنگل میں پھنس چکی ہے۔ جدائی کروائیں۔

شوہر کسی غلط عورت سے رابطہ میں ہے۔ جدائی کروائیں۔

بیوی کسی ناپسندیدہ شخص کے رابطہ میں ہے۔ جدائی کروائیں۔

بچی کی سہیلی غلط سوسائٹی کی ہے۔ جدائی کروائیں۔

خاوند کے دوست غلط ہیں۔ جدائی کروائیں۔

الغرض ہر قسم کے ناجائز تعلقات کو ختم کروانے کیلئے آپ لوح جدائی پورے اعتماد سے بنوا سکتے ہیں۔

والقیناً بینھم	العداوۃ والبغضاء	الی یوم القیامہ	حبیبہ بنت کلثوم عابد بن اسلم
۲۸۵	۸۳۰	۳۰۶	۲۰۵۷
۸۲۹	۲۸۲	۲۶۰	۳۰۷
۲۰۵۹	۳۰۸	۸۲۸	۲۸۳

برائی کے اڈے ویران کریں
شمس تربیع مشتری کے وقت کے خاص اعمال

مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب

شمس تربیع مشتری کا خاص وقت کسی عمارت، ادارے، این جی اوز کا دفتر کہ جہاں سے فحاشی عریانی بے حیائی پھیل رہی ہو۔ اس کو بند کرنے، ویران کرنے اور غلط لوگوں کی آمدورفت روکنے کیلئے ایک بہترین وقت ہے۔

عمل کا وقت

3 جون بروز رات 12 بج کر 49 منٹ پر شروع ہو کر 5 جون شام 5 بج کر 33 منٹ تک رہے گا۔

عمل نمبر 1

قبرستان کی مٹی لے کر اس پر 50 بار سورۃ الفیل پڑھ کر دم کریں اور پھر وہ مٹی مطلوبہ جگہ پر پھینکیں!

اس کیلئے سورۃ الفیل کے اعداد میں اس جگہ دفتر، مکان اور اس کے انچارج کا نام مع والدہ کے اعداد شامل کر کے کل اعداد کا مثلث نقش پُر کریں اور اس نقش کو کسی طریقے سے اس مطلوبہ جگہ کے اندر یا راہ گزر میں دفن کریں۔

عمل نمبر 3

سورۃ الفیل اس جگہ کا نام، اس کے مالک کا نام، مقصد کے حروف کا امتزاج بشکل مفردات بنا کر کاغذ کے باریک ٹکڑے کر کے آدھے قبرستان اور آدھے اس جگہ پر بکھیر دیں۔

عمل کن مقامات کیلئے کیا جائے!

شراب کے اڈے یا دوکان کو بند کرنے کیلئے

عصمت فروشی کے اڈوں کو بند کرنے کیلئے

جوا خانہ کو بند کرنے کیلئے

چرس، افیم، شیشے کے اڈے کو بند کرنے کیلئے۔

چوروں، ڈاکوؤں کی آماجگاہ کو اجاڑنے کیلئے۔

قبضہ گروپس کے دفاتر بند کرنے کیلئے۔

ملک دشمن عناصر کے مراکز ویران کرنے کیلئے۔

اسلام دشمن جماعتوں این جی اوز کے دفاتر کیلئے۔

نیز ہر برائی، فحاشی، عریانی پھیلانے کا ذریعہ بننے والی دکان، جگہ، مکان، رہائش، سینما، تھیٹر، مراکز، ہوٹلز، کلب خانے اور ہر قسم کی برائی کے ہر اڈے کو ویران، منتشر، بند کرنے اور اجاڑنے کیلئے یہ عمل اور اس قسم کے دیگر اعمال اس خاص ساعت اور خاص وقت میں کرنے کی اجازت عام ہے۔

نوٹ ناجائز اور بلاوجہ حسد و بغض کے شکار لوگ، صرف اپنی انا کیلئے عمل کرنے والے، اپنے نقصان کے ذمہ دار ہوں گے۔

شرفِ قمر میں مہربانی حاکم کے لیے خاص تعویذ تیار کریں

ماہِ جون میں دو بار شرفِ قمر کا وقت آ رہا ہے۔

1. 2 جون صبح 11 بجے سے لے کر 3 جون رات 12:48 تک۔
2. 29 جون شام 6:23 سے لے کر 29 جون رات 8:03 تک۔

اس دوران مندرجہ ذیل نقش کو تیار کیا جائے۔ حضرت کاش البرنیؒ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر ساعتِ شمس یا مشتری یا شرفِ قمر میں مثلث طبعی کو لکھے اور اپنے پاس رکھے اور حاکم کے پاس جائے، وہ دیکھتے ہی فوراً مہربان ہوگا۔ خواہ خون کر کے ہی کیوں نہ گیا ہو۔ مثلث طبعی یہ ہے:

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

ایسے تمام لوگ، جن کا پالا افسران سے پڑتا ہے، چاہے وہ دفتر میں ہوں یا عدالت میں، تھانے میں ہوں یا پنچایت میں، اس نقش سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

تین دن میں بغض وجدائی کا خاص عمل

شمس مقابلہ زحل کے وقت کا خاص عمل

خالد مقبول حفظہ اللہ

عمل کرنے کا خاص وقت

۲ جون ۲۰۱۶ کو دوپہر 12 بج کر 33 منٹ پر شروع ہوگا۔ ۳ جون ۲۰۱۶ کو صبح 11 بج کر 38 منٹ پر مکمل ہوگا اور ۴ جنوری کو صبح 10 بج کر 53 منٹ پر ختم ہوگا۔ اس دوران ساعتِ زحل میں اس عمل کو کیا جائے۔ ہمارا مشورہ یہ ہے کہ ۴ جون کو ہفتہ کا دن ہے اور پہلی ساعت زحل ہے۔ اس لیے یہ وقت سب سے زیادہ موزوں ہے۔

عمل کن مقاصد کے لیے کیا جائے

شمس مقابلہ زحل کا وقت اعمالِ شر کے لیے خاص وقت ہے۔ اس میں جدائی، بغض وعداوت، سرکشوں، دشمنوں کو عذاب میں مبتلا کرنا اور کسی بری عادت کو چھڑوانے کے اعمال کیے جاتے ہیں۔

اس مضمون میں عداوت اور جدائی کا عمل دیا جارہا ہے۔ اس لحاظ سے جس جگہ شرعاً جدائی جائز ہو، وہاں عمل کیا جائے۔ مثلاً دو افراد میں ناجائز تعلقات ہوں، اولاد یا کوئی دوست رشتہ دار بری صحبت میں مبتلا ہو اور کسی خاص فرد سے جدائی ہونے کی صورت میں اصلاح کی امید ہو، دو دشمنوں کے گٹھ جوڑ کو ختم کرنا ہو تاکہ آپ کا نقصان نہ کریں، کوئی دو افراد کے درمیان جدائی کرانی ہو تاکہ معاشرے میں فتنہ وفساد نہ ہو وغیرہ وغیرہ۔

طریقۂ عمل

جن دو افراد کے نام جدائی کرانی ہو، ان کے نام معہ والدہ حروف کی شکل میں لکھیں اور دونوں ناموں کے درمیان لفظ ''جدائی'' لکھیں۔ کوڑے کے ڈھیر سے کوئی کپڑا اٹھا کر پہلے سے پاس رکھیں۔ کوشش کریں کہ ہاتھ نہ لگے، پیر سے اٹھالیں۔ ایک مثال سے سمجھاتا ہوں۔

انور بن شمیم کا صدف بنت مریم سے ناجائز تعلق ہے۔ ان دونوں میں جدائی کرانے کے لیے اس طرح لکھیں گے:

ان ور ب ن ش م ی م ج دا ئ ص دف ب ن ت م ری م

یہ لکھنے کے بعد درج بالا عبارت کو الٹ لکھیں۔ یعنی آخری حرف سے شروع کریں اور پہلے حرف پر ختم کریں۔

پھر ان حرفوں کو اُلٹ دیں۔ یعنی آخری حرف سے عبارت شروع کریں۔

اصل: ان ور ب ن ش م ی م ج دا ئ ص دف ب ن ت م ری م

الٹ: م ی ر م ت ن ب ف د ص ئ ا د ج م ی م ش ن ب رو ن ا

اس سطر کی تکسیر جفری کریں۔ پھر زمام نکال لیں۔ اب قینچی سے اول سطر علیحدہ کریں۔ آخری لائن علیحدہ کریں اور درمیان کی کل لائنیں علیحدہ الگ رکھ لیں۔ اس طرح تین کاغذ آپ کے پاس ہوں گے۔ ان تینوں کے فلیتے بنالیں اور اوپر کوڑے کے ڈھیر سے لایا ہوا کپڑا لپیٹ دیں۔ اب عمل تیار ہے۔ مزید کچھ نہیں کرنا۔ اگلی ساعتِ زحل کا انتظار کریں۔ جب وہ ساعت آجائے تو سرسوں کا تیل چراغ میں ڈال کر پہلے دن پہلی بتی، دوسرے دن دوسری بتی، تیسرے دن آخری بتی جلائیں۔ تینوں دن وقت ایک ہی رکھیں۔ بتی جلنے کے دوران اس آیت کا مستقل ورد کرتے رہیں:

وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ

(المآئدہ: ۶۴)

کُل آدھ گھنٹے عمل کرنا ہے۔ فلیتے کو آگے بڑھاتے رہیں تاکہ آدھ گھنٹے میں مکمل فلیتہ جل جائے۔ آخر میں فلیتے کی دُم رہ جاتی ہے، اس کو چراغ سے باہر نکال کر جلادیں۔ ان شاءاللہ، تین دن میں آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے۔

جادو کروانے والا اب آپ پر جادو نہیں کروا سکے گا

آج کل جادو کروانا ایک عام سی بات ہوگئی ہے۔ جادو کی کاٹ کرواتے رہو مگر جادو کروانے والا پھر عمل کروا دیتا ہے۔ اس مسئلے کے حل کے لیے دار العمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ میں اسلامی مہینے کے آخری منگل کو ایک خاص عمل کیا جاتا ہے، جس کو کرنے سے جادو کروانے والا بندھ جاتا ہے اور جس شخص کے نام سے عمل کیا جاتا ہے، اس شخص پر عمل کروانے کے قابل نہیں رہتا۔ اس کا دل، دماغ، ہاتھ، پیر اور زبان جادو کروانے میں اس کا ساتھ نہیں دیتے۔ یہ عمل شریعت کے مطابق بالکل جائز ہے اور بغیر فیس نہیں کیا جاتا۔ جو لوگ کروانا چاہیں، وہ ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

مزید تفصیلات کے لیے:

روحانی علاج گاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

ناظم روحانی علاج گاہ **0324/0344-8439477**

اوقات: شام 4 بجے تا 8 بجے (جمعہ و اتوار کو فون نہ کریں)

EMF Meter (Ghost Meter)



قیمت 9000 روپے

یہ میٹر کسی بھی جگہ جنات اور غیبی مخلوق کی موجودگی کا پتہ لگانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ پاکستانی مختلف ٹی وی چینلز میں ویران اور آسیب زدہ جگہوں پر جو پروگرام بنتے ہیں، ان کی ٹیم دوسرے آلات کے ساتھ یہ لازمی استعمال کرتی ہے کیونکہ اس کے بغیر موجودگی کا پتہ نہیں لگتا۔ اسی طرح دنیا کے مختلف ٹی وی چینلز پر جنوں کی موجودگی کا پتہ لگانے کے جو پروگرام لگتے ہیں، ان میں بھی اسی طرح کے میٹرز استعمال کیے جاتے ہیں۔
آج سائنس کے دور میں بہت سے لوگ جنات سے انکاری ہیں۔ کچھ مانتے ہیں مگر یہ ماننے کو تیار نہیں کہ ہمارے گھر میں جنات کا اثر بھی ہے یا جنات موجود ہیں۔ اس میٹر کے ذریعے ہر کوئی چیک کر سکتا ہے کہ گھر میں کس کس جگہ پر جنات کا اثر ہے اور کس جگہ جنات موجود ہیں۔ بہت آسانی سے تھوڑی دیر میں پورا گھر چیک کیا جا سکتا ہے۔ گھر کے علاوہ کسی بھی جگہ کو چیک کیا جا سکتا ہے اور مریض کو مطمئن کیا جا سکتا ہے۔ عاملین کے لیے یہ آلہ بہت ہی مفید ہے۔ اور جعلی قسم کے فراڈ عاملین کو بے نقاب بھی کرنے کے لیے اس کو استعمال کیا جا سکتا ہے جو یہ کہتے ہیں کہ فلاں کے گھر میں خطرناک جنات ہیں، فوری عمل کرواؤ ورنہ نقصان ہو جائے گا۔ اگر جنات ہوں گے تو اس میٹر سے ضرور پتہ لگے گا۔ خریدنے والے کو مکمل تربیت دی جاتی ہے کہ کس طرح اس کو استعمال کرنا ہے اور کیا کیا ضروری حفاظت کا بھی انتظام کرنا ہے۔

روحانی دکان، دار العمل چشتیہ، لاہور۔ 0334-4312272

darulamal.org/ruhanishop, info@darulamal.org

ساحروں اور دشمن پر ان کا جادو واپس پلٹنا سیکھیں

جب سحر مسلسل کا معاملہ ہو تو مریض علاج کرواتا رہتا ہے اور دشمن وار کرتا رہتا ہے اس طرح مریض کی حالت مکمل ٹھیک نہیں ہو پاتی۔ ایسی صورت میں دشمنوں کے اعمال ان پر واپس کر دینا ایک مجرب طریقہ ہے۔ اس پر مستقل عمل کرنے سے مریض کی سحر سے جان چھوٹ جاتی ہے اور آئندہ بہت حد تک حفاظت بھی رہتی ہے۔ شرعاً جادو کا پلٹنا جائز ہے۔

فیس 5000 روپے ہے

واپسی سحر کورس

کورس کی مدت 3 ماہ ہے

اس کورس میں ایسے عملیات سکھائے جاتے ہیں جن کی مدد سے ساحروں اور دشمنوں پر ان کے کئے ہوئے اعمال واپس پلٹے جاتے ہیں۔ یہ کورس صرف عاملین کے لئے ہے۔ عام آدمی یا غیر عامل اگر واپسی کے اعمال کسی ساحر یا جادوگر پر کرے گا تو اس کا شدید نقصان دیکھنے میں آیا ہے۔

وقت کی کمی کے باعث جو افراد چلہ نہیں کر سکتے، وہ نقد صدقہ -/10000 دے کر مختلف واپسی سحر کورس کے اعمال کی اجازت حاصل کر سکتے ہیں۔

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور فون (دفتر): **042-35410586** موبائل (دفتر): **0343-7772772**

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

شناخت (قسط ۲)

عنایت حسین چشتی

جس دن قلندر خان کھوسو میرے پاس آیا تھا وہ بدھ تھا، جمعرات اور جمعے والی درمیانی شب کو میں نے حسب عادت قلندر خان کے حالات کے سلسلے میں استخارہ لیا۔ استخارے کے دوران بھی مجھے ایک پرانا گھنا درخت نظر آیا جس پر بے شمار گدھ منڈلا رہے تھے۔ بہر حال استخارے کے دوران مجھے ایک اشارہ اور بھی ملا جو میری سمجھ میں نہیں آسکا، وہ روئی کے گالوں کی طرح سفید بالوں کا گچھا تھا جو کسی عمارت کے اوپر پوری شدت سے منڈلا رہا تھا، گدھ عام طور پر نحوست کی علامت سمجھا جاتا ہے لیکن سفید بالوں کا الجھا ہوا گچھا میرے لئے نا قابل فہم ہی تھا۔ میں نے دوسرے روز بھی استخارہ لیا۔ اس روز بھی وہی چیزیں نظر آئیں جو پہلے آچکی تھیں اور میں کسی آخری نتیجے پر نہیں پہنچ سکا۔

سنیچر کی صبح قلندر خان مجھے لینے آگیا۔ میں نے حجرے سے رخصت ہونے سے قبل وہاں ایک تختی آویزاں کرادی تھی کہ دو روز کے لئے باہر جارہا ہوں..... سکندر علی کو میں نے خاص طور پر اپنے ہمراہ لے لیا تھا، اس لئے کہ وہ میری ہر ضرورت کا خیال رکھتا تھا۔

قلندر خان کی حویلی خاصی بڑی تھی، میں شام کے جھٹ پٹے کے وقت وہاں پہنچا تھا، اس لئے میں نے آرام کیا۔ دوسری صبح ناشتے کے بعد میں نے قلندر خان کے ساتھ حویلی کے اندر جا کر اس کے صحن کو دیکھا۔ صحن بھی خاصا بڑا تھا، اس کے مشرقی گوشے میں برگد کا تقریباً پچاس ساٹھ سال پرانا ایک درخت موجود تھا، درخت کے ساتھ ہی ایک کنواں تھا جو بند کر دیا گیا تھا۔

میں کچھ دیر کسی سراغ رساں کی طرح ماحول کا جائزہ لیتا رہا پھر میں نے قلندر خان سے دریافت کیا۔

''اس کنویں کو کب بند کیا گیا؟''

''بہت پرانی بات ہے پیر سائیں۔'' وہ بولا۔ ''اس کا پانی ختم ہوگیا تھا اور ہمیں اس کی ضرورت بھی نہیں تھی اس لئے بند کرادیا گیا تھا؟''

''کیا تمہاری صرف دو بیویاں ہیں؟'' میں نے دبی زبان میں سوال کیا۔

''جی ہاں۔'' اس نے کچھ توقف سے جواب دیا۔ فی الحال میرے نکاح میں دو ہی ہیں''۔

''فی الحال سے تمہاری کیا مراد ہے؟'' میں نے وضاحت چاہی، مجھے علم تھا کہ وڈیرے اور سردار قسم کے مقامی لوگ ایک ایک وقت میں کئی کئی عورتیں رکھتے تھے جن میں سے کچھ کے ساتھ باقاعدہ نکاح ہوتا تھا اور کچھ کو بطور پر غمال مختلف مد میں تحویل میں لے لیا جاتا تھا۔

''میں اس سے پہلے بھی تین شادیاں کر چکا ہوں؟'' قلندر خان نے صاف گوئی کا مظاہرہ کیا۔

''ان تینوں کا کیا بنا؟''

''ایک مرگئی تھی اور دو کو میں نے طلاق دے دی تھی۔''

''ان کے علاوہ کیا کچھ اور عورتیں بھی تمہارے تصرف میں رہ چکی ہیں؟'' میں نے رازدارانہ انداز میں پوچھا کہ سکندر علی نہ سن سکے۔

قلندر خان میرے سوال پر کسمسا کر رہ گیا۔ اس کی خاموشی نیم رضا مندی کے مترادف تھی۔ وہ خاموش رہا تو میں نے بھی اصرار نہیں کیا۔ بات کا رخ بدل کر بولا۔'' کیا میں تمہاری بڑی بیگم سے کچھ سوال کر سکتا ہوں؟''

''حرج تو کوئی نہیں پیر سائیں لیکن ہم اپنی عورتوں کو کسی اور سے بات چیت کی اجازت نہیں دیتے۔'' اس نے کسی قدر تذبذب سے کہا۔

''اچھی بات ہے۔'' میں نے اس کا مفہوم سمجھتے ہوئے بات بنا دی۔'' عورت کا کسی نامحرم کے سامنے آنا یا اس سے بات کرنا مناسب بھی نہیں ہے۔''

''آپ اس غریب کے لئے کوئی تعویذ لکھ دیں تو میں آپ کا احسان کبھی فراموش نہیں کروں گا۔''

قلندر خان نے عاجزی سے کہا۔

دو روز اور رک جاؤ میرے عزیز...... ہوسکتا ہے کہ میں اس عرصے میں خدا کی مرضی سے کوئی اور صورت تلاش کرنے میں کامیاب ہو جاؤں۔ میں نے اسے تسلی دی۔

دوپہر کے کھانے کے بعد میں قیلولہ کرنے کی خاطر لیٹا تو سکندر علی نے میرے پیر دبانے شروع کر دیئے۔ میں قلندر خان کے بارے میں غور کر رہا تھا، سفید بالوں کا گچھا اس وقت بھی میرے ذہن میں الجھ رہا تھا جب سکندر علی نے دبی زبان میں کہا۔ ''میاں جی'' آپ نے کیا اندازہ لگایا ہے، قلندر خان کے بارے میں؟''

''کیا مطلب؟''

''میرا خیال ہے کہ قلندر خان یہ سب کچھ دنیا دکھاوے کو کر رہا ہے۔'' سکندر علی نے جواب دیا۔

''تم نے کیسے سوچ لیا؟'' میں نے اسے وضاحت طلب نظروں سے گھورا۔

''مجھے اس کے ایک پرانے ملازم نے بتایا ہے''۔

''کیا؟''

''تینوں مرنے والی بچیاں تھیں۔'' سکندر علی نے ادھر ادھر دیکھ کر کہا۔ ''اس کا خیال ہے کہ خود قلندر خان نے ان تینوں لڑکیوں کو پروان چڑھنے سے پیشتر ہی ختم کرادیا اور اب لوگوں کو وہم میں مبتلا کرنے کی خاطر الٹے سیدھے تماشے کر رہا ہے۔''

''لیکن لڑکیوں کی موت سے اسے کیا حاصل ہوسکتا ہے؟''

''یہ تو وہی بتا سکے گا لیکن کہنے والے نے بتایا ہے کہ قلندر خان بچیوں کو پسند نہیں کرتا۔ اس سے پہلے بھی اس نے جو تین بیویوں کو نمٹایا ہے۔ ان کے ساتھ بھی قدرت نے یہی کیا تھا۔ میرا مطلب ہے کہ جن دو بیویوں کو طلاق دی اور ان کے گھر بھی بچیاں پیدا ہوئی تھیں لیکن مردہ حالت میں۔ تیسری غریب ولادت ہونے سے پیشتر ہی اللہ کو پیاری ہوگئی تھی...... ہوسکتا ہے کہ مردہ بچیوں کی پیدائش کے اندر بھی اسی کا شیطانی ہاتھ شامل ہو ورنہ ایک ہی اتفاق پانچ بار تو نہیں ہوسکتا۔ سکندر علی نے گفتگو جاری رکھتے ہوئے کہا۔'' ملازم کا کہنا ہے کہ ایک بیوی جسے طلاق دی گئی تھی، بڑی ہی نیک اور خدا ترس تھی، سب کا خیال رکھتی تھی، بلا کی حسین تھی، اس لئے قلندر خان اسے بہت چاہتا تھا لیکن اسے یہ بات پسند نہیں تھی کہ وہ غریب ملازموں کو منہ لگائے یا ان کے دکھ درد بانٹنے کی کوشش کرے۔ ولادت سے ایک مہینے پیشتر ہی دونوں کے درمیان ہونے والے بچے کے سلسلے میں کھینچا تانی شروع ہوگئی تھی، قلندر خان نے اس سے کہا تھا کہ اسے بیٹا چاہئے اور اس غریب نے یہی جواب دیا تھا کہ جو بات خدا کے اختیار میں ہے اس کے سلسلے میں وہ کیا کرسکتی ہے۔ ملازم کا خیال ہے کہ اس کے ہاں جنم لینے والی لڑکی زندہ تھی لیکن قلندر خان نے لیڈی ڈاکٹر سے مل کر اسے بھی ٹھکانے لگوادیا۔ پرانے زمانے میں بھی یہی ہوا کرتا تھا کہ لڑکیوں کو زندہ درگور کرادیا جاتا تھا......''

''وہ جہالت کا زمانہ تھا۔'' میں نے کہا۔

''اب بھی جاہلوں کی تعداد پڑھے لکھے لوگوں سے زیادہ ہے اور پھر ہمارے ہاں دین سے دوری بھی ہے۔'' سکندر علی نے مدبرانہ جواب دیا۔

سکندر علی نے غلط نہیں کہا تھا۔ اس کی فراہم کردہ معلومات میرے لئے قابل نظر انداز نہیں تھیں، اس لئے کہ قلندر خان کے دو بچے جو حیات تھے وہ دونوں لڑکے تھے چنانچہ شام کو جب وہ مجھ سے ملنے آیا تو تین بچوں کی اموات کے سلسلے میں ذکر چھیڑ دیا۔ وہ مجھے محتاط انداز میں تفصیل بتاتا رہا، میں اس کے چہرے کے تاثرات کو پڑھتا رہا۔ بظاہر وہ غلط بیانی سے کام نہیں لے رہا تھا لیکن پھر بھی میں نے اپنی تسلی کی خاطر پوچھ ہی لیا۔

'' قلندر خان، کیا مرنے والے بچوں کا تعلق ایک ہی جنس سے تو نہیں تھا؟''

وہ میرا سوال سن کر چونکا، کچھ توقف سے بولا۔'' آپ کا اندازہ درست ہے، وہ تینوں لڑکیاں تھیں۔''

''کیا تمہاری پہلی تین بیویوں کے یہاں بھی کوئی ولادت ہوئی تھی؟''

”جی ہاں۔“ وہ پہلو بدل کر بولا۔ ”دو کے ہاں مردہ لڑکیاں پیدا ہوئی تھیں اور تیسری یہ حسرت لیے دنیا سے کوچ کر گئی۔“

جو معلومات سکندر علی نے فراہم کی تھیں وہ معمولی ردوبدل کے ساتھ درست ہی ثابت ہوئیں، اس لئے میں بھی سوچ میں پڑ گیا کہ ہوسکتا ہے کہ ان تمام حادثات میں خود قلندر خان کھوسو ہی کا ہاتھ شامل ہو لیکن ایسا نہیں تھا۔ وقتی طور پر مجھے خود وہم لاحق ہوا تھا وہ اسی رات تیسری بار استخارہ لینے پر دور ہو گیا۔ اس روز مجھے جو غیبی اشارے ملے تھے اس سے میں نے یہی نتیجہ اخذ کیا تھا کہ قلندر خان بچیوں کی موت کی حد تک بے قصور ہے، اب تک جو اموات ہوئی تھیں اس میں البتہ کسی نادیدہ قوت کا دخل تھا۔ تیسری بار استخارہ لینے پر میں نے خاص طور پر اس کنویں کو بھی دیکھا جو بند کرایا جاچکا تھا۔ کنویں اور برگد کے درخت کے درمیان، میں نے زمین کو اس طرح حرکت کرتے دیکھا تھا جیسے کوئی جان دار شے اس سے باہر آنے کی جدوجہد کر رہی ہو پھر زمین کا وہ مخصوص ٹکڑا زلزلے کی کیفیت سے دوچار ہو۔

دوسرے صبح میں نے قلندر خان کے ساتھ جا کر پھر اس جگہ کو غور سے دیکھا جو مجھے متحرک نظر آئی تھی۔ خاصی دیر تک میں مختلف زاویوں سے اسے بغور دیکھتا رہا پھر میں نے سکندر علی کو مخاطب کیا اور زمین کے اس حصے کو کھودنے کی ہدایت کی۔

”خیریت تو ہے پیر سائیں؟“ قلندر خان نے اضطراب سے پوچھا۔ ”کیا آپ نے کچھ معلوم کر لیا ہے۔“

”غیب کا حال اس کے سوا اور کوئی نہیں جانتا۔ میں اپنی سی کوشش کر رہا ہوں“۔

میں قلندر خان کے ساتھ کرسیوں پر بیٹھا تھا اور سکندر علی کدال سے اس حصے کی آہستہ آہستہ کھدائی کر رہا تھا جس کی نشان دہی مجھے گزشتہ رات استخارے میں کی گئی۔ تقریباً ایک فٹ زمین کھودنے کے بعد سکندر علی گھبرا کر ایک طرف ہو گیا۔ اس کے چہرے سے خوف جھلک رہا تھا۔

”کیا بات ہے سکندر علی، تم رک کیوں گئے؟ میں نے دریافت کیا۔

”میاں جی......ایک درخواست کروں......؟“ سکندر علی نے عجیب سے انداز میں کہا۔ ”آپ زمین کی کھدائی کا کام کسی اور سے کرالیں“

”کیوں؟ کیا تم تھک گئے ہو؟“ میں نے کریدنے کی غرض سے کہا۔

”بات تھکنے کی نہیں ہے“۔

”پھر اور کیا وجہ ہے؟“۔

”مجھے خوف محسوس ہو رہا ہے۔“ سکندر علی نے سہمے سہمے لہجے میں جواب دیا۔ ”ہوسکتا ہے یہ میرا وہم ہو لیکن مجھے ایسے لگا ہے جیسے کوئی مجھے اس کام سے روکنے کی کوشش کر رہا ہے، منع کر رہا ہے۔“

”میں تمہارے قریب ہوں۔“ میں نے اسے دلاسا دیا۔ ”خدا نے چاہا تمہیں کچھ نہیں ہوگا۔“

”مجھے کسی بات کا ڈر نہیں ہے میاں جی، لیکن آپ......سکندر علی کچھ کہتے کہتے رک گیا۔

”میری فکر مت کرو۔“ میں نے یقین سے جواب دیا۔ ”خدا کی مرضی کی خلاف کچھ نہیں ہوتا، تم کھدائی کا کام شروع کرو۔“

قلندر خان خاموش بیٹھا تھا، سکندر علی کی بات نے ایک لمحے کو اسے بھی پریشان کر دیا تھا لیکن پھر وہ مطمئن نظر آنے لگا، سکندر علی نے آگے بڑھ کر کدال دوبارہ سنبھال لی اور کھدائی کا کام شروع کر دیا لیکن دس منٹ بعد ہی وہ چیخ مار کر ایک طرف ہو گیا۔ اس کے چیخنے کی وجہ وہ گاڑھا گاڑھا خون تھا جو زمین سے ابل کر باہر آ رہا تھا۔ قلندر خان نے متوحش نگاہوں سے میری طرف دیکھا لیکن میری نگاہوں کا مرکز زمین کا وہ ٹکڑا تھا جہاں سے تازہ تازہ خون ابل رہا تھا۔

صحن کی کھدائی سے پہلے ایسی کوئی علامت نظر نہیں آتی تھی جس سے ظاہر ہوتا کہ کسی حصے کی تازہ کھدائی کرنے کے بعد اسے دوبارہ بند کیا گیا ہو لیکن تازہ تازہ خون اس بات کی گواہی دے رہا تھا کہ وہاں کوئی دفن تھا جسے دفنائے زیادہ وقت نہیں گزرا تھا۔

سکندر علی کے چہرے پر بدستور ہوائیاں اڑ رہی تھیں۔ وہ ڈرپوک قسم کا

آدمی نہیں تھا مگر اس وقت اس کی کیفیت قابل دید تھی۔ اس کی نگاہیں پھٹی پھٹی تھیں جن سے خوف جھانک رہا تھا، دور سے نظر آ رہا تھا کہ اس کی دل کی دھڑکنیں بتدریج تیز سے تیز تر ہو رہی تھیں۔

''یہ...... یہ کیا ہے پیر سائیں؟'' قلندر خان کی گھبرائی ہوئی آواز میرے کانوں میں گونجی۔ ''یہ خون کیسا ہے؟''۔

''کیا کبھی یہاں کسی کو دفن کیا گیا تھا؟'' میں نے قلندر خان کی جانب دیکھے بغیر سوال کیا۔

''میرے علم میں نہیں ہے''۔

''اس حصے کی ابھی حال میں کھدائی تو نہیں ہوئی تھی؟''

''جی نہیں''۔

''یہ حویلی کب سے آباد ہے؟''

''ہمارے پرکھوں کے زمانے سے لیکن......''

''صحن کا یہ حصہ زیادہ استعمال میں تو نہیں رہتا؟''

''اب نہیں رہتا'' قلندر خان نے سنجیدگی سے جواب دیا۔ ''ایک مہینے پہلے یہاں برگد کی شاخ سے ایک جھولا پڑا تھا'' ہمارے گھر کی عورتیں باہر نہیں نکلتیں، گھر کے اندر ہی اندر اپنی تفریح کا سامان پیدا کر لیتی ہیں۔''

''جھولا ہٹوانے کی وجہ کیا تھا؟'' میں نے خون پر نظر جمائے پوچھا۔

''میری بڑی بیوی! اس سے گرتے گرتے بچی تھی، اس لئے میں نے اسے ہٹوا دیا''۔

زمین سے ابلنے والا خون بند ہونے لگا تھا، میرا دل گواہی دے رہا تھا کہ زمین کے اس ٹکڑے سے قلندر خان کی پریشانی کا کوئی نہ کوئی بہت گہرا تعلق ضرور ہے۔ بعض جان لیوا عمل میں خون کا پایا جانا میرے لئے کوئی تعجب خیز بات نہیں تھی، ہندو اور بھنگی اسے جیو دھاری جنتر منتر کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ ایسے عمل کی خاصیت یہ ہوتی ہے کہ وہ سال میں ایک نہ ایک جان ضرور لیتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ پڑھنے والوں کے ذہن میں کوئی ایسی جھیل، کنواں یا کوئی اور دوسرا ایسا مقام ہو جہاں ہر سال ایک مخصوص مدت میں کسی نہ کسی کی موت واقع ہوتی ہو۔ (ہندوستان میں ایسی بے شمار جگہیں پائی جاتی ہیں) بہر حال جب خون مکمل طور پر جم گیا تو میں نے سکندر علی کی طرف دیکھا۔

''کیا تم اس جگہ کی تھوڑی کھدائی اور کر سکتے ہو؟''

''میاں جی...... وہ...... میں......''

''خدا پر بھروسا رکھو سکندر علی۔ تمہیں کچھ نہیں ہوگا۔'' میں نے اسے دلاسا دیا۔

''آپ بجا فرما رہے ہیں لیکن جان بوجھ کر......''

''ٹھیک...... ہے'' میں اس کا جملہ کاٹ کر اٹھتے ہوئے بولا۔ ''کھدائی کا بقیہ کام میں خود انجام دے لوں گا۔''

''نہیں میاں جی، نہیں......'' سکندر علی جو بری طرح سہما ہوا تھا، مجھے اٹھتا دیکھ کر تیزی سے کھڑا ہو گیا اور کدال اٹھا کر بولا ''آپ پر سے ہزاروں سکندر علی قربان میں آپ کو کھدائی نہیں کرنے دوں گا۔'' (جاری ہے)

رمضان المبارک کے عملیات

جمع وترتیب: عبدالہادی اعظمی ندوی (علی گڑھ، انڈیا)

ماہ رمضان المبارک کی مناسبت سے چند منتخب عملیات پیش خدمت ہیں:

(۱)......سانپ کا مجرب عمل

اول وضو بہتے یا گرتے پانی سے کریں۔ ۲۷ / شب ماہ رمضان نیک ساعت میں اس عمل کو کریں۔ وضو کے بعد ۱۲۱ / چنے نخود لیں۔ نیم کے درخت کے نیچے بیٹھ کر حسب ذیل رباعی ۱۲۱ / مرتبہ مع درود شریف اول آخر گیارہ مرتبہ پڑھیں، یعنی ہر دانہ پر ایک مرتبہ رباعی پڑھیں اور دانہ پر پھونک مار کر دوسری طرف رکھتے جائیں، اس کے بعد فاتحہ بروح حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم دیں، اور سرکار کے وسیلہ سے اس کا ثواب حضرت یحییٰ منیر الدینؒ کی روح کو دیں۔ اس کے بعد ۱۲۱ چنے نگل جائیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ کوئی چنا دانت کو نہ لگے۔

اس کے بعد نیم کے درخت پر سیدھا ہاتھ الٹ اور بایاں ہاتھ سیدھا رکھ کر درخت سے کہیں: ''اے درخت میں نے سانپ کا عمل کیا ہے، تو گواہ رہنا، اس کے بعد گواہ رہنا۔'' اور اس کے بعد جواب میں دو مسلمان ہوں جو یہ سن کر کہیں کہ ہم گواہ ہیں، پھر شیرینی پر فاتحہ دے کر بچوں میں تقسیم کر دیں، پہلے سال جب عمل کریں تو ۱۲۱ دانے نگلنا ہوں گے، دوسرے سال سو دانے، تیسرے سال ۲۱ دانے، چوتھے سال ۱۱ دانے نگلنا چاہئیں اور جو دانے بچ جائیں اس کو فی کس ایک دانہ کھلا سکتے ہیں، جو شخص ایک دانہ کھالے گا سال بھر سانپ کے کاٹے سے محفوظ رہے گا، ہر سال ۱۱ دانے نگلنا ہوں گے۔

اگر کوئی آ کر اطلاع دے کہ فلاں کو سانپ نے کاٹا ہے فوراً اٹھ کر اس کو یعنی اطلاع دینے والے کے منہ پر یا ہاتھ پر ماریں اور کہیں کہ سانپ کا زہر اتر گیا ہے۔

پرہیز: گائے کا گوشت مطلقاً ترک کر دیں اور پیشاب دونوں پیروں کے درمیان سے نہ گزرے۔

اگر مارنے سے زہر نہ اترے تو عامل مریض کے پاس جا کر بہتے پانی میں دستی تر کرے اور ایک بار عمل پڑھ کر دستی سے پانی نچوڑ کر مریض کے منہ پر مارے اور منہ کو پونچھ کر جھٹک دیں، زہر اتر جائے گا۔

رباعی یہ ہے:

کالا کوبرا کالا بس --- جیسے کاٹے بس اسے چڑھے بس

حضرت یحییٰ منیر الدین کی دہائی --- اتر بس اتر بس اتر بس

(۲)......سانپ کاٹے کا عمل

رمضان شریف کی ستائیسویں شب کو مندرجہ ذیل کلمات ۱۰۱ مرتبہ پڑھے، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے، یہ عمل پکا ہو گیا۔ اب روزانہ کسی وقت بھی سات مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

جب کسی کو سانپ کاٹے تو اس ورد کو پانی پر پڑھ کر سات مرتبہ چھینٹے آدمی کے منہ پر مارے اور پڑھتا جائے اور منہ پر پانی مارتا جائے، ان شاء اللہ تعالیٰ کامل فائدہ ہوگا۔ وہ ورد یہ ہے: خدا کہے سنے محمد سانپن کا بس کیسا ......دور سے کہے نبی محمد جہاں رہے گھر بیٹھا...... آدم چام لپیٹیاں سن ماتھے ٹھہراؤں...... ہانک ماروں بس جھڑے نزل کرے خدا

(۳)......فراخی رزق کا ایک روزہ انوکھا عمل

رمضان شریف کا چاند دیکھ کر سورۃ إِنَّا أَنزَلْنَاهُ پڑھنا شروع کر دیں، اور نماز عشاء کی اذان تک بلا تعداد پڑھتے رہیں، اول آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں، اس عمل کی برکت سے بفضل خدا تمام سال روزی فراخ ہوگی، کاروبار میں برکت ہوگی اور مالی نقصان سے محفوظ رہے گا۔

(۴)......عمل رزق لاجواب

۲۷ / ماہ رمضان کی رات کو بعد نماز عشاء سات دانے جو لے لیں اور ہر دانہ جو پر ۷۰ مرتبہ یا رزاق پڑھیں، ان سات عدد جَو کو اپنے بٹوہ میں ڈال دیں، ان شاء اللہ ایک سال تک وہ بٹوہ روپیوں سے ہمیشہ پُر رہے گا۔

خزینہ روحانیات کے قارئین کیلئے ادویات پر 25% خصوصی رعایت

نام دوائی	ادویات کے خواص	عام قیمت	رعایتی قیمت
معجون مغلظ جواھر دار (300 گرام)	مغلظ اورافزائش مادہ منویہ میں معاون، بڑی ہوئی حس کیلئے	615	461
معجون آردخرمہ (300 گرام)	مادہ تولید کی افزائش اورمقوی باہ ہے، جریان کی خاص دوا	240	180
خمیرہ ابریشم حکیم ارشدوالا (300 گرام)	اعضاء رئیسہ دل ودماغ وجگر کو تقویت دے کرطبعی قوت بڑھاتا ہے	1050	787
دوالمسک (300 گرام)	ضعف جگرومعدہ، افزائش خون کرتی ہے، غشی، بیہوشی کودفع کرتی ہے	930	697
لبوب کبیر قسم اعلیٰ (300 گرام)	مقوی باہ، بدن کو چست وطبیعت کو ہشاش بشاش رکھتا ہے	720	540
معجون سپاری پاک (100 گرام)	نسوانی اعضائے نسل کومضبوطی، افعال رحم کودرست کرتی ہے	110	82
دواالمسک حار (100 گرام)	سردامراض، لقوہ، فالج، رعشہ کے لئے مفید مقوی اعضاء رئیسہ	140	105
حب نزلہ (20عددگولیاں)	دماغی نزلہ اور زکام، کھانسی گلے کی خراش میں مفید ہے	65	49
روغن بیضہ مرغ (50ملی لیٹر)	عضلات کوطاقت بخشتا اورفربہی لاتا ہے، سر کے بالوں کومضبوط کرتا ہے	300	225
طلاء پستئی (10ملی لیٹر)	جلق سے تباہ شدہ اثرات کو دور کرنے کے لئے مجرب طلاء	150	112
جمال (کریم)	عضومخصوص کے نقائص دور کرتا ہے	90	67
حب عنبر (20عددگولیاں)	مقوی اعصاب وباہ ہے، سرعت کو رفع کرتی ہے	110	82

نام دوائی	ادویات کے خواص	عام قیمت	رعایتی قیمت
جوارش جالینوس (100 گرام)	تقویت معدہ کیلئے مسلمہ دوا ہے، ریح البواسیر، بدہضمی وغیرہ دور کرتی ہے	200	150
اطریفل اسطخودوس (300 گرام)	نزلہ وزکام اور دردسر کیلئے مفید ہے، کان کے درداور بہنے میں سودمند ہے	90	67
اطریفل زمانی (300 گرام)	دائمی قبض، مالیخولیا کی شکایتوں کیلئے طب کی خاص دوا ہے	255	168
لعوق سپستان (300 گرام)	گلے، پھیپھڑوں اور ہوائی نالیوں کے ورم کودفع کرتا ہے	220	165
قرص ملین (20 گولیاں)	دست آوراوررفع قبض کیلئے بہترین	75	56
خمیرہ گاؤزبان سادہ (100 گرام)	مقوی دل ودماغ ہے، دائمی نزلہ، سردرد، مالیخولیا میں مفید ہے	90	67
جوارش کمونی (300 گرام)	معدہ کی تمام بیماریوں اور کمزوری دور کرنے کی خاص دوا ہے	240	180
جوارش سنبل الطیب (100 گرام)	قبض کی دافع، دردشکم اورعورتوں کے ایام ماہواری کی تکلیف میں مفید	65	48
اکسیر طمث (20عددگولیاں)	فوائدزیادتی خون حیض کوبند کرتی ہے	45	34
برھانی پلس (40عددگولیاں)	بلغمی وسردامراض میں مفید نزلہ، زکام اورعام کمزوری دور کرتی ہے	120	90
تنگی (100 گرام)	سیلان الرحم، رطوبات کی بدبواوررحم کے ڈھیلاپن کودفع کرتی ہے	100	75
حب فیروزشاہی (24عددگولیاں)	حرارت عزیزی کی محافظ ہے	225	169
طلاء مجلوق (6 گرام)	عضوخاص کے جملہ نقائص کودور کرتا ہے	120	90

042-35410586, 0307-5525103 darulamal.org/matabalaarif, matabalaarif@gmail.com

اگربتیوں کی ورائٹی کی تفصیل darulamal.org/ruhanishop/sale/agarbatti.htm

مخفی علوم کے خزانوں سے منتخب اعمال

ماہرِ علومِ مخفی صوفی حکیم غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ (حویلی لکھا)

کاغذ کو کرنسی نوٹ میں تبدیل کرنا

جب کاغذ کے روپے بنانے کا ارادہ ہو تو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے جمعۃ المبارک کا روزہ رکھیں اور اور افطار کسی غیر رُوحی چیز سے کریں۔ دودھ گوشت اور ترکِ حیوانات کا مکمل پرہیز کرتے ہوئے۔ نماز مغرب کے بعد چالیس کاغذ اُس کرنسی نوٹ کے برابر کاٹ کر ایک نوٹ اُن کے نیچے اور ایک نوٹ اُن کے اُوپر رکھ دے، اوپر نیچے شیشے کا ٹکڑا رکھ کر اچھے طریقے سے باندھ دے اور اسے اپنی جائے نماز کے نیچے رکھیں اور پھر عمل کو پڑھنا شروع کریں اور بخور جاوی اور لوبان کا روشن کریں۔ نماز فجر تک اپنے عمل کو جاری رکھیں۔ پس نماز فجر ادا کرنے کے بعد اُسے اُٹھا کر دیکھ تمام کاغذ روپوں میں تبدیل ہو چکے ہوں گے۔ اگر پہلی رات ایسا نہ ہوں تو دوبارہ ایسا ہی کریں۔ سات یوم تک مسلسل اور روزانہ نماز فجر کے بعد دیکھیں۔ ساتویں یوم مراد حاصل ہو جائے گی۔ پڑھنے والا عمل یہ ہے:

"یَا اَعْمَادَائِیْلُ دَرِیْرَہٗ وَدَرَارِشْ۔ هُمَ لِیُوَہٗ خَاخَادَمْ لِیُوَہٗ۔ اَجِبْ یَااَعْمَادَائِیْلُ وَیَا عَمْهَائِیْلُ وَبَدِّلْ هٰذَا الْکَاغِذَ بِکَرَنْسِی عَلٰی سِکَّہ رَائِجِ الْوَقْتِ وَهٰذَا مُلْکِہٖ هٰذَا کَاغَذَۃِ قَدَّرُوْهَا تَقْدِیْراً۔

دُعائے نُور

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًاوَّفِیْ بَصَرِیْ نُوْرًاوَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًاوَّفِیْ لِسَانِیْ نُوْرًاوَّ عَنْ یَّمِیْنِیْ نُوْرًاوَّ عَنْ یَّسَارِیْ نُوْرًاوَّ مِنْ فَوْقِیْ نُوْرًاوَّ مِنْ تَحْتِیْ نُوْرًا وَّ مِنْ اَمَامِیْ نُوْرًا وَّ مِنْ خَلْفِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ عَصَبِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًاوَّ فِیْ شَعْرِیْ نُوْرًاوَّ فِیْ بَشَرَتِیْ نُوْرًاوَّ فِیْ لَحْمِیْ نُوْرًا وَّفِیْ دَمِیْ نُوْرًا وَّفِیْ عِظَامِیْ نُوْرًا وَّفِیْ قَبْرِیْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا وَّاَعْطِنِیْ نُوْرًا وَّ اجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ۔

جو کوئی مندرجہ بالا دُعائے نور کو روزانہ اپنے ورد میں رکھے تو اللہ تعالیٰ اُس کے دِل کو منور فرمائے گا۔ اور اُس کے چہرہ پر ایک خاص قسم کا نور اہل نظر مشاہدہ کریں گے۔ اور اُس کے اردگرد ایک نورانی حصار غیبی طور پر قائم ہو جائے گا۔ جس کی وجہ سے کوئی بھی کالے پیلے علم کرنے والے جادوگروں اور سفلی عاملین کے کسی بھی طرح کے گندے اور غلیظ علم و عمل سے محفوظ رہے گا۔ اس دُعا کے عامل کو عجیب و غریب مشاہدات ہوں گے۔ جن کا تذکرہ یہاں مناسب نہیں ہے۔

اسماءِ عشرہ عصاءِ موسیٰ علیہ السلام

دافع جنات وآسیب اور سحر جادو۔ فارسی معانی کے ساتھ درج کئے جاتے ہیں۔

سَرَایُوْ (خدائے من) لِزَرْعِیْ (پروردگار من) جَوْسًا (رزق دھندہ من) مَّنُوْعًا (منع کنندہ من) عَالِمًا (دانندہ من) طُیُوْثُوْنَا (بتیندہ من) سَلِیْخَا (شنوندہ من) مَّلِیْخًا (پرورش کنندہ من) مَّلْقُوْمًا (پیدا کنندہ جہاں) یَاقَیُّوْمًا (پائیندہ دوام) بِحَقِّ کٓهٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ وَ بِحَقِّ اِهْیًا اَشْرَاهْیًا۔ فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللهُ وَهُوَالسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

ان اسماء کی تفصیلات ہماری دیگر کتب مثلاً ''ردِ سحر حصہ اول دوم سوم'' اور آسیبی قوتوں سے نجات'' میں درج ہے۔ وہاں سے دیکھیں۔ اور فیض

حاصل کریں۔

اسم اعظم سریانی اول

أَبِ۔ تُوكِ۔ جَلِيلِ۔ يَآدَارَعَآئِبِ۔ يَاغَآئِبِ۔ آغِيلِ۔ يَآمِ لَمِيمِ۔ قَآئِمُ۔ تَحُسّم بَرُغَاسُ۔ سَلَامٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيمٍ۔

اسم اعظم سریانی دوم

اُبِ۔ تُوكِ۔ جَلِيلِ۔ بَارِيِّ۔ غَابِ۔ اَغْيَالِبِ۔ اَغْيِيلِ۔ عَيِيلِ۔ طَامِ۔ طَامِيمِ۔ كَامِ۔ تَحِسم۔ بَرغَاثِ۔ سَلمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيمٍ۔

اسم اعظم سریانی کے بارے میں ہماری دوسری تصنیف ''فیضان قرآن'' میں تمام تر تفصیل موجود ہے۔ ان میں کون سے اسمائے تورات اور کون سے اسماء انجیل مقدس اور کون سے اسماء قرآن مجید کے ہیں۔ اور ان اسماء سے متعلق حضرت علی کرم اللہ وجہہ تعالیٰ کا فرمان مبارک بھی آپ کو ہماری کتاب ''فیضان القرآن'' میں مل سکے گا۔ اسی طرح اسم اعظم کی مزید معلومات ہماری تصنیف ''عکس لوح محفوظ'' میں بھی درج ہیں۔ یہ کتاب حروف مقطعات (حروف نورانیہ) پر ایک جامع کتاب ہے۔ ان حروف کے مخفی راز معلوم کرنے کے لیے ضرور مطالعہ فرمائیں جو آپ کو بے شمار کتب سے بے نیاز کردے گی۔

آیت کریمہ مکمل

لَآاِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ۔

آیت کریمہ جو کہ حضرت یونس علیہ السلام کی دُعا بھی ہے۔ اب تک جتنی بھی عملیات و رُوحانیات کی کتب شائع ہوئی ہیں، اُن سب میں یہ دُعا نامکمل ہی لکھی گئی تھی۔ اس عظیم دُعا کے مختلف اعمال آپ کو دیگر بے شمار کتب میں ملیں گے۔ مگر یہ دُعا وہاں مکمل نہ ہوگی۔ اسی لیے لوگوں نے سوا، سوا لاکھ اس دُعا کے مکمل کئے مگر گوہر مقصود حاصل نہ کر سکے۔ وجہ یہی تھی کہ جب عمل ہی نامکمل تھا تو پھر اس کے فیوض و برکات کیسے حاصل ہوتے۔ استاد کامل کے بغیر یہی کچھ ہوا کرتا ہے۔

مختلف زبانوں میں اسم اعظم

زبان	ذاتی نام	جامع الصفات نام	متبادل عربی
عربی	اللہ	رَبّ	
فارسی	ایزد۔ خُدا یزداں	پروردگار۔ کردگار اے اُمید اُمیدواراں۔ اے چارہِ بیچارگاں	اللہ۔ رب
عبرانی	اِیلؒ	اِھیَا اَشَر اِھیَا	یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ
سریانی	یھوواہ۔ یُوہِ	تجیر جیوشا	
سنسکرت	اُوم	گنیش۔ برھسپت	اللہ

عمل کشف القبور

اس عمل کو عروج ماہ کی پہلی جمعرات کو قبرستان میں رات کو شروع کریں۔ تین ہزار پچاس (۳۰۵۰) مرتبہ قبروں کے درمیان بروئے شمال بیٹھ کر پڑھیں۔ آنکھیں بند رکھیں۔ اکتالیس (۴۱) روز مسلسل عمل جاری رکھیں۔ پرہیز جمالی وجلالی کے ساتھ اور اول و آخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مُردوں کے ساتھ بخوبی باتیں ہوں گی۔

اگر کسی صاحب مزار سے چاہیں تو اُس کے مزار پر اسی طریقہ پر عمل کریں۔ بات بھی ہوگی اور رُوحانی فیض بھی حاصل ہوگا۔

عمل یہ ہے:

''بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ۔''

عملیات حب و تسخیر

انور اویس صاحب

پسند کی شادی اور مطلوب کو حاصل کرنا

یہ ایک ایسا راز ہے کہ کوئی لاکھوں روپے کے عوض بھی نہیں بتاتا۔ میرا مقصد یہ ہے کہ ہر ضرورت مند اپنے آپ میں ہمت پیدا کر کے ناممکن کو ممکن بنا لے۔ وظیفہ یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد ایک سو (۱۰۰) دفعہ "اللہ الصمد" پڑھیں۔ آنکھیں بند کر کے مطلوب کے تصور سے یا اگر کہیں شادی کرنی ہو تو جو انکاری ہوں، ان کے تصور سے پڑھیں۔ ان شاء اللہ اکیس (۲۱) دن میں آپ اپنی آنکھوں سے اس کا اثر دیکھ لیں گے۔

تسخیر و حب

تسخیرِ خلائق، عام لوگوں کو مسخر کرنے اور اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے مندرجہ ذیل آیات گیارہ (۱۱) مرتبہ بعد نمازِ فجر اور بعد نمازِ مغرب پڑھیں۔ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف (مجرب ہے)۔

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ

(سورہ بقرہ آیت نمبر 165)

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۚ﴿۱۳۴﴾ (سورہ آل عمران آیت نمبر 134)

اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ (سورہ الانعام آیت نمبر 122)

فَلَمَّا رَاَيْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۫ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿۳۱﴾ (سورہ یوسف آیت نمبر 31)

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ؏

(سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر 111)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ؕ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿۶۹﴾ (سورہ الاحزاب آیت نمبر 69)

شخصی جاہ و جلالت

شخصی جاہ و عزت اور تسخیر کے لیے ذیل کا عمل دس (۱۰) بار پڑھ کر اپنے منہ پر مل کر جس کے پاس جائے گا، وہ بے حد محبت کے ساتھ پیش آئے گا اور اس میں بہت سے فائدے ہیں۔ مجرب ہے۔

اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ یا خیر المقصودین یا خیر المطلوبین یا خیر المحبوبین يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ

رجوع خلق

يَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ اول آخر دس دس (۱۰،۱۰) بار درود شریف۔ خدا کے فضل و کرم سے تمام لوگ تابع رہیں گے۔ کوئی وقت معین نہیں۔ کوئی سا بھی وقت مقرر کر لے۔ مجرب المجرب ہے۔

ہر قسم تسخیر کے لئے مجرب عمل

عمل اسم باری تعالیٰ (اللہ) تسخیر کے لئے مجرب ہے۔ اگر چاہیں کہ کسی کو دوست اور مسخر بنائیں یا کسی امیر سے نفع حاصل کرنا ہو تو چاہیے کہ عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ کے روز اس عمل کو شروع کریں۔ اس ترتیب سے کہ رات کے وقت دوزانو رو بقبلہ ہو کر بیٹھیں اور اپنی آنکھیں بند کریں۔ پہلے گیارہ (۱۱) بار آیۃ الکرسی العلی العظیم تک پڑھیں۔ بعدہ ایک ہزار دس (۱۰۱۰) مرتبہ اسم ذات مع عبارت کے پڑھیں اور اپنے مطلوب کو سامنے دست بستہ کھڑا ہوا تصور کریں۔ جب اسم تمام ہو جائے، اس کے سینہ پر دم کریں۔ اور اپنے دل میں اشارہ کریں کہ میرا مطیع ہو جا۔ اسی طرح پندرہ روز تک بدستور پڑھیں۔ اگر ممکن ہو تو کسی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ ان شاء اللہ مطیع اور فرمانبردار ہو جائے گا۔

اگر اس اسم کی زکوٰۃ چالیس (۴۰) روز تک ہر روز ہزار، ہزار (۱۰۰۰،۱۰۰۰) بار پڑھیں تو اس مبارک اسم کے عامل ہو جائیں۔ پس جب وہ تسخیر میں (خواہ اپنے لئے ہو خواہ غیر کے لئے) عمل مذکور کام آتا ہے یعنی جس چیز پر دم کر کے کھلائیں یا پلائیں بڑا اثر پیدا ہو۔ زکوۃ میں آیۃ الکرسی بدستور مذکور ہر روز پڑھنی چاہیے اور جب چلہ تمام ہو تو شربت پر دم کر کے پیغمبر پاک کی روح مبارک پر فاتحہ دیں اور تھورا تھوڑا وظیفہ جاری رکھیں تا کہ ہمیشہ عمل میں رہے۔ اسم ذات کے ساتھ یہ عبارت پڑھنی ہوگی یا مقلب القلوب قلب قلبه الی اور اگر عورت ہو تو کہیں قلبها الی۔

تسخیر عام

تسخیر عام کے لئے ذیل کا عمل بعد نماز فجر ایک سو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھنا بے حد مجرب ہے۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ لِی ھٰذَا الْبَلَدَ وَ الرِّجَال۔

خوشبو کا عمل

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿سُوْرَۃُ صٓ: ۳۴﴾

اس آیت کو ۶۷۸ (چھ سو اٹھتر) مرتبہ پڑھ کر چنبیلی کے تیل پر دم کر کے جسے وہ تیل سنگھائے گا وہ مسخر ہو جائے گا۔

بادشاہ اور حکام کو تابع کرنا

بادشاہ، حکام اور روسا و امراء کے تابع کرنے کے لئے "یا رحمن کل شیء ورا حمه" تین دن تک برابر ہر روز پانچ سو بار (۵۰۰) پڑھے اور چوتھے دن غسل کر کے ہزار مرتبہ (۱۰۰۰) پڑھے اور اپنی ہتھیلی پر لکھے۔ اور امیر کے پاس جا کر اس کے سامنے اکیاون بار (۵۱) پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ محبت سے پیش آئے گا۔

کسی کو بھی مسخر کرنا یا اپنی طرف رجوع کرنا

اگر کسی کو مسخر کرنا ہو تو ہر روز ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ اس آیت اور اسماء کو پڑھ کر شیرینی یا پھولوں پر دم کریں اور محبوب کو کھلائیں یا سنگھائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا، مجرب و آزمودہ ہے۔ آیت اور اسماء یہ ہیں: واللہ المستعان علی ما تصفون یا رفیق یا شفیق نجنی من کل ضیق

تسخیر عام و خاص مجرب المجرب

جو شخص لوگوں کے قلب میں اپنی محبت عظمت و ہیبت ڈالنا چاہے تو اس دعا کو پڑھے۔ یہ دعا حضرت سیدنا ابوالحسن شاذلی قدس سرہ سے منقول ہے۔

یا اللہ ۳ یا رب ۳ یا رحمن ۳ یا رحیم ۳ لاتکلنی الی نفسی فی حفظ ما ملکتنی کما انت املك به منی و امددنی بدا قائق اسمك الحفیظ الذی حفظت به نظام الموجودات و اکسنی بدرع من کفایتك و قلدنی نصرك و حمایتك و توجنی بتاج عزك و کرمك وردانی برداء منك ورکبنی مرکب النجاۃ فی المحیا و بعد الممات بحق فجش امته دنی بد قائق اسمك القهار تدفع به عنی من ارادنی سوء من جمیع الموذیات و تولنی بولایة العز تخضع لی بها کل جبار عنید و شیطان مرید یا عزیز یا جبار ۳ مرتبہ اللهم الق من زینتك و من محبتك و کرامتك و من نعوت ربوبیتك بها تهویه القلوب و تذل به

محبت زوجین اور ناچاقی

جس شخص سے اس کا بادشاہ یا آقا خفا ہو گیا ہو یا زوجین میں ناچاقی ہو گئی ہو۔ تو ملاقات کے وقت پوشیدہ طور پر ان آیات کا ورد رکھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد کامیاب ہوگا۔

وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۚ وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ﴿سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ: ۱۵۴﴾

پھر یہ پڑھے:

اطفات غضب کذا و کذا بلا اله الا الله و استجبت مودته بمحمد رسول الله صلی الله علیه وسلم۔

صرف پریشان حال ہی پڑھیں!!

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ میں اکثر رابطہ کرنے والی خواتین بیچاری غم کی ماری اپنے خاوند کی بے وفائی اور بے انتہائی ہرجائی پن کی شکایات لے کر حاضر ہوتی ہیں۔شوہر کے ظلم کی داستانیں، ہر وقت کی مار پیٹ ، گالم گلوچ، خرچہ نہ دینا، انٹرنیٹ میں ہر وقت مصروف رہنا، غیر عورتوں سے ناجائز تعلقات، اکثر رات کو گھر سے غائب رہنا، رات کو گھر لیٹ آنا، نشے پر لگ جانا، اگر گھر میں ہے تو سارا سارا دن اور رات بھر مختلف لڑکیوں سے فون پر بات کرتے رہنا، بچوں کی تعلیم کی طرف توجہ نہ دینا، بچیاں جوان ہیں، ان کی شادی وغیرہ کی طرف بالکل عدم دلچسپی، بیوی کا زیور تک بیچ کر ناجائز کاموں میں لگا دینا۔ بہت ساری نہیں تو بعض بیچاری خودکشی تک کیلئے مجبور ہو گئیں، ان کے مظالم کی داستانیں سن کر دل بہت غمگین ہوتا ہے، چونکہ ہم بھی بہنوں والے ہیں، اللہ تعالیٰ ہماری سب بہنوں کی تمام پریشانیاں دور فرمائیں۔ ایسی بے شمار بہنوں کے خطوط دارالعمل چشتیہ میں آتے ہیں۔ الحمدللہ اکثر بہنوں کے تمام مسائل حل ہو گئے اور اب راضی خوشی اپنے شوہر کے ساتھ پہلے سے زیادہ محبت کے ساتھ زندگی بسر کر رہی ہیں، ہماری جو بھی پریشان حال بہنیں ہیں وہ آج ہی سے نماز کی پابندی فرمائیں چونکہ جب اللہ تعالیٰ راضی ہو جائیں گے تو ہمارے سب کام سنور جائیں گے۔

روزانہ 2 رکعت نماز صلوٰۃ الحاجت پڑھیں، پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی پڑھیں اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پڑھیں، سلام پھیرنے کے بعد یا ھادی ایک سانس میں لگاتار پڑھیں، سانس ٹوٹنے پر سجدے میں جا کر اپنے رب سے اپنی تمام پریشانیوں سے نجات کی دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ اس عمل سے بہت جلدی آپ کی تمام پریشانیاں ختم ہو جائیں گی، تمام بہنوں کو اس کی اجازت ہے، اس سلسلے میں اپنی تمام بہنوں کو ہم ایک خاص تعویذ تیار کر کے دیتے ہیں۔ تعویذ کیلئے دارالعمل چشتیہ تشریف لائیں، یا بذریعہ فون وغیرہ منگوانے کا طریقہ پوچھ لیں۔

بہت ساری بہنوں کے مسائل حل ہوئے، انہوں نے شکریہ کے خطوط لکھے، ان کے خطوط بھی عنقریب چھاپنے کا سلسلہ شروع کیا جا رہا ہے۔

قوت حافظہ میں اضافہ

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب مدظلہ فرماتے ہیں کہ قوت حافظہ کے لئے ہر فرض نماز کے بعد تین (۳) مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھا کریں۔اور صبح کو نہار منہ ایک گلاس پانی پر سات (۷) مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھ کر دم کر کے پی لیا کریں۔

اگر قوت حافظہ زیادہ متاثر ہوگئی ہو تو گیارہ دن تک یہ عمل کریں کہ تین (۳) چینی کی پلیٹوں پر گلاب و زعفران سے ایک ایک مرتبہ سورۃ الم نشرح لکھیں اور بارش کے پانی سے انہیں دھو کر ایک پلیٹ نہار منہ، ایک پلیٹ عصر و مغرب کے درمیان اور ایک پلیٹ سوتے وقت پیا کریں۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے قوت حافظہ میں زبردست اضافہ ہوگا۔ اور آپ جو بھی یاد کریں گی وہ یاد رہے گا۔ اور قوت حافظہ کے ساتھ ساتھ قوتِ ادراک بھی بڑھے گی۔

قوت حافظہ متاثر ہو جانے کی کوئی خاص وجہ نہیں ہے بلکہ آج کل غذائیں اس طرح کی چل رہی ہیں جو انسان کے تمام اعصاب کو نقصان پہنچا رہی ہیں۔ خصوصاً اعضائے رئیسہ کی قوتیں مروجہ غذاؤں سے پامال ہو رہی ہیں۔ اگر غذاؤں میں ملاوٹ کا یہی حال رہا تو خدا ہی جانے انسانی زندگیوں کا کیا حشر ہوگا۔

بنتِ حوا اور بازارِ حُسن

کفایت حسین

یہ پوسٹ خاص طور پر ان جاہل مردوں کے لئے ہے جو بیٹی کی پیدائش کو جرم سمجھتے ہیں!!!!

ماں مجھے بیچ دو! دنیا میں کسی بھی ماں کے لئے ایک بیٹی کی منہ سے نکلے ہوئے یہ الفاظ یقیناً ناقابل برداشت ہیں اور ایسا کرنا تو رہا دور کی بات کوئی بھی ماں اپنی اُولاد کے لیے ایسا سوچ بھی نہیں سکتی۔ لیکن کیا بھوک، غربت، بے بسی اور لاچاری ایک بے بس ماں کو ایسا کرنے پر مجبور کرسکتی ہے، شاید میں یہ کالم نہ لکھتا اگر میرا قریبی دوست عزیز الرحمان شاکر حاصل پور سے کال کر کے مجھے سلیم کی بے حسی اور زرین کی بے بسی کی داستان نہ سناتا۔ اپنے دوست کی زبانی سارا واقعہ سننے کے بعد میں اپنے آپ کو لکھنے سے روک نہ سکا کیونکہ میں چاہتا ہوں کہ میں اس تحریر کے ذریعے سلیم کی حیوانیت کا پردہ فاش کروں تا کہ سلیم جیسے انسانی کھال میں چھپے ہوئے بھیڑیوں کے اصلی چہرے دنیا کے سامنے بے نقاب ہوسکیں۔

ضلع بہاولپور کے ایک چھوٹے سے قصبے قائم پور میں رہنے والا سلیم ایک نہایت ہی لالچی انسان تھا۔ اسے بیٹیوں سے سخت نفرت تھی۔ اس کا یہ سوچنا تھا کہ بیٹیوں کی اچھی پرورش اور تعلیم پر پیسہ خرچ کرنا بالکل فضول اور نقصان ہے کیونکہ بیٹیوں کو اچھی تعلیم دینے کا فائدہ صرف ان کو ملتا ہے جہاں وہ بیاہ کر جاتی ہیں جبکہ بیٹوں کی پرورش پر پیسہ خرچ کرنا ایک اچھی انوسٹمنٹ ہے جو والدین کو ان کے بڑھاپے میں سود سمیت واپس مل جاتی ہے۔ ایسی گھٹیا سوچ رکھنے والا صرف سلیم ہی نہیں ہے بلکہ ایسے بے شمار لوگ ہمارے معاشرے میں موجود ہیں جو انسانیت کے ماتھے پر بدنما داغ ہیں۔

سلیم کی جب شادی ہوئی تو اس نے اپنی بیوی زرین کو پہلے ہی سے آگاہ کردیا کہ اسے بیٹیوں سے سخت نفرت ہے، اس لئے اسے بیٹا ہی چاہیے لیکن شاید وہ بدبخت یہ نہیں جانتا تھا کہ بیٹا یا بیٹی کا پیدا ہونا انسان کے ہاتھ میں نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اور اُس کی مرضی کے بغیر کچھ بھی نہیں ہوسکتا ہے پھر ایسے میں کسی انسان کو قصوروار ٹھہرانا سراسر جہالت اور کفر ہے۔ سلیم بھی ایسے جاہلوں میں سے ایک تھا کیونکہ جب اللہ تعالیٰ نے سلیم کے گھر اپنی رحمت بھیجی یعنی اس کے گھر بیٹی پیدا ہوئی تو اس نے پورا گھر سر پر اُٹھا لیا، بیوی پر تشدد کیا اور نفرت کی انتہا دیکھئے کہ اس بدبخت انسان نے اپنی پہلی اُولاد اپنی بیٹی کو دیکھنا بھی گوارہ نہ کیا۔ تقریباً تین چار ماہ بعد گھر کے بڑے بزرگوں اور دوستوں کے سمجھانے پر اس کا غصہ ٹھنڈا ہوا اور بڑی مشکل سے اس نے اپنی بیٹی کو اپنایا اور وہ بھی اس سوچ کے ساتھ کے شاید اگلی بار بیٹا پیدا ہوجائے۔

لیکن خدا کو کچھ اور ہی منظور تھا کیونکہ اس بار بھی اس کی خواہش کے برعکس اس کے گھر ایک نہیں بلکہ جڑوا بیٹیاں پیدا ہوئیں لیکن اس بار جو سلیم نے کیا اس نے حیوانیت کو بھی شرمندہ کردیا پہلے تو اس نے اپنی بیوی پر اتنا تشدد کیا کہ وہ بے ہوش ہوگئی لیکن اس کے غصے کی آگ تب بھی ٹھنڈی نہ ہوئی تو اس حیوان صفت ظالم انسان نے نومولود بے گناہ بچیوں کے منہ پر تماچے مارنا شروع کردیئے۔ معزز قارئین یہ الفاظ لکھتے ہوئے بھی میرے ہاتھ کانپ رہے ہیں لیکن جن کے ساتھ اور جن کے سامنے یہ سارا واقعہ پیش آیا ہوگا، ان پر کیا بیتی ہوگی شاید میں وہ الفاظ میں بیان نہیں کرسکتا۔ اس حیوان کی اس کی اس حرکت کی وجہ سے پورے محلے میں کہرام برپا ہوگیا اور ہر کوئی اسے ایسا کرنے پر لعنتیں دے رہا تھا لیکن یہ کمینہ اپنی درندگی سے پھر بھی بعض نہ آیا اور اس نے غصے میں بہک کر اپنی بیوی کو طلاق دے دی جس کا قصور صرف یہ تھا کہ اس نے تین بیٹیوں کو پیدا کیوں کیا۔

طلاق دینے کے بعد اس خبیث نے زرین کو اسی وقت تینوں بیٹیوں کے ساتھ اس کے گھر سے نکل جانے کو کہا اور دھمکی دی کہ اگر ابھی ابھی وہ اس کے گھر سے نہ گئی تو وہ اس کو بیٹیوں سمیت زندہ جلا دے گا۔ زرین بیچاری تو ابھی اس قابل بھی نہ تھی کہ سہارے کے بغیر بستر سے بھی اُٹھ سکے اور پھر ساتھ تین تین معصوم بچیاں ایسی حالت میں وہ کہاں جاتی اور کیسے جاتی۔

خیر چند نیک دل محلے داروں نے زرین اور اس کی بیٹیوں پر ترس کھایا اور ان کو سلیم کے ظلم سے محفوظ رکھنے کے لئے اپنے گھر لے گئے۔ کچھ عرصے کے بعد جب زرین کی حالت کافی بہتر ہوگئی تو زرین نے ان محلے داروں کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے مصیبت میں اس کا ساتھ دیا اور مدد کی تھی۔ زرین وہاں سے اپنے ایک چچازاد بھائی کے گھر پہنچی اور اسے ساری صورتحال بتائی جو کچھ اس کے ساتھ ہوا تھا لیکن بھائی نے بھی اُسے دلاسہ دینے کے بجائے زرین کو ہی بُرا بھلا کہنا شروع کر دیا۔

زرین کے بھائی اور اس کی بھابھی کا رویہ اس قابل نہ تھا کہ زرین کچھ عرصے یہاں پر رہ جاتی۔ لہٰذا زرین نے اپنے بھائی کا گھر بھی چھوڑ دیا۔ اب بے یارومددگار بیچاری زرین جاتی تو کہاں جاتی، کوئی بھی تو سہارا نہیں بچا تھا کیونکہ زرین کے ماں باپ تو پہلے ہی اس دنیا فانی سے کوچ کر چکے تھے، ایک بھائی کا سہارہ تھا لیکن اس نے بھی آنکھیں پھیر لیں۔ یہ ایک ماں کے لئے سب سے بڑا امتحان تھا کیونکہ زرین بالکل خالی ہاتھ تھی اور یہ غم اندر اندر اسے کاٹ رہا تھا کہ وہ تین تین بچیوں کی پرورش کیسے کرے گی اور بچے بھی اتنے چھوٹے تھے کہ انہیں کہیں چھوڑ کر وہ کوئی کام بھی نہیں کر سکتی تھی۔ اب زرین کے پاس بس ایک ہی راستہ بچا تھا جس سے وہ اپنے بچوں کا پیٹ پال سکتی تھی اور وہ راستہ زرین کو بُرائی کی ایسی دلدل میں لے گیا جہاں سے وہ پھر کبھی واپس نہ آسکی۔

زرین اس بازارِ حُسن میں جا پہنچی تھی جہاں ہر روز وہ خود کو بیچ کر اپنی اولاد پالتی رہی۔ اب اسی بازار میں زرین کو پندرہ سال ہو چکے تھے لیکن زرین کی مصیبتیں ختم ہونے کو نہ تھیں اب زرین کی جوانی بھی بڑھاپے کی دہلیز پر قدم رکھ چکی تھی اور اس کی جوانی ڈھلنے کے ساتھ ساتھ اس کی آمدن میں بھی کمی آنا شروع ہوگی تھی لیکن اب اخراجات پہلے سے کہیں زیادہ ہو چکے تھے کیونکہ اب اس کی دو جڑوا بیٹیاں چودہ چودہ سال اور بڑی بیٹی سترہ سال کی ہوگئی تھی لیکن اب زرین کے لئے آہستہ آہستہ اس بازارِ حُسن کے دروازے بھی بند ہونا شروع ہو گئے تھے اور حالات پھر فاقوں پر آ گئے زرین کی بڑی بیٹی اب کافی سیانی ہوگئی تھی وہ اپنی ماں کی پریشانی سمجھ سکتی تھی، اس لئے اسے دلاسے دیتی کہ آپ فکر نہ کریں سب ٹھیک ہو جائے گا اور ساتھ میں اپنی چھوٹی بہنوں کو بھی سمجھاتی رہتی۔ زرین کی بڑی بیٹی اپنی ماں کے بارے میں سب کچھ جانتی تھی کہ وہ کیا کرتی ہے کیونکہ یہ اکثر دیکھتی تھی کہ ہر روز شام سات آٹھ بجے اس کی ماں تیار ہوکر گھر کے دروازے پر بیٹھ جایا کرتی تھی پھر کوئی نہ کوئی اسے پیسے دیتا اور اپنے ساتھ لے جاتا لیکن اب وہ دیکھتی تھی کہ کئی کئی گھنٹے تک اس کی ماں سج دھج کر بیٹھی رہتی تھی لیکن کوئی بھی اسے ساتھ لے کر نہیں جاتا تھا۔ جبکہ اس کی ماں سے جوان اور خوبصورت عورتوں کو لوگ اپنے ساتھ بڑی جلدی لے جاتے تھے۔

پھر ایک دن جیسے ہی زرین روز کی طرح اپنے دروازے پر آ کر بیٹھی تھوڑی ہی دیر بعد اس کی بغل میں ایک اور لڑکی بھی آ کر بیٹھ گئی جب زرین نے اس لڑکی کو غور سے دیکھا تو وہ کوئی اور نہیں بلکہ اس کی بڑی بیٹی تھی، جو اسی طرح سج دھج کر آئی ہوئی تھی جیسے جوانی میں وہ خود خوبصورت ہوا کرتی تھی۔ زرین نے اپنی بیٹی کو دیکھ کر غصے سے کہا تم یہاں کیوں آئی ہو اور یہ میک اپ کیوں کیا ہے، زرین کی بیٹی کی آنکھوں میں آنسوں تھے اور ڈرتے ڈرتے ماں سے بولی! اماں میں سب جانتی ہوں آپ کیا کرتی ہیں، میں آپ کو کئی دنوں سے دیکھ رہی ہوں کہ آپ یہاں پر کئی کئی گھنٹے بیٹھی رہتی ہیں، آپ کو کوئی بھی اپنے ساتھ نہیں لے جاتا لیکن جب آپ جوان اور خوبصورت تھیں تو آپ کو یہ لوگ بہت جلدی لے جاتے تھے۔

اماں آپ نے ہمارے لئے بہت کچھ کیا ہے، آپ خود تو بھوکی رہتی ہیں لیکن ہمارے لئے جیسے بھی ہو ہمیں بھوکا نہیں سونے دیا لیکن میں جانتی ہوں کہ اب دن بدن ہمارے حالات مزید خراب ہوں گے اور پھر میری چھوٹی بہنیں بھی تو بڑی ہو رہی ہیں، اس لئے ماں اب یہ سارا بوجھ آپ اکیلی نہیں اُٹھائیں گی، میں آپ کا ساتھ دوں گی۔ میں میک اپ کر کے اس لئے آئی ہوں کہ اگر آج یہ لوگ آپ کو نہیں خرید رہے ہیں تو آج آپ اپنی جگہ پر ماں مجھے بیچ دو۔ میں آپ کو اس طرح دکھی اور اپنی بہنوں کو بھوک سے مرتے ہوئے نہیں دیکھ سکتی۔ بیٹی کے منہ سے یہ باتیں سن کر زرین نے زور زور سے رونا شروع کر دیا اور اپنی بیٹی سے کہا تم نے آج مجھے جیتے جی مار ڈالا۔ مجھے

جتنا دکھ تمہاری یہ بات سن کر آج پہنچا ہے اتنا دکھ اس وقت بھی نہیں ہوا تھا جب تمہارے باپ نے مجھے طلاق دی تھی۔ بیٹی آج تو نے یہ باتیں کر کے میری ساری محنت رائیگاں کر دی۔ کیا میں نے یہی دن دیکھنے کے لئے اتنی تکلیفیں اٹھائی تھیں اور اگر آج میں نے تمہیں اس راستے پر چلنے دیا تو پھر تمہاری ماں کی ہار اور تمہارے اس باپ کی جیت ہوگی جس نے مجھے صرف اس لیے طلاق دی تھی کہ میں نے بیٹیاں کیوں پیدا کی ہیں اور اگر تم اس راستے پر چلتی ہو تو پھر یاد رکھو کہ کبھی کوئی بھی ماں بغیر باپ کے بیٹیوں کی پرورش نہیں کرے گی۔ تمہارا اس راستے پر چلنا نہ صرف میری ہار نہیں بلکہ ایک ماں اور ایک عورت کی ہار ہے۔ زرین کی باتیں سن کر بیٹی ماں کے سینے سے لپٹ کر رونے لگتی ہے اور ماں کا آنچل تھامے گھر کے اندر چلی جاتی ہے۔

آج تو زرین نے اپنی سترہ سال کی جوان بیٹی کو بازارِ حُسن میں بکنے سے بچالیا لیکن کل کیا ہوگا؟ یہ ایک سوالیہ نشان ہے لیکن میرا ضمیر مجھے ملامت کرتا ہے اور مجھ سے یہ سوال کرتا ہے کہ کیا بازار حسن میں بکنے والی ہر عورت اپنی مرضی اور خوشی سے اپنے آپ کو بیچتی ہے، نہیں ایسا بالکل نہیں ہوسکتا کیونکہ وہ عورت جو اگر ماں ہے تو اس کے قدموں تلے جنت ہے، بیٹی ہے تو باعث رحمت ہے، بہن ہے تو عزت کی علامت ہے اور اگر بیوی ہے تو نسلوں کی محافظ ہے۔ اتنے عظیم رتبوں کی مالک حوا کی بیٹی کیسے بازارِ حُسن کی زینت بن جاتی ہے۔ اگر حوا کی بیٹی گھر کی عزت سے بازار حسن کی زینت بنتی ہے تو اس کے ذمہ دار ہم اور ہمارا معاشرہ ہے کیونکہ ہم ہی میں سلیم جیسے بھیڑیئے چھپے ہوئے ہیں جو عورت کو پاؤں کی جوتی سمجھتے ہیں اور بیٹیوں کو باعث زحمت اور سلیم جیسے ہی بے حس اور بے ضمیر مردوں کی ڈسی ہوئی زرین جیسی عورتیں مجبور ہو کر اس بازار میں بکنے پر مجبور ہو جاتی ہیں اور باقی کی رہی سہی کسر ہمارے معاشرے کی پیدا کردہ بیہودہ رسومات نے پوری کر دی ہے۔

جیسا کہ ہمارے معاشرے میں تیزی سے پھیلتی ہوئی جہیز کی لعنت ہے اور بیٹیوں کے پیدا ہونے سے نفرت کرنے والے لوگوں کی یہ بھی ایک اہم وجہ ہے اور اسی لعنت کی وجہ سے ہی آج بیٹی کو رحمت نہیں بلکہ زحمت سمجھا جاتا ہے۔ انسانی کھال میں چھپے ہوئے آج بھی بے شمار سلیم جیسے بھیڑیئے ہمارے معاشرے میں موجود ہیں جو صرف بھاری جہیز کے عوض شادیاں کرتے ہیں اور شادی کے بعد صرف بیٹے کی ہی پیدائش چاہتے ہیں کیونکہ ایسے لوگ شادی نہیں صرف بزنس کرتے ہیں اور یہ ایک نہیں بلکہ بے شمار شادیاں کرتے ہیں، ایسے بے ضمیر لوگوں سے بچنے کے لیے ہر والدین کا یہ فرض بنتا ہے کہ وہ بیٹیوں کو بوجھ نہ سمجھیں۔ ان کو سر سے اتارنے کے لئے جلد بازی میں اپنی بیٹیوں کو بیاہ نہ دیں۔ اپنی بیٹیوں کی شادیاں کرتے ہوئے اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ اگر کوئی ان سے بھاری جہیز لینے کا مطالبہ کرے اور صرف بیٹے پیدا کرنے کی خواہش کا بھی اظہار کرے تو ایسے لوگوں سے اپنی بیٹیوں کی شادیاں مت کریں کیونکہ ایسے لوگ شادی نہیں بلکہ بیوپار کرتے ہیں۔ بیٹیاں سب کی سانجھی ہوتی ہیں اس لئے بیٹی بیاہنے والے اور بیاہ کر لے جانے والے دونوں کو ایک دوسرے کا خیال رکھنا چاہیے۔ جہیز کے اس بڑھتے ہوئے فیشن نما لعنت کو اگر ختم نہیں کیا گیا اور اس کی کوئی حد مقرر نہ کی گئی تو پھر یاد رکھیں کل کوئی اور بیٹی زرین جیسی ماں سے یہ کہنے پر مجبور نہ ہو جائے! اماں مجھے بیچ دو۔

سوکنوں کا جھگڑا اور دوسری شادی

سید عبدالوہاب شیرازی صاحب

سعودی عرب کے ایک مشہور عالم محمد الامین الشنقیطی فرماتے ہیں:

بعض ملحد اور دشمنان دین کا دعویٰ ہے کہ ایک سے زائد بیویاں رکھنے کے نتیجے میں بیویوں میں کچھ جھگڑا فساد ہوتا ہے، اس سے زندگی کی رونق (اور مزا) کرکرا ہوجاتا ہے کیونکہ مرد جب کسی ایک زوجہ کو خوش کرنے کی کوشش کرتا ہے تو دوسری ناراض ہوجاتی ہے، دوسری کو خوش کرنا چاہتا ہے تو پہلی ناراض ہوجاتی ہے، یوں وہ ہمیشہ دوناراضیوں میں سے ایک کا بہرحال شکار رہتا ہے اور خود کو ایسی پریشانی میں مبتلا کرنا حکمت اور مصلحت کا کام نہیں۔۔۔۔جو لوگ اس بنیاد پر تعدد زوجات کی مخالفت کرتے ہیں، ان کا کلام ایسا ساقط اور کمزور ہے کہ جس کا لغو اور بے کار ہونا کسی عقلمند پر مخفی نہیں، کیونکہ ایک گھر میں آپس میں نوک جھوک اور جھگڑے ایک ایسا کام ہے جس سے فرار کا کوئی راستہ ہی نہیں، بعض مرتبہ مرد کے اپنی اکلوتی بیوی سے اختلافات اور لڑائی جھگڑے شروع ہوجاتے ہیں، الغرض گھر کے مختلف افراد کی آپس میں نوک جھوک اور جھگڑے کو معاشرے میں ایک معمول کی بات سمجھا جاتا ہے اور ان اختلافات کو بہت زیادہ اہمیت نہیں دی جاتی، چنانچہ ایک سے زائد بیویاں رکھنے میں جو کچھ فسادات واختلاف ہوتے ہیں، ان فسادات واختلافات کی ان مصلحتوں کے مقابلے میں کچھ حیثیت نہیں جو مصلحتیں اس سنت پر عمل پیرا ہونے کے نتیجے میں حاصل ہوتی ہیں۔

مثلاً متعدد عورتوں کی کفالت اور ان کو عفت و پاکدامنی کی زندگی میسر ہونا، قوم کی تمام عورتوں میں سے ہر ایک عورت کے لئے ایک اچھے مرد سے نکاح کا حصول باآسانی ممکن ہوجاتا ہے، بچوں کی شرح پیدائش میں اضافہ تاکہ امت اپنی کثرت کے باعث (مختلف شعبوں میں) دشمنان اسلام کے سامنے ٹھہر سکے، الغرض (یہ اور اس جیسی اور) بڑی بڑی مصلحتوں اور فوائد کے مقابلے میں سوکنوں کے آپس کے جھگڑوں جیسے فسادات کچھ معنی نہیں رکھتے۔ لہٰذا ہم یہ فرض بھی کرلیں سوکنوں کے جھگڑے فساد کا سبب ہیں یا دوسری شادی کے نتیجے میں پہلی بیوی کو جو کچھ تکلیف ہوتی ہے تو بیوی کو ایسی تکلیف پہنچانا بھی فساد کا سبب ہے تو شریعت کی نظر میں ترجیح اس بات کو ہے کہ بڑی بڑی مصلحتوں کی خاطر ان چھوٹے فسادات کو برداشت کیا جائے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ مثلاً انگور سے شراب نچوڑی جاتی ہے جو تمام برائیوں کی جڑ ہے مگر انگور سے جو بڑے بڑے فوائد حاصل ہوتے ہیں ان کے پیش نظر انگور کے وجود کو برقرار رکھنا ہی مناسب سمجھا جاتا ہے اور شراب کے نقصانات کو دیکھ کر انگور کے وجود ہی کو ختم کرنے کی کوشش نہیں کی جاتی۔

پس قرآن نے مرد کے لئے ایک سے زیادہ بیویاں رکھنے کو حلال قرار دیا، عورتوں کی مصلحت کی خاطر تاکہ کوئی مرد ایک بیوی پر اکتفا کر کے نکاح سے وابستہ بہت سی مصلحتوں سے محروم نہ رہ سکے۔ اور اجتماعی سطح پر امت کی مصلحت کی خاطر تاکہ شرح پیدائش میں اضافہ کے باعث امت کی تعداد میں اضافہ ہو اور امت کے لئے (بذریعہ جہاد) اللہ کے کلمہ کو پوری دنیا میں بلند کرنا ممکن ہو۔

